★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | پیر 11 رجب المرجب 1446ھ، 13 جنوری 2025ء 26 پوہ 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 86

مریم نواز نے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کیلئے 62 ارب روپے کی منظوری دیدی

چاہتی ہوں ہر بے گھر کے پاس اپنی چھت ہو، اپنا گھر ہر شہری کا بنیادی حق' وزیر اعلیٰ کی اپنی چھت اپنا گھر پروگرام سے متعلق قرض دینے کا عمل جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت 15 سے 20 لاکھ کرنے کی تجویز کا جائزہ لینے کا حکم

5 ہزار شہری اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت قرض لے چکے 4200 سے زائد مکان تکمیل کی طرف گامزن' روڈا' ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ کے اشتراک سے نادار خاندانوں کو بنے بنائے گھر ملیں گے' مریم نواز کو بریفنگ

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اپنی چھت اپنا گھر پروگرام سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے "اپنی چھت اپنا گھر پروگرام" کے لیے 62 ارب روپے کی منظوری دے دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں "اپنی چھت اپنا گھر" پروگرام سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔ انہوں نے مئی تک 40 ہزار افراد کو قرض دینے کا ہدف مقرر کر دیا۔ صوبائی وزیر اعلیٰ نے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام سے متعلق قرض دینے کا عمل جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی جبکہ (بقیہ نمبر 1)

سپیکر آفس کے دروازے تمام اراکین پارلیمنٹ کیلیے 24 گھنٹے کھلے ہیں، ترجمان قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر آفس کے دروازے تمام اراکین پارلیمنٹ کیلیے 24 گھنٹے کھلے ہیں۔ ترجمان قومی اسمبلی کے مطابق (بقیہ نمبر 5)

آئی جی ایف سی میجر جنرل مہر عمر نیازی کا متاثرین کی واپسی کا اعلان

جرگہ اراکین بریگیڈئر سرار وغہ عمیر نیازی کے ساتھ تاریخ کا تعین کریں، خطاب

جنوبی وزیرستان اپر (این این آئی) آئی جی ایف سی میجر جنرل مہر عمر نیازی نے متاثرین کی واپسی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ جرگہ اراکین بریگیڈئر سرار وغہ عمیر نیازی کے ساتھ تاریخ کا تعین کریں، ایک دو روز میں متاثرین کی واپسی یقینی بنائیں، کسی کو بھی جنگلات کی (بقیہ نمبر 4)

امید ہے 190 ملین پاؤنڈ کا فیصلہ حقائق کی بنیاد پر سنایا جائے گا، خواجہ آصف

190 ملین پاؤنڈ حکومت اور عوام کا پیسہ تھا، برطانیہ نے حکومت کو پیسے بھجوائے، بانی پی ٹی آئی نے بند لفافے میں کابینہ سے اس کی منظوری لی

القادر یونیورسٹی میں کیا تعلیم دی جاتی ہے، میڈیا جا کر دیکھے، پی ٹی آئی دور حکومت میں لوٹ مار عروج پر تھی، وزیر دفاع کی میڈیا سے گفتگو

سیالکوٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ امید ہے 190 ملین پاؤنڈ کا فیصلہ حقائق کی بنیاد پر سنایا جائے گا۔ سیالکوٹ میں تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ 190 ملین پاؤنڈ حکومت اور عوام کا پیسہ تھا، برطانیہ نے حکومت کو پیسے بھجوائے، بانی پی ٹی آئی نے بند لفافے میں کابینہ سے اس کی منظوری لی، پیسے خزانے کے بجائے کاروباری (بقیہ نمبر 6)

پنجاب حکومت نے گندم 4 ہزار فی من نہ خریدی تو آئندہ فصل نہیں ہوگی، چیئرمین کسان اتحاد

وفاقی حکومت بھی پاسکو کو ختم کرنے جارہی، موسمیاتی تبدیلی کے باعث اس سال گندم کی پیداوار کم ہوگی، حکومت کو گندم امپورٹ کرنی پڑے گی' خالد حسین باٹھ

پنجاب حکومت نے ہمارا کوئی مطالبہ پورا نہیں کیا، گنے کا ریٹ بھی شوگر مل مالکان کی مرضی سے طے ہوا' کسان تنظیموں کے عہدیداروں کے ہمراہ پریس کانفرنس

ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین کسان اتحاد خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے گندم 4 ہزار فی من نہ خریدی تو گندم کی آئندہ فصل نہیں ہوگی۔ ملتان میں کسان تنظیموں کے عہدیداروں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے چیئرمین کسان اتحاد خالد حسین باٹھ نے کہا کہ وفاقی حکومت بھی پاسکو کو ختم کرنے جارہی ہے، موسمیاتی تبدیلی کے باعث اس سال گندم کی پیداوار کم ہوگی، (بقیہ نمبر 24)

سیالکوٹ، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سابق وزیر ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان کے ہمراہ اولڈ ایج ہوم کے دورہ کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

31 جنوری تک جوڈیشل کمیشن بنایا جائے

پی ٹی آئی مذاکراتی کمیٹی

بانی پی ٹی آئی سے کنٹرولڈ ماحول میں ملاقات کرائی گئی' عمران خان جوڈیشل کمیشن کے قیام کے مطالبے پر مکمل یکسو' کسی کا 'ہینڈ پک' فیصلہ قطعاً قابل قبول نہیں' مذاکرات کو منطقی انجام تک پہنچانا ہے تو حکومت فیصلہ سازی کا اختیار ظاہر کرے

ابھی تک مذاکرات میں پیشرفت نہیں ہوسکی، تیسری میٹنگ میں حکومتی مذاکراتی کمیٹی کو پیشرفت کرنا ہوگی، دو مطالبات تحریری شکل میں فراہم کر دیں' عمران خان سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کے بعد صاحبزادہ حامد رضا کی میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی کی اتحادی جماعت سنی اتحاد کونسل کے سربراہ حامد رضا نے کہا ہے کہ عمران خان نے واضح کیا کہ 9 مئی اور 26 نومبر پر جوڈیشل کمیشن نہ بنا تو مذاکرات آگے نہیں بڑھیں گے۔ عمران خان سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کے بعد مذاکراتی ٹیم کے (بقیہ نمبر 32)

شمالی وزیرستان: سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 9 خوارج ہلاک

سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے دو علاقوں میں 11 اور 12 جنوری کی درمیانی شب کارروائیاں کیں

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی فورسز کے شمالی وزیرستان میں دو علیحدہ علیحدہ آپریشنز کے دوران 9 خوارجی دہشت گرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق گیارہ جنوری کو سکیورٹی فورسز نے خوارج کی موجودگی کی انٹیلی جنس بنیاد پر ملنے والی اطلاع کے بعد دوسالی کے علاقے میں آپریشن کیا اور دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز سے نشانہ بنایا۔ فائرنگ (بقیہ نمبر 2)

مذاکراتی کمیٹی کی بانی پی ٹی آئی سے دو گھنٹے طویل ملاقات

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے کمیٹی سے پہلے عمران خان سے ون آن ون ملاقات کی

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر اعظم عمران خان سے مذاکراتی کمیٹی کی ملاقات ہوئی جو دو گھنٹے سے زائد جاری رہی۔ اطلاعات کے مطابق مذاکراتی کمیٹی کی ملاقات سے قبل وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے بانی پی ٹی آئی سے ون آن ون ملاقات کی، علی امین گنڈاپور مکمل سرکاری پروٹوکول کے سا (بقیہ نمبر 33)

پاکستان کو ٹی 20 ویل چیئر کرکٹ ایشیا کپ کی میزبانی مل گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان کو تیسرے ٹی 20 ویل چیئر کرکٹ ایشیا کپ کی میزبانی مل گئی۔ انٹرنیشنل کونسل آف (بقیہ نمبر 31)

پی ٹی آئی کے لوگ خود نہیں چاہتے کہ ان کا لیڈر جیل سے باہر آئے: عظمیٰ بخاری

فتنے اور فتنہ پارٹی کی مکاریاں اور عیاریاں قوم بخوبی سمجھ چکے ہیں، جس کی فطرت میں ڈنگ مارنا ہو اس سانپ کو دودھ پلانے کی ضرورت نہیں ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والوں کا لیڈر جیل میں بیٹھا انتشار پھیلانے کا منصوبہ کرتا ہے، چیلے باہر مگر مچھ کے آنسو بہاتے ہیں۔ کل تک جو سب کو کہتا تھا چھوڑوں گا نہیں آج وہ سب کے پاؤں پکڑ رہا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی بہن اور بیوی (بقیہ نمبر 13)

نوبیل امن انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی عالمی کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں

چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

26 ویں ترمیم میں عدلیہ کی آزادی کو سلب کیا گیا، بیرسٹر سرفراز

کراچی (این این آئی) سول سوسائٹی کی نمائندہ تقریب میں وکلا برادری کے (بقیہ نمبر 7)

چوہنگ میں مبینہ زیادتی کے بعد خاتون قتل کر دیا گیا، تین ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) چوہنگ میں مبینہ زیادتی کے بعد خاتون کو قتل کر دیا گیا (بقیہ نمبر 9)

پنجاب اسمبلی کا اجلاس (آج) دوبارہ شروع ہوگا

تین مسودات قوانین، 10 آڈٹ رپورٹس بھی پیش کی جائیں گی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا اجلاس دو روز کے وقفے کے بعد آج (پیر) کی دوپہر ایک بجے شروع ہوگا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری ایجنڈے کے مطابق اجلاس (بقیہ نمبر 23)

حکمران مل کر کھاتے اور مل کر موجیں کرتے ہیں، حافظ نعیم

ہمیں موقع ملا تو ملک میں عدل کا نظام نافذ کریں گے، امیر جماعت اسلامی

مردان (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکمران مل کر کھاتے ہیں اور مل کر موجیں کرتے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے دارالعلوم تفہیم القرآن (بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، شہید کانسٹیبل زبیر حسین بخاری کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

190 ملین پاؤنڈ کیس میں عمران خان سزا سے نہیں بچ سکتے، فیصل واوڈا

پی ٹی آئی نے مذاکرات کر کے فارم 47 والی حکومت کو قانونی جواز دیدیا' تحریک انصاف در در کشکول لے کر بھیک مانگ رہی ہے' سابق وفاقی وزیر

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وفاقی وزیر اور سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کیس میں عمران خان سزا سے نہیں بچ سکتے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی رہنما عمران خان کیخلاف سازشوں میں ملوث ہیں اور خود بانی کو جیل میں رکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پروپیگنڈا کیا گیا عمران خان سے بیک ڈور مذاکرات ہو رہے ہیں، کہا گیا بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ مذاکرات کو لیڈ کر رہی ہیں۔ سابق (بقیہ نمبر 19)

ملکی سیاست اسلامی نہیں بن رہی تو کیا جدوجہد چھوڑ دیں؟ فضل الرحمان

مسلم حکمرانوں سے اسلام کا تقاضا مشکل کام' سیاستدان سے کچھ بھی منوانا مشکل نہیں' عقیدہ ختم نبوت کی جنگ لڑنا ممکن نہ ہوتا اگر سیاست میں نہ آتا

جمعیت علما اسلام قومی اسمبلی میں آٹھ ممبران کے ساتھ ہے، تعداد میں کم ہونے کے باوجود ہم نے جدوجہد نہیں چھوڑی' سربراہ جے یو آئی کا خطاب

ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) سربراہ جمعیت علما اسلام مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ملکی سیاست اسلامی نہیں بن رہی تو کیا جدوجہد چھوڑ دیں؟ ملتان میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ انسان عقل سے بات سمجھتا ہے، انسانوں کے معاشرے میں اللہ (بقیہ نمبر 3)

ملتان، سربراہ جمعیت علما اسلام مولانا فضل الرحمان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سپیکر قومی اسمبلی سے عمر ایوب اور اسد قیصر کا ٹیلیفونک رابطہ

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے قومی اسمبلی (بقیہ نمبر 28)

اپوزیشن اتحاد کے حوالے سے اہم سیاسی پیش رفت

گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس (جی ڈی اے) کے سربراہ پیر صاحب پگارا سے پی ٹی آئی کا اہم رابطہ

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے لاہور میں پیر پگارا سے اہم ملاقات کی، ملاقات میں سینئر سیاستدان محمد علی درانی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پیر پگارا نے عمران خان کے لئے نیک تمناؤں اور خیر سگالی کا پیغام دیا۔ اس موقع پر بیرسٹر محمد علی (بقیہ نمبر 29)

احسن اقبال آج نارووال یونیورسٹی میں الاندلس انوویشن سنٹر کا سنگ بنیاد رکھیں گے

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال آج (پیر) 13 جنوری کو نارووال (بقیہ نمبر 27)

ژوب میں پولیس نے دہشت گردی کی کوشش ناکام بنادی

کوئٹہ (این این آئی) ژوب میں پولیس نے دہشت گردی کی کوشش ناکام (بقیہ نمبر 16)

کراچی، پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سعودیہ، امریکا اور امارات سمیت 12 ملکوں سے مزید 107 پاکستانی بے دخل

منشیات کی اسمگلنگ اور جعلی کرنسی پھیلانے کے الزامات پر کراچی پہنچنے پر 14 ڈی پورٹیز کو گرفتار کرلیا گیا

کراچی (این این آئی) امریکا، بیلجیم، سعودی عرب اور امارات سمیت 12 ملکوں سے 107 پاکستانیوں کو بے دخل کر دیا گیا جن میں سے 14 ڈیپوٹیز کو منشیات فروشی، جعلی کرنسی پھیلانے اور دیگر الزامات کے تحت کراچی میں گرفتار کرلیا گیا اور دیگر کو ان کے گھروں کو جانے کی (بقیہ نمبر 25)

سیالکوٹ، اوورسیز پاکستانی کی شادی پر بھائیوں نے 50 لاکھ روپے ہوا میں اُڑا دیے

سیالکوٹ (این این آئی) سیالکوٹ میں اوورسیز پاکستانی کی شادی پر بھائیوں نے (بقیہ نمبر 14)

آصفہ بھٹو کی گورنر خیبر پختونخوا سے ملاقات، پولیو کے بڑھتے کیسز پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی ہمشیرہ (بقیہ نمبر 15)

تربت میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق ہوگئے

کوئٹہ (این این آئی) تربت میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق اتوار کو (بقیہ نمبر 21)

کوئٹہ میں پہاڑ سے گر کر ایک شخص جاں بحق ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پہاڑ سے گر کر ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ ایدھی ذرائع کے مطابق اتوار کو کوئٹہ کے علاقے علمدار (بقیہ نمبر 20)

کراچی، گورنر سندھ کامران ٹیسوری عشائیہ سے خطاب کر رہے ہیں

کمشنر ہاؤس کوہاٹ میں پروڈکشن بونس فنڈ بارے اجلاس' اہم فیصلے کئے گئے

کوہاٹ (این این آئی) صوبائی وزیر قانون و پارلیمانی امور آفتاب عالم آفریدی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پروڈکشن بونس فنڈ (بقیہ نمبر 26)

وزیر خزانہ کی ہانگ کانگ میں سروس لانگ مارچ کی قیادت سے ملاقات

عالمی سرمایہ مارکیٹ میں مواقع تلاش کرنے کے لیے سازگار پالیسی فریم ورک کی اہمیت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے وزیر خزانہ، عزت مآب سینیٹر محمد اورنگزیب نے سروس لانگ مارچ کی قیادت، بشمول چینی چیئرمین جن یونگ شینگ اور سی ای او عمر سعید، سے اہم (بقیہ نمبر 17)

پاکستان چین پلاسٹک انڈسٹری بی ٹو بی کانفرنس اختتام پذیر

کانفرنس میں 8 پاکستانی کمپنیوں اور 44 چینی کمپنیوں نے آن لائن اور آف لائن شرکت کی

گوانگ چو (این این آئی) پاکستان چائنہ پلاسٹک انڈسٹری بی ٹو بی انویسٹمنٹ کانفرنس گوانگچو میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی، کانفرنس میں 8 پاکستانی کمپنیوں اور 44 (بقیہ نمبر 18)

پرائیویٹ ادارے بھکاری، منشیات فروشوں کو سعودی عرب نہ بھیجیں: طاہر محمود اشرفی

سعودی عرب نے کسی پاکستانی کمپنی پر پابندی نہیں لگائی، اوورسیز پاکستانی بھی پاکستانی گروپوں کے ساتھ حج کر سکتے ہیں

اسرائیلی نقشہ دہشت گردی کا نقشہ ہے' مذمت کرتے ہیں، ہمارا سب کچھ مکہ مدینہ پر قربان ہے' چیئرمین پاکستان علما کونسل

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ جمعۃ المبارک کے دن سے پرائیوٹ حجاج کی بکنگ کا سلسلہ شروع ہو چکا۔ پرائیویٹ ادارے بھکاری اور منشیات فروشوں کو سعودی عرب نہ بھیجیں۔ لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ سعودی عرب نے حج کے فوری بعد حج انتظامات شروع کر دیے تھے۔ انہوں نے کہا سعودی عرب نے کسی پاکستانی کمپنی پر پابندی نہیں لگائی، اوورسیز (بقیہ نمبر 12)

رول آف لاء کے بغیر ملک ترقی نہیں کر سکتا، شاہد خاقان عباسی

ماضی کی سب غلطیوں کا اعتراف کرتا ہوں' جہاں الیکشن چوری ہوگا وہاں سیاسی' معاشی استحکام نہیں آئیگا، ہمیں آئین پر عمل کرنا ہوگا

سیاست دانوں کو ملک بچانے کے لیے بڑے فیصلے کرنے پڑتے ہیں' ہمیں الزامات کا کھیل ختم کرنا ہوگا' سربراہ عوام پاکستان پارٹی

لاہور (این این آئی) سربراہ عوام پاکستان پارٹی شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ رول آف لاء کے بغیر ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ تھنک فیسٹیول 2025 کے آخری روز شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی کا کہنا تھا کہ جہاں الیکشن چوری ہوگا وہاں سیاسی اور معاشی استحکام نہیں آئے گا، ہمیں آئین پر عمل کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جس ملک میں رول آف لاء نہیں ہوگا وہ ترقی نہیں کر سکتا، میں ماضی کی سب غلطیوں کا اعتراف کرتا (بقیہ نمبر 30)

وزیر خزانہ کی ہانگ کانگ میں ایشین فنانشل فورم کے موقع پر سروس لانگ مارچ کی قیادت سے ملاقات کر رہے ہیں

دنیا ٹرسٹ بنانیوالوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، شیخ وقاص

قادر ٹرسٹ کا فیصلہ (آج) متوقع ہے، فیصلہ بار بار کیوں ڈیلے کیا جاتا ہے، میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) مرکزی سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ القادر ٹرسٹ ایک ایجوکیشن ٹرسٹ ہے جیسے شوکت خانم اور نمل یونیورسٹی ٹرسٹ ہیں اور دنیا بھر میں فلاحی ادارے بنانے والوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے تاہم یہاں 190 ملین کا ٹیگ لگا کر (بقیہ نمبر 8)

پختونخوا حکومت کا خاندان کے سربراہ کے انتقال پر ورثاء کی مالی مدد کا اعلان

صوبہ خیبر پختونخوا حقیقی معنوں میں ریاست مدینہ بن رہا ہے، وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے عوام دوست اقدامات کرتے ہوئے خاندان کے سربراہ کے انتقال پر ورثاء کی مالی مدد کا اعلان کر دیا۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی (بقیہ نمبر 10)

ملالہ یوسفزئی دنیا بھر کی لڑکیوں کیلئے رول ماڈل ہیں، یوسف رضا گیلانی

خواتین کو بااختیار بنانے اور بہتر مستقبل کیلیے تعلیم کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا، چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ ملالہ یوسفزئی تعلیم سے متعلق دنیا بھر کی لڑکیوں کیلئے رول ماڈل ہیں۔ انٹرنیشنل ایجوکیشن (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:25
فجر	6:15
ظہر	1:30
عصر	4:00
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:00

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین
1:30 بجے، مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

پاکستان صحت اور تعلیم کے بجٹ میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے: ایس ڈی ایف

بجٹ ملک کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہے: شرکاء

لاہور (نامہ نگار) پاکستان میں تمام سطحوں پر صحت اور تعلیم کے بجٹ میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار ساجد علی، ڈائریکٹر پروگرامز، سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن نے شہریوں کے نیٹ ورک فار بجٹ اکاؤنٹیبلٹی (CNBA) کے تحت، جو سینٹر فار پیس اینڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹوز (CPDI)، اسلام آباد کے زیرانتظام پاکستان میں صحت اور تعلیم کے بجٹ مختص کرنے پر ایک اہم مکالمہ میں کیا۔ جس میں 2021-22 سے 2024-25 تک کے بجٹ رجحانات کا تجزیہ کیا گیا، اور ان بنیادی شعبوں کو درپیش بنیادی ڈھانچے کی کمزوریوں اور علاقائی تفاوتوں پر روشنی ڈالی گئی۔ ظفر ملک نمائندہ شاہ حسین نیٹ ورک نے کہا کہ بجٹ میں بتدریج اضافہ ملک کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہے، اور صحت اور تعلیم دونوں شعبوں میں صوبوں کے درمیان واضح تفاوت موجود ہیں۔ افشاں نازلی پروگرام آفیسر، سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن نے اس تجزیے کو شیئر کیا اور بتایا کہ وفاقی صحت کے اخراجات، 2024-25 میں 356,56 ملین روپے تک پہنچنے کے باوجود، مجموعی وفاقی بجٹ کا صرف ایک چھوٹا حصہ بنتے ہیں، جو مسلسل ناکافی مالی معاونت کی نشاندہی کرتا ہے۔ صوبائی بجٹ میں نمایاں تفاوت پائی گئی، سندھ نے 2021 سے اپنے صحت کے بجٹ کو دوگنا کر کے 712,321 ملین روپے کر دیا اور 64 فیصد عوامی صحت کی خدمات کے لیے مختص کیے۔ پنجاب کا صحت بجٹ، 806,371 ملین روپے کے ساتھ، زیادہ تر اسپتال کی خدمات پر مرکوز ہے، جس کی وجہ سے احتیاطی دیکھ بھال کم فنڈز کے ساتھ رہ جاتی ہے۔ خیبر پختونخوا نے 2023-24 تک اپنے ترقیاتی بجٹ میں 197 فیصد کے قابل ذکر اضافے کا مظاہرہ کیا، جس میں اسپتال کے بنیادی ڈھانچے پر توجہ دی گئی

آئندہ انتخابات میں پی ٹی آئی واضح اکثریت حاصل کرے گی: مسرت جمشید چیمہ

ترقی کا سفر وہیں سے شروع ہو گا جہاں سازش سے ختم کیا گیا' سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (ایم ایل آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت آگے دوڑ پیچھے چھوڑ کی پالیسی پر گامزن ہے، ذاتی خودنمائی میں چچا کو بھی پیچھے چھوڑ دیا گیا ہے، جب بھی انتخابات ہوں گے پی ٹی آئی وفاق سمیت چاروں صوبوں میں اکثریت حاصل کرے گی۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ بتایا جائے پنجاب کی نام نہاد وزیر اعلیٰ کی تقریبات کیلئے خزانے سے ہر روز لاکھوں روپے کے اخراجات سے غریب عوام کا کیا بھلا ہو رہا ہے؟۔ گڈ گورننس نہ ہونے کی وجہ سے ابھی تک کسی منصوبے کے ثمرات عوام تک نہیں پہنچ سکے۔ وفاقی اور پنجاب حکومت صوبے میں دودھ اور شہد کی نہریں بہا دینے کی دعویدار ہیں لیکن عوام کو دو وقت کی روٹی کے لالے پڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے اپنے دور میں پائیدار ترقی کیلئے جو اصلاحات متعارف کرائیں تھیں نااہل حکمرانوں نے عمران خان کے بغض میں سب کچھ ختم کر دیا جس کا خمیازہ ملک اور عوام بھگت رہے ہیں۔

خضدار حملے میں 'بزدلی' دکھانے پر 15 لیویز اہلکار برطرف: حکام

سرکاری نوٹیفکیشن جاری کیا، جس میں کہا گیا کہ لیویز اہلکاروں نے واضح طور پر بزدلانہ رویے کا مظاہرہ کیا

لاہور (ایم ایل آئی) بلوچستان حکومت نے حال ہی میں ضلع خضدار میں ہونے والے ایک حملے میں مسلح شدت پسندوں کے سامنے ہتھیار ڈالنے پر 15 لیویز اہلکاروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے نوکری سے برطرف کر دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق آٹھ جنوری کو ضلع خضدار میں حکام نے بتایا تھا کہ نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر کے کچھ سرکاری اور نجی املاک کو نذر آتش کر دیا تھا جن میں ایک لیویز تھانہ بھی شامل تھا، تاہم ان حملوں میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی تھی۔ عرب نیوز کے مطابق درجنوں 'بلوچ علیحدگی پسند' علاقے میں داخل ہوئے اور کئی گھنٹوں تک زہری بازار پر قبضہ کیے رکھا، سرکاری املاک کو آگ لگا دی اور ایک نجی بینک سے سات لاکھ 000,68 روپے لوٹ لیے۔ اس حملے کی فوٹیج میں مسلح افراد کو کھلے عام سڑکوں پر گھومتے ہوئے بھی دکھایا گیا۔ بعد ازاں سکیورٹی فورسز نے مسلح افراد سے علاقے کا کنٹرول چھڑا لیا اور اس کارروائی میں ایک اہلکار زخمی بھی ہوا۔ تاہم نو جنوری کو خضدار کے ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی نے ایک سرکاری نوٹیفکیشن جاری کیا، جس میں کہا گیا کہ لیویز اہلکاروں نے واضح طور پر بزدلانہ رویے کا مظاہرہ کیا۔' اس نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ ڈی سی کا 'خیال ہے کہ کوئی باضابطہ انکوائری کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔' عرب نیوز سے گفتگو میں ڈی سی خضدار نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ نے عسکریت پسندوں کا مقابلہ نہ کرنے والے لیویز اہلکاروں کی سروسز ختم کر دی ہیں۔

ڈی آئی جی ہیڈکوارٹر جیل خانہ جات میاں سالک جلال کی بیٹی کی شادی منعقد ہوئی

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی ہیڈکوارٹر جیل خانہ جات میاں سالک جلال کی بیٹی کی شادی منعقد ہوئی۔ شادی کے موقع پر ہوم سیکرٹری نورالامین مینگل آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں فاروق نذیر، مقصود احمد بٹ، سابقہ آئی جی جیل خانہ جات مرزا شاہد سلیم بیگ، سابقہ آئی جی ملک مبشر احمد خان، سپرنٹنڈنٹ جیل اسد اللہ وڑائچ، چوہدری اعجاز اصغر ظہیر ورک، رضوان گجر، کاشف گجر، شہرام توقیر علی اکبر گجر گلزار بٹ، میاں ابوبکر، علی ساہی سمیت پنجاب بھر کی جیلوں کے سپرنٹینڈنٹ اور سیاسی اور سماجی شخصیات اور صحافیوں نے شرکت کی۔

اپاکستان میں سوا کروڑ لڑکیاں اسکول نہیں جاتیں: ملالہ یوسفزئی

لاہور (ایم ایل آئی) نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسف زئی نے کہا ہے کہ دنیا میں 12 کروڑ جبکہ پاکستان میں سوا کروڑ لڑکیاں اسکول نہیں جاتیں، مسلم معاشروں میں لڑکیوں کی تعلیم، مواقع اور چیلنجز کے عنوان سے اسلام آباد میں دو روزہ عالمی کانفرنس جاری ہے۔ ملالہ یوسفزئی نے عالمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کہا کہ مسلم ورلڈ لیگ کا شکریہ جنہوں نے ہمیں یہاں اکٹھا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ دنیا میں 120 ملین لڑکیاں اسکول نہیں جاسکتیں، پاکستان میں 10 ملین لڑکیاں اسکول نہیں جاسکتی تھیں۔

ریونیو کاغذات کے عدالتی تجزیہ کے موضوع پر جاری تربیتی پروگرامز کے سلسلہ کا ایک اور کورس مکمل

ججز انصاف کے امین ہیں، امانت کو حقدار کے سپرد کرنا ان کا اولین فریضہ ہے: ڈی جی جوڈیشل اکیڈمی

لاہور (این این آئی) پنجاب جوڈیشل اکیڈمی میں ریونیو کاغذات کے عدالتی تجزیہ کے موضوع پر جاری تربیتی پروگرامز کے سلسلہ میں ایک اور چھ روزہ تربیتی کورس بھی مکمل ہو گیا۔ اس کورس میں سول ججز، سینئر سول ججز اور ایڈیشنل سیشن ججز نے شرکت کی۔ اختتامی سیشن میں پنجاب جوڈیشل اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل جسٹس (ر) سردار احمد نعیم نے خصوصی شرکت کی۔ جبکہ اس موقع پر اکیڈمی کے ایڈوائزر و ڈائریکٹر ایڈمن حفیظ اللہ خان، ڈائریکٹر پروگرام منصور احمد خان، ڈائریکٹر ریسرچ بشریٰ زمان، ڈائریکٹر ٹریننگ ارم ایاز اور اکیڈمی کے سینیئر انسٹرکٹرز محمود اعظم، عائشہ خالد اور محمد خالد خان بھی موجود تھے۔ اختتامی سیشن کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل پنجاب جوڈیشل اکیڈمی جسٹس (ر) سردار احمد نعیم نے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ زیر التواء سول مقدمات کی کثیر تعداد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی خصوصی ہدایت پر موجودہ موضوع جیسے منفرد موضوعات پر تربیتی کورسز کا اہتمام کیا گیا اور ماہر انسٹرکٹرز اور ریسورس پرسنز کو مدعو کیا گیا ہے

الحمرا آرٹ کونسل میں تھنک فیسٹیول مختلف سیشنز کے انعقاد کے ساتھ اختتام پذیر

آخری روز شاہد خاقان عباسی، مفتاح اسماعیل، سلمان اکرم راجہ، معید یوسف، پروفیسر محمود ممدانی سمیت صحافی و شوبز شخصیات کی شرکت

لاہور (این این آئی) الحمرا آرٹ کونسل میں تھنک فیسٹیول 2025 مختلف سیشنز کے انعقاد کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا۔ تھنک فیسٹ کے آخری روز "کیپٹالی کا آرٹ"، "دین اور دنیا"، "سلام سینما" اور "میڈیا ان پولرائزڈ ٹائمز" سمیت متعدد دلچسپ موضوعات پر سیشن منعقد ہوئے۔ تھنک فیسٹ میں بک سٹالز اور فوڈ سٹالز بھی لگائے گئے۔ تھنک فیسٹ 2025 کے آخری روز سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی، سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل، انسانی حقوق کے وکیل سلمان اکرم راجہ، سابق قومی سلامتی مشیر معید یوسف، کولمبیا یونیورسٹی کے پروفیسر محمود ممدانی سمیت صحافی و شوبز شخصیات نے شرکت کی۔ تھنک فیسٹ میں خطاب کرتے ہوئے معروف مصنف مصطفیٰ آفریدی نے کہا کہ ہر کسی کا مسئلہ شادی ہے، میں اسے مسئلہ نہیں مشغلہ سمجھتا ہوں، مسائل کچھ اور ہیں جن پر ہم بات نہیں کر رہے، خوف ہمارا ورثہ بن چکا ہے، ہم کہانیاں سنانے سے ڈرتے ہیں، کہانی ہماری رکی ہوئی ہے۔ معروف ہدایتکار حسام حسین نے کہا کہ ہمارے ڈرامے بہتر ہیں

لاہور: جنرل ہسپتال میں کامیاب آپریشن کے بعد ڈاکٹر مریض کی عیادت کر رہے ہیں

لاہور میں گزشتہ سال 468 کاریں چوری، 13 اسلحہ کے زور پر چھینی گئیں

کینٹ ڈویژن 96 مقدمات کے ساتھ سرفہرست، صدر ڈویژن کا 94 وارداتوں کے ساتھ دوسرا نمبر

لاہور (این این آئی) لاہور میں سال 2024 کے دوران 468 کاریں چوری جبکہ 13 اسلحہ کی نوک پر چھینی گئیں۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق کار چوری کی وارداتوں میں کینٹ ڈویژن 96 مقدمات کے ساتھ سرفہرست رہا، صدر ڈویژن کار چوری کی 94 وارداتوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا، ماڈل ٹاؤن ڈویژن کار چوری کے 90 مقدمات کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ اس کے علاوہ اقبال ٹاؤن ڈویژن سے 76، سٹی ڈویژن سے 60 کاریں چور لے اڑے، جبکہ سول لائنز ڈویژن میں گزشتہ سال کار چوری کے 52 مقدمات درج کئے گئے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق گن پوائنٹ پر کار چھیننے کی وارداتوں میں صدر ڈویژن 6 مقدمات کے ساتھ سرفہرست رہا، جبکہ کینٹ ڈویژن سے 5، ماڈل ٹاؤن اور سٹی ڈویژن سے ایک، ایک کار چھینی گئی۔

بلاول بھٹو زرداری پاکستان کے روشن پاکستان کی امید ہیں: حسن اشرف بھٹی

لاہور (ایم ایل آئی) پیپلز پارٹی کے رہنما حسن اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری پاکستان کے روشن پاکستان کی امید ہیں ان کی وجہ سے پاکستان ترقی کی منازل طے کر سکتا ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ ان کو پاکستان کا وزیراعظم بنایا جائے اگر آج بلاول بھٹو پاکستان کے وزیراعظم ہوتے تو اس وقت پاکستان کا ہر صوبہ سندھ کی طرح ترقی کر رہا ہوتا سندھ کی ترقی اور اس کے ترقیاتی کاموں کی تعریف غیر ملکی میڈیا اور غیر ملکی ادارے بھی کر رہے ہیں اس لیے میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر بلاول وزیراعظم ہوتے تو آج پاکستان آج ایک معاشی ترقی بن چکا ہوتا۔

اپوزیشن اتحاد کے حوالے سے اہم سیاسی پیش رفت

گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس (جی ڈی اے) کے سربراہ پیر صاحب پگارا سے پی ٹی آئی کا اہم رابطہ

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے لاہور میں پیر پگارا سے اہم ملاقات کی، ملاقات میں سینئر سیاستدان محمد علی درانی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پیر پگارا نے عمران خان کے لیے نیک تمناؤں اور خیر سگالی کا پیغام دیا۔ اس موقع پر بیرسٹر محمد علی سیف نے عمران خان کی طرف سے پیر پگارا اور جی ڈی اے کی قیادت کے لئے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا۔ اس اہم ملاقات میں قائدین کی سیاسی صورتحال اور مستقبل کی حکمت عملی کے حوالے سے اہم مشاورت ہوئی، پی ٹی آئی اور جی ڈی اے کا ملک کو درپیش مسائل کے حل کے لئے مشاورت پر اتفاق۔ اجلاس میں مستقبل میں رابطوں کو مزید بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کی طرف سے نیک تمناؤں کا پیغام دیا جس پر پیر پگارا نے ان کے لئے جوابی خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ پیر پگارا پاکستان کی قابل احترام شخصیت ہیں، پاکستان کو مسائل سے نکالنے میں اُن کی سیاسی بصیرت اہم ہے۔ پیر پگارا نے اپوزیشن کو قریب لانے میں محمد علی درانی کے کردار کو سراہا اور کہا کہ اپوزیشن جماعتوں میں باہمی رابطوں کے لیے وہ اپنا کردار مزید بڑھائیں۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے پارٹی قیادت کی جانب سے اپوزیشن جماعتوں میں رابطوں کے حوالے سے محمد علی درانی کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

سابق صدر لاہور پریس کلب محسن گورائیہ، سینئر صحافی چیف ایڈیٹر جنگ نیوز کینیڈا اشرف خان لودھی اور جنرل منیجر پاکستان سکینر کینیڈا میاں لطیف کا گروپ فوٹو

سابق کپتان سلیم ملک کی اشرف لودھی کو لائف اچیومنٹ ایوارڈ ملنے پر مبارکباد

لاہور (سپورٹس رپورٹر) سینئر صحافی، ایڈیٹر انچیف جنگ نیوز کینیڈا اشرف خاں لودھی کو سپورٹس فوٹوگرافی اور شعبہ صحافت میں چالیس سالہ خدمات کے اعتراف میں پاکستان سپورٹس جرنلسٹس فیڈریشن کی طرف سے لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ ملنے پر کھیلوں سے وابستہ شخصیات سمیت دیگر افراد جن میں پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتانوں سلیم ملک، وسیم اکرم، معین خان، عامر سہیل، سابق ٹیسٹ کرکٹرز اعجاز احمد، مشتاق احمد، شبیر احمد، پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق منیجر اظہر زیدی پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان محمد ثقلین اور ذیشان اشرف، پاکستان کے عالمی شہرت یافتہ پہلوان بشیر بھولا بھالا، لاہور پریس کلب کے سابق صدر محسن گورائیہ، پشاور پریس کلب کے سابق صدر بخار شاہ اور لائف ممبر لاہور پریس کلب اقبال بخاری شامل ہیں نے دل کی اتھا گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

گلے پر ڈور پھرنے والے مریض کی جنرل ہسپتال لاہور میں کامیاب سرجری

مقامی شہری صابر مسیح کی گلے کی جوگلر وین کٹ گئی تھی، جسے شدید زخمی حالت میں ہسپتال لایا گیا

لاہور (خبر نگار) جنرل ہسپتال لاہور کے ڈاکٹروں نے بروقت براہ راست کامیاب سرجری کر کے گلے پر ڈور پھرنے سے شدید زخمی کی جان بچالی۔ ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین کے مطابق گلے پر ڈور پھرنے سے مقامی شہری صابر مسیح کی گلے کی جوگلر وین کٹ گئی تھی، جسے شدید زخمی حالت میں ہسپتال لایا گیا۔ ڈاکٹرز نے خون بہتا دیکھ کر زخمی کو بغیر پرچی بنوائے براہ راست آپریشن تھیٹر منتقل کر کے فوری میجر سرجری کر کے اس کی جان بچالی۔ ایم ایس جنرل ہسپتال ڈاکٹر فریاد حسین نے کہا ہے کہ زخمی صابر مسیح کی حالت اب خطرہ سے باہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر زخمی کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ علاوہ ازیں پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ گردن پر ڈور پھرنے سے شدید زخمی حالت میں آنے والے صابر مسیح کی جان بچانے کیلئے ایل جی ایچ کے ہیلتھ پروفیشنلز نے نازک صورتحال کا اندازہ کرتے ہوئے فوری آپریشن سرانجام دیا

دوران ڈیوٹی زخمی اہلکاروں کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں، آئی جی پنجاب

پی ایچ پی گوجرانوالہ کے زخمی ایس پی فاروق احمد بھٹہ کو علاج معالجے کے لیے 15 لاکھ روپے جاری کئے گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے 2025 میں بھی دوران ڈیوٹی زخمی اہلکاروں کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں جس کے تسلسل میں کمپنسیشن ایوارڈ کمیٹی کی جانب سے اہلکاروں کے طبی اخراجات کیلئے مزید 36 لاکھ روپے کی منظوری دے دی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ پی ایچ پی گوجرانوالہ کے زخمی ایس پی فاروق احمد بھٹہ کو علاج معالجے کے لیے 15 لاکھ روپے جاری کئے گئے۔ رحیم یار خان کے زخمی کانسٹیبل اظہر اقبال کو طبی اخراجات اور سرگودھا کے زخمی کانسٹیبل زاہد رفیق کو علاج معالجے کیلئے فی کس 5 لاکھ روپے کے فنڈ جاری کیے گئے۔ میانوالی کے زخمی کانسٹیبل سیف اللہ کو طبی اخراجات، سرگودھا کے زخمی کانسٹیبل عمران علی کو علاج معالجے اور رحیم یار خان کے زخمی کانسٹیبل عمرو داؤ کو طبی اخراجات کیلئے فی کس 3 لاکھ روپے جاری کیے گئے۔ راولپنڈی کے ہیڈ کانسٹیبل مزمل حسین کو علاج معالجے کیلئے دو لاکھ روپے دیئے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس عمران ارشاد کی زیر قیادت کمیٹی نے صوبہ بھر سے موصول کیسز اور دستاویزات کی سکروٹنی کے بعد فنڈز جاری کیے ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے فرض کی راہ میں زخمی ہونے والے پولیس ملازمین کی بہترین ہیلتھ ویلفیئر کیلئے اقدامات رواں سال بھی جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ غازی افسران و اہلکاروں کی جلد بحالی اور بہترین علاج معالجے کیلئے کوئی کسر نہ اٹھا رکھی جائے۔

بے نظیر شہید کو اگر قتل نہ کیا جاتا تو آج پاکستان اقوام عالم کو لیڈر کر رہا ہوتا: میاں محمد ایوب

لاہور (ایم ایل آئی) پیپلز پارٹی پنجاب کے نائب صدر اور سابق مشیر وزیراعظم میاں محمد ایوب نے کہا ہے کہ اگر پاکستان کی سب سے بڑی عظیم اور بہادر باپ کی بہادر بیٹی بے نظیر کو بے دردی کے ساتھ قتل نہ کیا جاتا تو پاکستان ایک ترقی یافتہ جمہوری ملکوں میں شمار ہوتا۔ بی بی شہید کو قتل کرنے والوں نے صرف جیالوں کی لیڈر کو نہیں راستے سے ہٹایا تھا بلکہ انہوں نے ایسا کام کر کے پاکستان کی تعمیر و ترقی کو روکنے کی کوشش کی تھی، بے نظیر شہید کو اگر قتل نہ کیا جاتا تو یقینی طور پر آج پاکستان اقوام عالم کو لیڈر کر رہا ہوتا، بے نظیر جیسی شخصیت نہ تو ان سے پہلے کبھی آئی اور نہ ہی اب دوبارہ ایسی لیڈر پیدا ہو گی وہ کرشماتی شخصیت کی مالک تھیں جو دیوار کے اس طرف کے سیاسی حالات کو دیکھنے کی بھی مکمل صلاحیت رکھتی تھیں۔

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس اور انٹرپول کی مشترکہ کارروائیاں جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس اور انٹرپول کی مشترکہ کارروائیاں جاری ہیں جس کے تسلسل میں بیرون ملک مفرور اقدام قتل میں ملوث اشتہاری کو گرفتار کر کے پاکستان منتقل کر دیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ پنجاب پولیس نے بیرون ملک مفرور اشتہاری ارسلان اشرف کو جنوبی افریقہ سے گرفتار کر لیا ہے۔ اشتہاری مجرم ارسلان اشرف ایک شہری کو قتل کی غرض سے شدید زخمی کر کے جنوبی افریقہ فرار ہو گیا تھا۔ ارسلان اشرف اقدام قتل کے مقدمہ میں 03 سال سے تھانہ واہنڈو گوجرانوالہ پولیس کو مطلوب تھا۔ پنجاب پولیس نے انٹرپول سے اشتہاری کے ریڈ نوٹس جاری کروائے اور جنوبی افریقہ پولیس کے ساتھ کلوز کوارڈینیشن سے اشتہاری کو گرفتار کر کے پاکستان منتقل کیا گیا ہے۔

لاہور پولیس صوبائی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف متحرک ہے

شہر میں امن و امان قائم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس صوبائی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف متحرک ہے۔ شہر میں امن و امان قائم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ تفصیلات کے مطابق نشتر کالونی پولیس نے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے بین الاضلاعی منشیات فروش کو گرفتار کر لیا۔ ملزم سلیم کے قبضہ سے 10 کلو چرس برآمد کی گئی۔ ملزم کو خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے اعظم چوک سے حراست میں لیا گیا۔ ملزم ضلع قصور کا رہائشی ہے اور لاہور میں منشیات سپلائی کرنے آیا تھا۔ مصطفی آباد کے علاقے سے اشتہاری ملزم کو حراست میں لے لیا گیا۔ ملزم ساجد ڈکیتی، راہزنی کے مقدمات میں عرصہ 02 سال سے مصطفی آباد پولیس کو مطلوب تھا۔ بادامی باغ اور شاد باغ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے لاوارث بچوں کو بحفاظت والدین سے ملوا دیا۔ شاد باغ پولیس نے گم ہونے والی تین سالہ بچی کو جبکہ بادامی باغ پولیس نے لاوارث 7 سالہ بہلول کو بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا۔ ورثا کی تلاش کے لیے جدید ٹیکنالوجی سوشل میڈیا اور ہیومن ریسورس سے مدد حاصل کی گئی تھی۔ لخت جگر کے بحفاظت ملنے پر والدین نے پولیس کا شکریہ ادا کیا

ڈولفن سکواڈ کا ہوائی فائرنگ، ون ویلنگ کیخلاف ایکشن

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ کا ہوائی فائرنگ، ون ویلنگ کیخلاف ایکشن۔ ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد نے کہا کہ شہر کے مختلف علاقوں سے مجموعی طور پر 10 ملزمان گرفتار کر لیے۔ ڈیفنس، مال روڈ، جیل روڈ، بند روڈ، فیروزپور روڈ، دیگر علاقوں سے 07 ون ویلرز گرفتار ہوئے۔ ہوائی فائرنگ میں ملوث 03 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، 03 پسٹل، گولیاں و میگزینز برآمد کر لی۔ ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد نے کہا کہ ہوائی فائرنگ، ون ویلنگ کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی ون ویلنگ، پتنگ بازی، ہوائی فائرنگ جان لیوا کھیل ہے، خونی کھیل نے کئی گھر اجاڑ دیئے۔

قوم کو کفایت شعاری کا درس دینے والا خود بڑی وارداتیں کرتا رہا، سائرہ افضل

آج جب اپنی تلاشی دینی پڑ رہی ہے تو کہتا ہے امریکا میری مدد کرے، مرکزی لیگی رہنما کا بیان

حافظ آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی رہنما سائرہ افضل تارڑ نے کہا ہے کہ قوم کو کفایت شعاری کا درس دینے والا خود بڑی وارداتیں کرتا رہا۔ حافظ آباد سے جاری بیان میں سائرہ افضل تارڑ نے کہا کہ جس جس نے بھی قوم کا پیسہ کھایا ہے قوم حساب لے گی۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو کفایت شعاری کا درس دینے والے خود بڑی وارداتیں کرتا رہا، قوم کو 4 سال صرف یہی بتاتا رہا کہ پچھلے چور تھے۔ ن لیگی رہنما نے کہا کہ آج جب اپنی تلاشی دینی پڑ رہی ہے تو کہتا ہے امریکا میری مدد کرے۔

شمالی غزہ میں چار اسرائیلی فوجی ہلاک ہو گئے

لاہور (ایم ایل آئی) اسرائیلی فوج نے ہفتے کے روز کہا کہ غزہ کی پٹی کے شمال میں حماس کے ساتھ 15 ماہ سے زیادہ عرصے سے جاری لڑائی میں مزید چار فوجی ہلاک ہو گئے ہیں۔ ان ہلاکتوں سے سات اکتوبر کے حملے سے اب تک فلسطینی علاقے میں ہلاک شدہ فوجیوں کی کل تعداد 403 ہو گئی۔

چوہدری شافع حسین نے ڈنگہ میں سپورٹس اسٹیڈیم کا سنگ بنیاد رکھ دیا

سابق حکمرانوں نے ترقیاتی منصوبوں کے نام پر قومی وسائل کی لوٹ مار کے سوا کچھ نہیں کیا' وزیر صنعت وتجارت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے گجرات کے علاقے ڈنگہ میں میجر اکرم شہید سپورٹس اسٹیڈیم کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ سپورٹس اسٹیڈیم کی تعمیر کا کام 6 ماہ میں مکمل ہو گا اور اس پر 100 ملین روپے لاگت آئے گی۔ سپورٹس اسٹیڈیم میں کرکٹ، فٹ بال، کبڈی اور دیگر کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوں گے۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اہل علاقہ کو 4 ایکڑ رقبے پر بننے والے اسپورٹس اسٹیڈیم کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس اسٹیڈیم کی تکمیل سے نوجوانوں کو اسپورٹس سرگرمیوں کیلئے زبردست سہولت ملے گی۔ صوبائی وزیر نے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سابق حکمرانوں نے ترقیاتی منصوبوں کے نام پر قومی وسائل کی لوٹ مار کے سوا کچھ نہیں کیا، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے صرف 10 ماہ میں عوامی خدمت کی نئی تاریخ رقم کر دی۔ پنجاب کے کونے کونے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم خالی دعوے نہیں دن رات عوام کی خدمت کر رہے ہیں۔ کسانوں کو بلاسود قرضے دیئے جا رہے ہیں۔ پنجاب میں انڈسٹری کے فروغ اور نئی سرمایہ کاری لانے کے لئے نتیجہ خیز اقدامات کئے گئے ہیں، انڈسٹری کی ضرورت کے مطابق ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کیلئے ٹیوٹا کے اداروں کی اپ گریڈیشن کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں 1630 ایکڑ رقبے پر گارمنٹ سٹی بن رہا ہے، ڈنگہ میں بنجر زمین کی نشاندہی کریں، انڈسٹریل اسٹیٹ بنا دیں گے، ڈنگہ کی مختلف ترقیاتی سکیموں کے لئے فنڈز جاری ہو چکے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ڈنگہ کے لوگوں نے جو آج محبت دی ہے اسے کبھی فراموش نہیں کر سکتا۔ ایم پی اے چوہدری اعجاز رنیہ نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین کی قیادت میں عوام کی خدمت کیلئے دن رات ایک کر دوں گا اور مل کر علاقے کی تمام محرومیاں دور کریں گے۔

ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران کے احکامات کی روشنی میں شہریوں کی آسانی کے لیے پولیس موبائل وین کے ذریعے 15 مختلف سہولیات فراہم کی جا رہی

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران کے احکامات کی روشنی میں شہریوں کی آسانی کے لیے اُن کے علاقوں میں پولیس موبائل وین کے ذریعے ایک ہی چھت تلے 15 مختلف سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ پولیس وین میں موجود سٹاف دو شفٹوں میں مسلسل 24 گھنٹے اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس خدمت مراکز کے ذریعے رواں ہفتے کے دوران موبائل پولیس خدمت مرکز پہلی شفٹ بروز پیر پیراگون سوسائٹی، منگل کو بھٹہ چوک، بدھ کو جوڑے پل، جمعرات کو باٹا پور، جمعہ کو ویلنشیا ٹا¶ن اور ہفتہ کو چوہنگ ملتان روڈ میں فرائض انجام دے گی۔ دوسری شفٹ بروز پیر گرین سوسائٹی، منگل کو ریلوے پھاٹک تاج باغ، بدھ کو ہربنس پورہ، جمعرات کو لال پل، جمعہ کو ویلنشیا ٹا¶ن اور ہفتہ کو EME سوسائٹی میں موجود ہو گی۔ لاہور پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ شہریوں کی سہولت کیلئے پولیس موبائل وین شہری کسی بھی پریشانی سے بچنے اور مطلوبہ سہولت کے حصول کیلئے مطلوبہ دستاویزات ہمراہ لائیں۔

پنجاب کے مختلف علاقوں میں ڈسٹرکٹ بارز کے الیکشن میں کامیاب

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب کے مختلف علاقوں میں ڈسٹرکٹ بارز کے الیکشن میں کامیاب امیدواروں کے حامیوں کی جانب سے جشن کے دوران ہوائی فائرنگ کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں۔ انتخابی نتائج کے بعد کامیاب ہونے والے امیدواروں کے حمایتیوں نے شدید فائرنگ کی۔ فائرنگ کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر منظر عام پر آگئی ہیں جس میں واضح طور پر وکلاء کو ہوائی فائرنگ کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ منڈی بہاؤالدین میں کامیاب امیدواروں کے حمایتیوں نے ہوائی فائرنگ کی جس کے باعث علاقے میں گولیوں کی تڑتڑاہٹ سنائی دینے لگی۔ اس دوران پولیس خاموش تماشائی بنی رہی۔

نشتر کالونی کے علاقہ میں گھریلو حالات سے دلبرداشتہ جوان لڑکی نے مبینہ طور پر تیزاب پی کر خودکشی

لاہور (کرائم رپورٹر) نشتر کالونی کے علاقہ میں گھریلو حالات سے دلبرداشتہ جوان لڑکی نے مبینہ طور پر تیزاب پی کر خودکشی کر لی۔ پولیس کے مطابق 25 سالہ شائستہ کی خودکشی کا واقعہ نشتر کالونی میں پیش آیا جہاں گھریلو ناچاقی سے تنگ آ کر لڑکی نے تیزاب پی لیا۔ حالت بگڑنے پر اسے اسپتال منتقل کیا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکی۔ پولیس کا بتانا ہے کہ لڑکی کے اہل خانہ نے اس کی موت پر بات کرنے سے گریز کیا ہے جبکہ پولیس نے لاش تحویل میں لے کر قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔

شاہدرہ کے علاقہ معراج پارک میں 30 سالہ نوجوان نے خودکشی

لاہور (کرائم رپورٹر) شاہدرہ کے علاقہ معراج پارک میں 30 سالہ نوجوان نے خودکشی کر لی۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق 30 سالہ محمد بلال نے نامعلوم وجوہات پر سر میں گولی مار کر اپنی زندگی کا خاتمہ کیا۔ پولیس کی قانونی کارروائی کے بعد لاش کو پوسٹمارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔

ہنگ کے علاقہ میں مبینہ زیادتی کے بعد خاتون کو قتل کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوہنگ کے علاقہ میں مبینہ زیادتی کے بعد خاتون کو قتل کر دیا گیا، پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق 25 سالہ ثانیہ کو نشہ آور چیز کھلا کر زیادتی کی گئی اور بعد ازاں اس کا گلا دبا کر قتل کر دیا گیا۔ پولیس کارروائی کے بعد مقتولہ کی لاش پوسٹمارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کر دی گئی۔ چوہنگ پولیس نے خاتون کو ریپ کے بعد قتل کرنے کی واردات میں ملوث 3 ملزمان گرفتار کر لیے۔

ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1096 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1096 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 495 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 654 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (71 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 641 ڈرائیوز، 600 کم عمر ڈرائیور، 378 مسافر اور 141 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 241 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 254 متاثرین کے ساتھ پہلے، فیصل آباد 86 حادثات میں 84 متاثرین کے ساتھ دوسرے، ملتان 61 حادثات میں 65 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1160 متاثرین میں 982 مرد اور 178 خواتین شامل ہیں

بار ایسوسی ایشن تحصیل کوٹ رادھا کشن جناب چوہدری عبدالرحمن ایڈووکیٹ پورے پینل کے ساتھ کامیاب

جس میں اتفاق اور پروفیشنل الائنس کے متفقہ امیدوار برائے صدر چوہدری عبدالرحمن ایڈووکیٹ 197 ووٹ لے کر کامیاب

کوٹ رادھاکشن (تحصیل رپورٹر حاجی رمضان سے) کوٹ رادھاکشن میں بار ایسوسی ایشن تحصیل کوٹ رادھاکشن میں وکلاء کے الیکشن کنڈکٹ کیے گئے جس میں اتفاق اور پروفیشنل الائنس کے متفقہ امیدوار برائے صدر چوہدری عبدالرحمن ایڈووکیٹ 197 ووٹ لے کر کامیاب جبکہ دوسری جانب فرینڈز الائنس کے متفقہ امیدوار برائے صدر راؤ فیصل محمود 130 ووٹ لے سکے، نائب صدر کی سیٹ پر فیصل محبوب ڈوگر ایڈووکیٹ 198 ووٹ جبکہ جوہر شکیل فوری ایڈووکیٹ 132 ووٹ لے سکے، جنرل سیکرٹری کی سیٹ پر شاہد اقبال ایڈووکیٹ 193 ووٹ سے کامیاب جبکہ سردار اسلام قمر 139 ووٹ لے سکے، جوائنٹ سیکرٹری پر صدام اقبال ایڈووکیٹ 226 ووٹ سے کامیاب رہے۔

خطرناک عادی واشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب ویژن کی تکمیل میں پنجاب پولیس کا خطرناک عادی و اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ رواں سال کے ابتدائی 11 دنوں میں لاہور سمیت صوبہ بھر میں سنگین وارداتوں میں مطلوب 2800 سے زائد اشتہاری مجرمان گرفتار کیے گئے۔ گرفتار اشتہاریوں میں اے کیٹیگری کے 934 اور بی کیٹیگری کے 1900 اشتہاری شامل ہیں۔ پنجاب پولیس نے 900 سے زائد عدالتی مفرور بھی گرفتار کیے۔ گرفتار مجرمان میں اے کیٹیگری کے 250 اور بی کیٹیگری کے 670 عدالتی مفروران شامل ہیں جبکہ دوران آپریشنز 01 ہزار ٹارگٹ آفینڈرز (عادی مجرم) کو بھی گرفتار کیا گیا جن میں اے کیٹیگری کے 370 اور بی کیٹیگری کے 630 ٹارگٹ آفینڈرز شامل ہیں۔ سنگین جرائم میں مطلوب 01 اشتہاری کو بیرون ملک سے گرفتار کر کے پاکستان منتقل کیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ گزشتہ 11 دن میں صوبائی دارالحکومت لاہور میں 300 سے زائد اشتہاری مجرمان گرفتار کیے گئے۔ 160 سے زائد عدالتی مفرور اور 75 سے زائد ٹارگٹ آفینڈرز (عادی مجرم) شامل ہیں۔ گذشتہ سال 01 لاکھ 40 ہزار سے زائد اشتہاری، 67825 عدالتی مفرور اور 36491 ٹارگٹ آفینڈرز (عادی مجرم) گرفتار کیے گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کامیاب کارروائیوں پر پولیس ٹیموں کو شاباش دی ہے اور کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کے حکم دیتے ہوئے کہا کہ موثر تفتیش سے مقدمات کو جلد مکمل کرتے ہوئے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں دلوائی جائیں۔

جعلی تصاویر اور ویڈیوز بنا کر سوشل میڈیا پر پھیلانے کے الزام میں گرفتار ملزمان کی تعداد 5 ہو گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) ایف آئی اے نے متحدہ عرب امارات کے صدر اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی آرٹی فیشل انٹیلی جنس کے ذریعے جعلی تصاویر اور ویڈیوز بنا کر سوشل میڈیا پر پھیلانے کے الزام میں گرفتار ملزمان کی تعداد 5 ہو گئی۔ بتایا گیا ہے کہ ایف آئی اے کی جانب سے ابتدائی طور پر 20 ایسے اکاؤنٹس کی نشاندہی کر لی گئی ہے جن کے ذریعے یہ تصاویر اور ویڈیوز پھیلائی گئیں۔ ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ نے مقدمات کا اندراج کر کے گرفتاریاں شروع کر دی ہیں۔ علاوہ ازیں تحقیقات کا دائرہ کار بھی وسیع کر کے مشترکہ تحقیقاتی ٹیم تشکیل دے دی گئی۔ ایف آئی اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان اور لاہور جے آئی ٹی میں شامل ہیں، جے آئی ٹی کی سربراہی ایڈیشنل ڈائریکٹر چوہدری سرفراز کریں گے۔ اے آئی کی مدد سے فیک مواد تیار کرنے کے عمل کی ٹیکنیکل رپورٹ حاصل کر لی گئی ہے۔ ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ نے سائبر پٹرولنگ سے اے آئی ویڈیوز اور تصاویر اپ لوڈ کرنے والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی جانچ پڑتال کے بعد مقدمات کا اندراج کیا۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 13 جنوری 2025ء

ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کے دوران 469 موضع جات سکین کرلئے گئے کمشنر گوجرانوالہ

حکومت پنجاب کے پلس پراجیکٹ کے تحت دونوں ڈویژن میں 504 موضع جات کا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کرنے کے لیے کام جاری ہے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ/گجرات سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کے پلس پراجیکٹ کے تحت دونوں ڈویژن میں 504 موضع جات کا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کرنے کے لیے کام جاری ہے، ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کے دوران ابتک 502 میں سے 469 موضع جات سکین کرلئے گئے ہیں، رواں ماہ ریونیو کورٹس نے 797 کیسز پر فیصلہ سنایا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریونیو پراگریس کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈی نیشن محمد شفیق، اے ڈی سی ریونیو شبیر حسین بٹ، اے سی ریونیو محسن ڈھلوں، اے سی جنرل احتشام السلام بھی موجود تھے جبکہ دیگر اضلاع سے ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک سے منسلک رہے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژن میں اس وقت 1243 دیہی مراکز مال فعال ہیں جنہوں نے ایک ماہ میں 6419 فرد جاری کیں اور 4970 انتقالات نمٹائے ۔ انہوں نے کہا کہ بورڈ آف ریونیو حکومت پنجاب کے اہداف کے مطابق ریکوری یقینی بنانے کیلئے تمام اضلاع کو متحرک کر دیا گیا ہے، رواں سال ابتک میوٹیشن فیس ریکوری ہدف کے 4.56 فیصد ہے، زرعی انکم ٹیکس ریکوری 77.52 فیصد، زرعی انکم ٹیکس بقایا جات ریکوری 3.50 فیصد، واٹر ریٹ ریکوری 63.73 فیصد اور بقایا جات کی ریکوری ہدف کا 30.34 فیصد ہے ۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ہدایت کی ڈپٹی کمشنرز باقاعدگی سے اجلاس منعقد کریں اور ریکوری اہداف بارے پیشرفت کا جائزہ لیا کریں۔

ڈسکہ: امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان سے خطاب کر رہے ہیں

اگوکی میں ڈیوائیڈرز پر خوبصورت پودے لگائے جائینگے۔فدا افتخار میر

صفائی ستھرائی کا نظام بہتر کیا جا رہا ہے ۔ چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ

چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فدا افتخار میر کی جانب سے دورہ اگوکی کے دوران امور وتجاوزات آپریشن چیک کیا۔ اس دوران انہوں نے وزیر آباد سیالکوٹ روڈ اگوکی میں صفائی ستھرائی کے امور چیک کئے اور سڑک کے اطراف موجود تجاوزات سابقہ چیئرمین اگوکی یونین کونسل رانا محمود احمد خان کے ہمراہ گرانے کے احکامات دیئے ۔ سڑک کی دونوں اطراف کنارے لگی ریڑھیوں کیوجہ سے سیالکوٹ وزیرآباد روڈ میں ٹریفک ریگولیشن مسائل ختم کرنے کیلئے یہ آپریشن ناگزیر تھا ترقیاتی کاموں خصوصی طور کا سی آپ کے سلسلے میں گفتگو کرتے ہوئے چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ نے کہا کہ اگوکی کے علاقے کو خوبصورت بنائیں گے اس میں آپ سب لوگ ہمارے ساتھ تعاون کریں وزیر آباد روڈ ڈیوائیڈر پر درخت لگائیں جائیں گے۔ سابق چیئرمین یوسی اگوکی و شہریوں نے وزیرآباد سیالکوٹ اگوکی مین جی ٹی روڈ پر قائم تجاوزات ہٹوا کے ٹریفک بلاکیج کے خاتمے پر چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ کا شکریہ ادا کیا۔

چیمپین مارشل آرٹس اکیڈمی چنیوٹ کے کوچ علی رضا کی سالگرہ کے سلسلہ میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیمپین مارشل آرٹس اکیڈمی چنیوٹ کے کوچ علی رضا کی سالگرہ کے سلسلہ میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کے سرپرست سید نور الحسن شاہ، صدر کرکٹ ایسوسی ایشن ملک ارشد حسین، چیئرمین پرنٹ میڈیا کلب پیرزادہ اقبال حسین اسامہ علی ثاقب ٹکٹ ہولڈر امیدوار صوبائی اسمبلی پی پی 96، علی خان صدر لاپرا کا چنیوٹ نے خصوصی شرکت کی

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کا دورہ سیالکوٹ

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع کی مجموعی صورتحال پر بریفنگ لی

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے کمشنر گوجرانولہ کے ہمراہ سیالکوٹ کا اہم دورہ کیا۔ اس دوران کمشنر گوجرانولہ سید نوید حیدر شیرازی نے ڈویژن بھر میں محکمانہ امور اور کارکردگی بارے بریفنگ دی گوجرانولہ ڈویژن میں امن عامہ کی صورتحال اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے خصوصی اقدامات بارے پیش رفت سے آگاہ کیا وزیر ہاؤسنگ نے گوجرانولہ کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو عوامی سہولت کے پیش نظر فیلڈ میں مزید متحرک ہونے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ تعلیم صحت اور صفائی سمیت روزمرہ امور میں نمایاں بہتری از حد ضروری ہے۔ گوجرانولہ ڈویژن میں اپنی چھت اپنا گھر اسکیم میں خوش نصیب افراد کو رقوم کی ادائیگی بارے بریفنگ دی گئی ۔ بلال یاسین نے کہا کہ تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز شہر کے داخلی و خارجی راستوں کو دلکش بنانے میں عملی کردار ادا کریں۔ صحت کی سہولتوں اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے منصوبوں سے عوام کو صحیح معنوں میں فائدہ پہنچنا ضروری ہے کوتاہیوں کی نشاندھی ضروری، مگر تنقید برائے تنقید سے اجتناب کرنا چاہیے۔ عوامی نمائندے اور ریاستی مشینری مشترکہ حکمت عملی کے تحت شہریوں کو ریلیف فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اکھاڑے الگ اور بلا تفریق لوگوں کی خدمت ہمارا اولین فریضہ ہے سیاسی وابستگیوں کو بالائے طاق رکھ کر لوگوں کو 15 لاکھ تک بلاسود قرضے دیے جا رہے ہیں۔

ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے پیشہ وارانہ امور زیر غور آئے

ڈائیریکٹر سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ و چیئرمین لائنز کلب طاہر مجید کپور آف کپور پرائیویٹ لمیٹڈ اور سیکرٹری جنرل و ایگزیکٹوز جمخانہ جہلم کے مابین اہم میٹنگ ہوئی ۔ جمخانہ جہلم پہنچنے پر ڈائیریکٹر سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ طاہر مجید کپور وفد کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور زیر غور آئے اس دوران چیئرمین جمخانہ کی طرف سے جہلم جمخانہ کی ممبر شپ آفر کی گئی جس کو سابق صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری و ڈائیریکٹر سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ طاہر مجید کپور نے قبول کیا۔ انہوں نے سیکرٹری جنرل جمخانہ جہلم اور انکی ٹیم کا پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر خصوصی شکریہ ادا کیا۔

ایس ایچ او تھانہ کوتوالی سب انسپکٹر کاشف علی بٹ نے ناجائز اسلحہ رکھنے اور ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزمان کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا

ایس ایچ او تھانہ کوتوالی سب انسپکٹر کاشف علی بٹ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے تھانہ کوتوالی کے علاقے میں ناجائز اسلحہ اور ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت ناجائز اسلحہ معہ گولیاں برآمد کرکے کے ملزمان کو حوالات جوڈیشل کر دیا اس موقع پر سب انسپکٹر کاشف علی بٹ کا کہنا تھا کہ تھانہ کوتوالی کے علاقے میں کسی کو بھی امن وامان کی صورتحال خراب کرنے نہیں دیں گے قانون شکنی کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا یاد رہے رواں تھانہ کوتوالی پولیس نے رواں ماہ میں متعدد منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے اور ہوائی فائرنگ کے مقدمات درج کر کے علاقے میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کیا ہے

تجاوزات کو ہٹانے کیلئے آپریشن

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) میونسپل کمیٹی کے عملہ تہہ بازاری کی طرف سے شہر بھر کے بازاروں و چوک چوراہوں میں قائم تجاوزات کو ہٹانے کیلئے شروع کئے گئے آپریشن کلین اپ کے سود مند نتائج مرتب ہوئے ہیں اور شہر کے بازاروں وتجارتی مراکز اور چوک چوراہوں سے تجاوزات ہٹنے کے باعث ٹریفک کی روانی فعال ہوئی ہے جس سے نہ صرف شہریوں کی سفری مشکلات کا ازالہ ہوا ہے بلکہ سامان کی نقل وحمل کی راہ میں حائل دشواریاں بھی خاصی کم ہوئی ہیں ذرائع کے مطابق تجاوزات کے خلاف یہ آپریشن وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ممکنہ دورہ شیخوپورہ کے پیش نظر شروع کیا گیا ہے جس کے تحت ہنگامی بنیادوں پر کاروائیاں کی جا رہی ہیں تاہم شہریوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کے دورہ کے بعد تجاوزات کے خاتمہ کا آپریشن بند کر دیا جائے گا جس سے دوبارہ شہر میں تجاوزات کی بھرمار ہو جائے گی لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ عملہ تہہ بازاری کو روزانہ کی بنیاد پر کاروائیاں جاری رکھنے کا پابند بنایا جائے اور ضلعی انتظامیہ و میونسپل کمیٹی میں تعینات ایسے افسران و ملازمین کا بھی کڑا محاسبہ کیا جائے۔

بار ایسوسی ایشن کی جانب سے ڈاکٹر انصر یوسف جوئیہ اور ان کی ٹیم کے اعزاز میں شاندار تقریب

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) بار ایسوسی ایشن کی جانب سے ڈاکٹر انصر یوسف جوئیہ اور ان کی ٹیم کے اعزاز میں شاندار تقریب عارف والا بار ایسوسی ایشن میں ڈاکٹر انصر یوسف جوئیہ، انچارج چلڈرن ایمرجنسی تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال عارفوالا کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کا مقصد ان کی پیشہ ورانہ اور سماجی خدمات کو سراہنا تھا، جو مختلف شعبوں میں نمایاں اہمیت رکھتی ہیں تقریب کی صدارت صدر بار عارفوالا چوہدری عثمان علی ایڈووکیٹ اور سیکرٹری جنرل بار ایسوسی ایشن سردار سکندر حیات ڈوگر نے کیا تقریب میں دیگر سینئر وکلا صاحبان کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی اس موقع پر ڈاکٹر انصر یوسف جوئیہ کو ان کی خدمات کے اعتراف میں اپریسیشن سرٹیفکیٹ دیا گیا بار کے نمائندگان نے ان کی انسانی خدمت کے جذبے، صحت کے میدان میں غیر معمولی کارکردگی اور انتھک محنت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا تقریب میں حالیہ ایک اہم واقعے کا بھی ذکر کیا گیا، جس میں ڈاکٹر انصر یوسف جوئیہ اور ان کی ٹیم، جس میں ڈاکٹر فرحان یونس اور ڈسپنسر محمد زبیر ایک گھنٹے تک پانی کے اندر ڈوبے رہنے والے بچے کو مسلسل محنت اور مہارت سے سی پی آر کے ذریعے کامیاب علاج فراہم کیا اور اس کی جان بچائی صدر بار نے کہا کہ ڈاکٹر انصر یوسف جوئیہ کی پیشہ ورانہ اور سماجی خدمات نہ صرف عارف والا بلکہ پورے معاشرے کے لیے مشعل راہ ہیں

ملک پاکستان میں استحکام اور امن افواج پاکستان کی بدولت ہے: احمد شاد ضلعی صدر

عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) ملک پاکستان میں استحکام اور امن افواج پاکستان کی بدولت ہے دہشت گرد اور انکے حواری اپنے انجام کو ضرور پہنچیں گے، ملک پاکستان میں دہشت گردی اور انتشار کی موجودہ لہر نے استحکام اور امن کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کی جس سے ملکی معیشت کے ساتھ ساتھ عام محب وطن شہری بھی متاثر ہوا لیکن افواج پاکستان نے بروقت اقدامات کر کے ملک پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنے والے دہشت گردوں کے کی کمر توڑ کر رکھ دی

لیاقت بلوچ کا نارنگ نادرا سنٹر میں پاسپورٹ ڈیسک بنانے کیلئے خط

گردونواح کے علاقوں کے عوام کو 75 کلومیٹر فاصلہ طے کر کے شیخوپورہ شہر جانے کیلئے بڑی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ کا وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو نارنگ نادرا سنٹر میں پاسپورٹ ڈیسک بنانے کیلئے خط پاسپورٹ بنوانے کیلئے نارنگ و گردونواح کے علاقوں کے عوام کو 75 کلومیٹر فاصلہ طے کر کے شیخوپورہ شہر جانے کیلئے بڑی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے نارنگ منڈی اور گردونواح کے رہائشیوں کو پاسپورٹ کے حصول کیلئے درپیش مشکلات پر مرکزی رہنما فرحان شوکت ہنجرا اور ضلعی امیر زاہد عمران کوروٹانہ کی کاوش سے جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر سابق ممبر قومی اسمبلی لیاقت بلوچ نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو نارنگ منڈی میں پاسپورٹ آفس قائم کرنے کے حوالے سے ان کے نام لکھے گئے خط میں مطالبہ کیا ہے کہ نارنگ منڈی و گردونواح کے علاقوں کے عوام کو پاسپورٹ بنوانے کیلئے 75 کلومیٹر کا یکطرفہ فاصلہ طے کر کے شیخوپورہ شہر میں بڑی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے حکومت عوام کو ان کی دہلیز پر عوامی خدمت کی سہولت مہیا کرے وزیر داخلہ عوامی مطالبے پر نارنگ منڈی نادرا سنٹر میں ہی پاسپورٹ آفس یا پاسپورٹ ڈیسک قائم کرنے کی فی الفور منظوری دیں دریں اثنا جماعت اسلامی ضلع شیخوپورہ کے امیر چوہدری زاہد عمران کوروٹانہ، چوہدری فرحان شوکت ہنجرا، امیر جماعت اسلامی زون 135 ریاست علی کلو نے لیاقت بلوچ کی جانب سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو نارنگ منڈی نادرا سنٹر میں پاسپورٹ آفس ڈیسک بنانے کی منظوری کے مطالبے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کی ترجمان ہے انشاءاللہ جماعت اسلامی کی کوششیں رنگ لائیں گی چوہدری زاہد عمران کوروٹانہ نے کہا انشاءاللہ نارنگ شہر میں گرلز ڈگری کالج و اپڈا آفس اور غلہ منڈی میں الخدمت فاؤنڈیشن جلد پینے کے صاف پانی منصوبہ کو پایا تکمیل پہنچائے گی۔

میاں نواز شریف محسن پاکستان ہیں: امجد نذیر بٹ

شہباز شریف جلد پاکستان کو معاشی مسائل اور بحرانوں سے نجات دلانے کیلئے مؤثر اقدامات اٹھا رہے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ میاں نواز شریف محسن پاکستان ہیں جن کے ملکی تعمیر وترقی اور عوامی خوشحالی کے ویژن کی تکمیل یقینی بنائی جا رہی ہے وزیر اعظم میاں شہباز شریف جلد پاکستان کو معاشی مسائل اور بحرانوں سے نجات دلانے کیلئے مؤثر اقدامات اٹھا رہے ہیں پارٹی قیادت نے عوامی ریلیف کی خاطر مربوط لائحہ عمل مرتب کر رکھا ہے۔ جس کی انجام دہی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی گئی ہے مریم نواز بطور وزیر اعلیٰ پنجاب صوبہ کے عوام کیلئے دن رات کام کر رہی ہیں جو پنجاب کو مثالی صوبہ بنا کر دم لیں گی گڈ گورننس یقینی بنانے سمیت عوامی محرومیوں کا ازالہ ان کی اولین ترجیح ہے 2013 میں 18 سے 20 گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ ہو رہی تھی لاقانونیت عروج پر تھی ملک مختلف بحرانوں اور عوام طرح طرح کے مسائل کا شکار تھی ترقی کا کوئی نام ونشان تک نہ تھا مگر نواز لیگ نے حکومت تشکیل دیتے ہی ملکی مسائل کے حل کی راہ ہموار کی اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کی نئی مثال رقم کی ان شاء اللہ اب بھی پاکستان کی ترقی وعوامی خوشحالی کا سہرا نواز لیگ کے سر پر ہی سجے گا جو پاکستان کو جلد ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرے گی اور مہنگائی و بے روزگاری کا خاتمہ کرنے سمیت عوام کا معیار زندگی بلند کرے گی، نواز لیگ کا ایجنڈہ معیشت کی بحالی مہنگائی کا خاتمہ اور عوامی خوشحالی ہے ملک کو اس وقت سنگین بحرانوں کا سامنا ہے۔ جن سے صرف نواز لیگ کی باصلاحیت قیادت ہی چھٹکارا دلا سکتی ہے نواز لیگ انتقامی کاروائیوں پر یقین نہیں رکھتی پارٹی نے ہمیشہ جمہوری اقدار کے فروغ اور آئین وقانون کی بالادستی کیلئے کردار ادا کیا اور آئندہ بھی اپنے اس ایجنڈے کی تکمیل کی خاطر جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

تجاوزات مہم کو بھرپور قانونی قوت سے جاری رکھنے کا حکم دیا

میونسپل کارپوریشن کی حدود میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی کی فورس واضح نظر آنی چاہیے

فیصل آباد (سالم الیاس) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ضلع بھر میں انسداد تجاوزات مہم کو بھرپور قانونی قوت سے جاری رکھنے کا حکم دیا اور کہا کہ تجاوزات کے صفایا کے ساتھ پارکنگ کا نظام بھی بہتر کیا جائے۔ انہوں نے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ میونسپل کارپوریشن کی حدود میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی کی فورس واضح نظر آنی چاہیے۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنرز سے کہا کہ وہ تحصیلوں میں ریڑھی بازاروں کو بڑھائیں اور بازاروں وسڑک کناروں موجود ریڑھیاں ریڑھی بازار میں ہی لگنی چاہیں۔ انہوں نے غلہ وسبزی منڈیوں میں بھی تجاوزات کا خاتمہ کرانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ آٹھ بازاروں کو خوبصورت بنانا ہے جس کے لئے ایک ہی طرز کے ڈیزائن بنائیں اور تاجروں سے بھی ڈیزائن شیئر کئے جائیں۔

ضلعی انتظامیہ کی قبضہ مافیا کے خلاف کارکردگی فوٹو سیشن تک محدود

مبر قادر آباد اور اس کے گردونواح میں قبضہ مافیا کا راج جس کی وجہ سے عوام میں شدید تشویش کی لہر

گمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ کی قبضہ مافیا کے خلاف کارکردگی فوٹو سیشن تک محدود گمبر قادر آباد اور اس کے گردونواح میں قبضہ مافیا کا راج جس کی وجہ سے عوام میں شدید تشویش کی لہر وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گمبر قادر آباد بگڑی پل نور شاہ اور اس کے گرد ونواح میں قبضہ مافیا کا راج قبضہ مافیا نے مختلف محکموں کی زمینوں پر قبضہ کر کے بڑی بڑی ناجائز تجاوزات قائم کر دی ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکمے فوٹو سیشن کر کے وزیر اعلیٰ پنجاب کو خوش کرنے میں مصروف حقیقی معنوں میں قبضہ مافیا کے خلاف کاروائی کوئی بھی نہیں ہو رہی جس کی وجہ سے گمبر قادر آباد کی عوام ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں پر شدید برہم گمبر قادر آباد کی عوام کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گمبر قادر آباد اور اس کے گرد و نواح میں قبضہ مافیہ کے خلاف حقیقی کاروائیاں کر کے ناجائز تجاوزات ختم کروائی جائیں اور قبضہ مافیہ کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے

لائنز واقوام متحدہ کے باہمی اشتراک سے تقریب نیروبی کینیا میں منعقد ہوگی

نیروبی کینیا میں منعقدہ اہم تقریب میں شرکت کیلئے لائنز رجوع کریں۔فیضان کپور

نیروبی (نیٹ نیوز) 13 فروری 2025 لائنز کلب انٹرنیشنل واقوام متحدہ کی باہمی شراکت سے عالمی 47 ویں سالانہ کے حوالہ سے نیروبی (کینیا) میں منعقدہ پروقار تقریب کیلئے فیضان ایم کپور PMJF/SCA پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب انٹرنیشنل خدمات کا مستقبل تھیم کے ایمبیسیڈر مقرر کئے گئے ہیں۔ خدمات کا مستقبل کے عملی کردار کی ادائیگی کیلئے لائنز/لیوز ایم۔ڈی 305 پاکستان سے رجوع کیجئے۔ ان باتوں کا اظہار لائنز کلب انٹرنیشنل کی عظیم شخصیت طاہر مجید کپور نے سینئر میڈیا نمائندگان کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ لائنز کے 47 ویں سالانہ بین الاقوامی سطح پر منعقدہ تقریب میں پاسٹ گورنر لائنز کلب فیضان مجید کپور ایمبیسیڈر مقرر ہوئے ہیں ۔ یہ تمام لائنز کی بین الاقوامی سطح پر کامیابی وعزت ہے۔ لائنز نیروبی کینیا میں اہم تقریب میں شرکت کیلئے لائن فیضان ایم کپور سے رابطہ کریں۔

ڈسٹرکٹ پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن رجسٹرڈ چنیوٹ کا ایک تعزیتی اجلاس

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن رجسٹرڈ چنیوٹ کا ایک تعزیتی اجلاس زیر صدارت چیئرمین پیرزادہ اقبال حسین منعقد ہوا اجلاس میں صدر چوہدری عثمان حیدر آرائیں سینئر نائب صدر ملک بابر اشرف نائب صدر قاری سلمان عثمانی نائب صدر حافظ کفایت اللہ جنرل سیکرٹری گلزار ولد رائے ایڈیشنل سیکرٹری فاروق احمد راجہ جوائنٹ سیکرٹری شہباز علی اور وارا سیکرٹری اطلاعات شیخ جہانگیر احمد چنیوٹی کے علاوہ چیئرمین مجلس عاملہ شفیق احمد ایگزیکٹو ممبران رانا تجمل حسین، پیرزادہ خالد محمود، رانا عارف علی، ملک احسان الٰہی حسرت، ساجد فاروقی، شیخ عثمان بھراڑہ و دیگر صحافیوں نے شرکت کی اجلاس کے دوران سابقہ صدر پریس کلب چنیوٹ حاجی بشیر حسین چمن کے بھائی اور صدر ایمرا ایسوسی ایشن امیر عمر چمن کے انکل حاجی نذیر حسین مرحوم کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا اور مرحوم کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعا کی گئی

دیپالپور تحصیل کچہری میں الیکشن کی گہما گہمی

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کی طرف سے سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) تحصیل بار ایسوی ایشن کے الیکشن میں سید اسرار حسن گیلانی صدر، شاہد محمود پیرزادہ ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری اور چوہدری شاہد ظہور ایڈووکیٹ نائب صدر کی سیٹ پر میدان مار لیا، دیپالپور تحصیل کچہری میں الیکشن کی گہما گہمی اور جوش وخروش دیدنی تھا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کی طرف سے سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے، تفصیلات کے مطابق دیپالپور بار ایسوی ایشن کے الیکشن سال 26.2025 میں سید اسرار حسن گیلانی ایڈووکیٹ 597 ووٹ حاصل کر کے صدر دیپالپور بار کامیاب جبکہ مد مقابل میاں محمد احمد وٹو ایڈووکیٹ نے 487 ووٹ حاصل کیے، جنرل سیکرٹری بار کے لیے شاہد محمود پیرزادہ ایڈووکیٹ 568 ووٹ لیکر کامیاب مد مقابل محمد سلمان اکرم کمیانہ ایڈووکیٹ نے 524 ووٹ حاصل کیے اور دوسرے نمبر رہے، نائب صدر بار کے لیے چوہدری شاہد ظہور ایڈووکیٹ نے 503 ووٹ حاصل کیے اور کامیاب ان کے مدمقابل چوہدری محمد حسین نے ایڈووکیٹ 500 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے، ملک سلیم شاد ایڈووکیٹ نے 76 ووٹ حاصل کیے اور تیسرے نمبر پر رہے

چنیوٹ ٹریفک پولیس کی سال 2024 کی کارکردگی رپورٹ جاری

ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے کاروائیوں کے ساتھ آگاہی مہم کا سلسلہ بھی جاری ہے مختلف گاڑیوں کے 68136 چالان میں 3 کروڑ 94 لاکھ 57 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا، ڈی پی او

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے چنیوٹ ٹریفک پولیس کی سال 2024 کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی تفصیلات کے مطابق سال 2024 میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر مختلف گاڑیوں کے 68136 چالان میں 3 کروڑ 94 لاکھ 57 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا ٹریفک پولیس نے 1918 اوور سپیڈ، 2006 اوور لوڈنگ اور غفلت لاپرواہی کے 2275 چالان کیے گزشتہ سال 2575 کم عمر ڈرائیوروں، 10058 بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف کاروائی کی گئی سال 2024 میں ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ پر 7170 چالان میں بھاری جرمانہ کیا گیا 597 لائن اینڈ لین، 441 ٹریفک سگنل، 7608 سموگ دیگر خلاف ورزیوں پر 9331 گاڑیوں کیخلاف کاروائیاں کی گئیں گزشتہ سال 2024 میں غفلت لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے پر 90 ڈرائیوروں کیخلاف مقدمات درج کیے گئے ڈی پی او چنیوٹ عبداللہ احمد نے کہا کہ شہریوں کے سفر کو محفوظ بنانے کیلئے عملی اقدامات یقینی بنائے جا رہے ہیں ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے کاروائیوں کے ساتھ آگاہی مہم کا سلسلہ بھی جاری ہے ٹریفک ایجوکیشن یونٹ کی جانب مختلف تعلیمی اداروں میں جا کر ٹریفک قوانین سے آگاہی دی جا رہی ہے۔

وزیر آباد: سیاسی وسماجی شخصیت عمران خان اور گل خان نو منتخب صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

محکمہ صحت کی فیلڈ ٹیموں نے شہر ونواحی علاقوں میں قائم سے سوے زائد اتائی کلینکس کو بند کروایا

پنجاب حکومت نے سرکاری ہسپتالوں کے ڈاکٹرز کے پرائیویٹ پریکٹس کرنے پر پابندی عائد کر رکھی ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر صدیق خان بلوچ کی ہدایت پر اتائی ڈاکٹرز کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں اور محکمہ صحت کی فیلڈ ٹیموں نے گزشتہ ہفتہ کے دوران شہر ونواحی علاقوں میں قائم سے سوے زائد اتائی کلینکس کو بند کروایا ہے جنہیں چلانے والے اتائی ڈاکٹرز کے خلاف بھی کاروائی عمل میں لائی گئی واضح رہے کہ ضلع میں کم وبیش 600 اتائی کلینکس چل رہے ہیں جن میں سے بعض کے بورڈز پر مختلف کوآلیفائیڈ ڈاکٹرز کے نام درج ہیں جن میں ایسے ڈاکٹرز بھی شامل ہیں جو سرکاری ہسپتالوں میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں حالانکہ پنجاب حکومت نے سرکاری ہسپتالوں کے ڈاکٹرز کے پرائیویٹ پریکٹس کرنے پر پابندی عائد کر رکھی ہے اتائی کلینکوں کے بورڈز پر درج ناموں کے ڈاکٹرز ان کلینکس میں بیٹھ کر مریضوں کا معائنہ نہیں کرتے ان کے نام صرف محکمہ صحت کے حکام کو دھوکہ دینے اور عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی خاطر لکھے گئے ہیں جس کے عوض ان ڈاکٹرز کو ماہانہ ہزاروں روپے بھتہ وصول ہوتا ہے، ماضی میں بھی اتائی ڈاکٹرز کے خلاف کاروائیاں کی گئیں مگر چند روز بعد پھر سے بعض افسران کی آشیر باد سے اتائی کلینکس کھل جاتے ہیں حالیہ کاروائیوں کے حوالے سے بھی شہری اسی خدشہ کا اظہار کر رہے ہیں۔

بجلی چور قومی مجرم ہیں جو کسی رعایت کے مستحق نہیں: عمر بلال

پاکستان کے دیگر متعلقہ ادارے مشترکہ طور پر بجلی چوروں کے خلاف کاروائی جاری رکھے ہوئے ہیں، ایس ای لیسکو

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ایس ای لیسکو شیخوپورہ عمر بلال نے کہا ہے کہ بجلی چور قومی مجرم ہیں جو کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں وزارت توانائی اور حکومت پاکستان کے دیگر متعلقہ ادارے مشترکہ طور پر بجلی چوروں کے خلاف کاروائی جاری رکھے ہوئے ہیں ان کاروائیاں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے محکمہ کے ملازمین کو بھی سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ بجلی چوری میں کوئی اہلکار ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی لیسکو کی فیلڈ ٹیمیں بجلی چوروں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں گزشتہ ایک ماہ کے دوران درجنوں بجلی چوروں کے خلاف کاروائی کر کے بھاری جرمانے کرنے سمیت بعض کے خلاف مقدمات بھی درج کروائے گئے ہیں، بجلی چوری کی روک تھام کے حوالے سے مؤثر لائحہ عمل مرتب کیا گیا ہے جس کے تحت روزانہ کی بنیاد پر کاروائیاں کی جاری ہیں ہماری اولین ترجیح بجلی چوری کی مکمل روک تھام اور صارفین کی شکایات کا ازالہ کرنا ہے تا کہ انہیں کسی طرح دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ای لیسکو عمر بلال نے کہا کہ گھریلو صارفین سمیت صنعتی یونٹس و کارخانوں اور تجارتی مراکز میں بھی کاروائیاں کی جا رہی ہے اور بجلی چوری کے مرتکب پائے گئے افراد کو بلا امتیاز قانون کے مطابق ڈیل کیا جا رہا ہے

ناقص گوشت مافیا کے خلاف کارروائیاں جاری

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر ضلع بھر میں ناقص گوشت مافیا کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے 264 میٹ شاپس، میٹ گودام، سپلائرز کی چیکنگ کر کے قصابوں کو 4 لاکھ 20 ہزار کے جرمانے عائد کئے۔ ایک میٹ شاپ بند، 4 مقدمات درج، 1800 کلو سے زائد گوشت تلف کر دیا گیا۔ علی الصبح ناکہ بندی کر کے فیصل آباد میں سپلائی کئے جانے والے گوشت کی چیکنگ کی گئی۔ مردہ گوشت کے سپلائرز کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر مقدمات درج کرائے گئے۔ بارہا اصلاحی نوٹس دینے کے باوجود اصلاح نہ کرنے پر بھاری جرمانے عائد کئے گئے۔ قوانین کی سنگین خلاف ورزی پر سخت کارروائی عمل میں لائی گئی۔

وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر نارنگ منڈی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن

دوکانوں کے آگے بنے تھڑے اور دیواریں توڑ ڈالیں متعدد دوکانداروں کو جرمانے سامان اٹھالیا گیا

نارنگ منڈی (نامہ نگار) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر نارنگ منڈی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن دوکانوں کے آگے بنے تھڑے اور دیواریں توڑ ڈالیں متعدد دوکانداروں کو جرمانے سامان اٹھالیا گیا اسسٹنٹ کمشنر مرید کے میاں توصیف احمد کی زیر نگرانی پہلے دو روز وارننگ دی گئی اس کے بعد مشینری سے توڑ پھوڑ کی گئی پہلے روز ریل بازار حیدری چوک ریلوے روڈ بازا اور تھانہ روڈ کا دورہ کیا گیا حدود سے باہر سامان لگانے دوکانوں کے آگے ٹھیلے اور ریڑھیاں لگوانے والوں کو جرمانے کیے گئے دوکانوں کے تھڑے اور سیڑھیوں سمیت رکاوٹ بننے والی دیواروں کو توڑ دیا گیا وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے احکامات پر ہر صورت عملدرآمد کروایا جائے گا آپریشن مسلسل جاری رہے گا جو خلاف ورزی کرے گا اس کے خلاف سخت ایکشن لیں گے جو حد بندی کی گئی ہے اسے کراس نہیں کرنے دیں گے سختی سے عمل کروائیں گے۔

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ساہیوال سال 2025 کے انتخابات

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ساہیوال سال 2025 کے انتخابات میں ملک سعید احمد سکھلہ صدر، شیخ فیصل شبیر سیکرٹری جنرل، علی رافع کھٹانہ جوائنٹ سیکرٹری اور ملک عامر شہزاد سکھلہ فنانس سیکرٹری منتخب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ بار ساہیوال 2025 کے انتخابات کے سلسلہ میں 9 بجے صبح پولنگ شروع ہوئی جو شام 5 بجے تک جاری رہی جس کے بعد تین رکنی الیکشن کمیشن نے گنتی کا عمل شروع کیا۔ نتائج کے مطابق ملک سعید احمد سکھلہ 857 ووٹ لے کر صدر منتخب ہوئے ہیں جبکہ ان کے مدمقابل رانا عامر رضا علی نے 569 ووٹ حاصل کیے۔ جنرل سیکرٹری کیلئے چار امیدواروں کے درمیان مقابلہ ہوا جس میں شیخ فیصل شبیر 509 ووٹ لے کر سیکرٹری جنرل منتخب ہوئے ہیں جبکہ ان کے مدمقابل امیدواروں میں محمد نوید خان بلوچ نے 505 مہر اللہ وارث وسلی نے 278 اور مجاہد رفیق قریشی نے 133 ووٹ حاصل کیے۔ جوائنٹ سیکرٹری کیلئے علی رافع کھٹانا 896 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے ہیں جبکہ ان کے مد مقابل غلام عباس چھچی نے 512 ووٹ حاصل کیے۔ فنانس سیکرٹری کے لیے ملک عامر شہزاد سکھلہ 705 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے جبکہ ملک الطاف سکھلہ 700 ووٹ حاصل کر سکے۔ نائب صدر ملک محمد امین ڈھکو اور لائبریری سیکرٹری رجب علی خان بلوچ بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔

قلعہ احمد آباد گورنمنٹ ہائی سکول بوائز قلعہ احمد اباد میں انجمن اساتذہ کا اہم اجلاس

تلاوت قرآن پاک کی سعادت حافظ زبیر احمد بھٹی صاحب اور نعت شریف پڑھنے کی سعادت محمد سلیم عباس صاحب نے حاصل کی

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد گورنمنٹ ہائی سکول بوائز قلعہ احمد اباد میں انجمن اساتذہ پاکستان ضلع نارووال کا اہم اجلاس منعقد ہوا ۔ تلاوت قرآن پاک کی سعادت حافظ زبیر احمد بھٹی صاحب اور نعت شریف پڑھنے کی سعادت محمد سلیم عباس صاحب نے حاصل کی ۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے طارق محمود صاحب جنرل سیکرٹری انجمن اساتذہ پاکستان صوبہ پنجاب نے انجمن اساتذہ پاکستان کا تعارف، نقطہ نظر اور مقاصد سے اگاہ کیا انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اساتذہ کو اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے میدان عمل میں انا چاہیے اور یہ سب اساتذہ کے اتحاد سے ہی ممکن ہے ۔ محمد سلیم عباس سابق صدر انجمن اساتذہ نے پچھلے سال کی کارکردگی سے اگاہ کیا انہوں نے مزید کہا کہ انجمن اساتذہ پاکستان کو مزید فعال بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے ۔ نیاز حسین سابق جنرل سیکرٹری انجمن اساتذہ پاکستان ضلع نارووال نے کہا کہ اساتذہ کو اپنے حقوق کے ساتھ ساتھ اپنے فرائض پر بھی توجہ مبذول کرنی چاہیے انہوں نے کہا کہ اساتذہ ملک کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کر رہے ہیں ۔ بعد ازاں انجمن اساتذہ پاکستان ضلع نارووال کی تنظیم نو کی گئی ۔ رانا محمود احمد صاحب کو صدر انجمن اساتذہ پاکستان ضلع نارووال جبکہ حافظ زبیر احمد بھٹی صاحب کو جنرل سیکرٹری انجمن اساتذہ پاکستان ضلع نارووال منتخب کیا گیا ۔ طارق محمود صاحب جنرل سیکرٹری انجمن اساتذہ پاکستان صوبہ پنجاب نے نو منتخب عہدیداران سے حلف لیا۔

وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کا بزنس فیسیلیٹیشن سنٹر کا دورہ

صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ اکرام الحق کے ہمراہ کیک کاٹا

بزنس فیسیلیٹیشن سنٹر کا ایک سال مکمل کرنے پر کیک کاٹا اور شیلڈز تقسیم کیں۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ وصدر چیمبر آف کامرس اکرام الحق، ڈپٹی سیکرٹری انڈسٹریز ابوبکر اور میجر جنرل (ر) ایف سی سید حیدر منیر کے علاوہ مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا کہ بزنس فیسیلیٹیشن سنٹر آٹومیشن کی جانب سفر ہے، عوام الناس کو گھر بیٹھے ان کے دوراسٹیپ پر سہولیات کی فراہمی سے نظام میں شفافیت آئے گی اور شہریوں کو سرکاری دفاتر کے چکر بھی نہیں کاٹنے پڑیں گے جس سے ریسورسز کی بچت ہوگی۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ عمران خان سے ملاقات سے مذاکرات آگے بڑھ سکتے ہیں تو ان کی ملاقات کروانے میں کوئی مضائقہ نہیں تاہم ٹوٹ کے بعد مذاکرات اہتمام حجت ہیں جو پورا پورا ہونا چاہیے۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ مذاکرات کے دوران روزانہ کی بنیاد پر پریس کانفرنسز ہو رہی ہیں جو ایک چھوٹے موٹے جلسے کی شکل اختیار کر لیتی ہیں۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ فارن ریمیٹینٹ نہ بھجوانے کی پی ٹی آئی کا حربہ بری طرح ناکام رہا ہے۔

ممبر پرنٹ میڈیا میاں احسان نے نو منتخب جنرل سیکرٹری رانا رفاقت علی انجم کے اعزاز میں ٹی پارٹی

ننکانہ صاحب (رانا اسامہ) تفصیلات کے مطابق ممبر پرنٹ میڈیا میاں احسان نے نو منتخب جنرل سیکرٹری رانا رفاقت علی انجم اور نو منتخب ایڈیشنل جنرل سیکرٹری چوہدری ذیشان کے اعزاز میں اپنی رہائش گاہ پر ٹی پارٹی کا اہتمام کیا جب نو منتخب عہدے دران ان کی رہائش گاہ پر پہنچے تو ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نو منتخب جنرل سیکرٹری رانا رفاقت علی انجم نے کہا کہ قائدین پرنٹ میڈیا اور ممبران نے جو مجھے 2025 کے لیے متفقہ طور پر جنرل سیکرٹری منتخب کیا میں سب دوستوں کا بے حد مشکور ہوں اور تمام ممبران پرنٹ میڈیا کو سلام پیش کرتا ہوں انشاءاللہ عوامی مسائل کو اجاگر کر کے حل کروانے کی بھرپور کوشش کرتے ہوئے ممبران پرنٹ میڈیا کی فلاح وبہبود کے لیے بھرپور کوشاں رہوں گا

ننکانہ صاحب کے شہریوں کی زندگی کو آسان کریں

اداروں کے آپسی معاملات کی سزا شہریوں کو مت دی جائے: مرکزی انجمن تاجران

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ صاحب کے شہریوں کی زندگی کو آسان کریں۔ اداروں کے آپسی معاملات کی سزا شہریوں کو مت دی جائے۔ مرکزی انجمن تاجران ننکانہ صاحب۔ شہر ننکانہ صاحب میں زندگی روز بروز مشکل ہو رہی ہے۔ کاروباری معاملات میں دشواری بڑھ رہی ہے۔ لوگوں میں بے چینی کا عالم ہے۔ پورا شہر سیوریج کے مسائل میں گھرا ہوا ہے۔ ہر گلی محلے میں سیوریج کا گندہ پانی ابل رہا ہے۔ بے ہنگم ٹریفک پر کوئی کنٹرول نہیں ہے۔ مال گودام ریلوے پھاٹک گذشتہ کئی دنوں سے بند پڑا ہے جس کے باعث مسافروں، شہریوں کو بے پناہ تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہر کا لنک ٹوٹ گیا ہے۔ لوگ ریلوے لائن کو راستہ بنا رہے ہیں جو کسی بھی وقت کسی بڑے حادثہ کا باعث بن سکتا ہے۔ مرکزی انجمن تاجران کے نمائندوں کی جانب سے وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور محترم ڈپٹی کمشنر سے پرزور اپیل ہے کہ ہمارے شہر کے مسائل فوری طور پر حل کریں۔ ننکانہ صاحب ایک انٹرنیشنل شہر ہونے کے باوجود انتہائی نچلے درجے کی زندگی گزار رہا ہے۔ جس طرح وزیر اعلی پنجاب نے صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے ہیں اور جس طرح ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب شب و روز کام کر رہے ہیں اسی طرح ننکانہ صاحب شہر کے لوگوں کی زندگی کے معیار کو بہتر بنایا جائے۔ ننکانہ صاحب شہر کو فوری سیوریج کے مسائل سے چھٹکارا دلایا جائے اور ریلوے پھاٹک کو فی الفور کھولا جائے۔ معیار زندگی بہتر بنائے بغیر ایک بہتر معاشرہ ممکن نہیں ہے

پنجاب اربن لینڈ سسٹم انہاسمنٹ پلس کے جدید طریقہ کار پر عملدرآمد شروع

اس سے متعلقہ فیسوں/واجبات کی وصولی اور فائلوں پر محکمانہ کارروائی کی صورت حال ڈیجیٹل ڈیش بورڈ کے ذریعے چیک ہو سکے گی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ایف ڈی اے کے زیر اہتمام جائیدادوں کے حوالے سے مختلف امور میں شفافیت برقرار رکھنے اور درخواست گزاروں کو کاروباری آسانیوں کے لئے پنجاب اربن لینڈ سسٹم انہاسمنٹ پلس کے تحت وضع کردہ جدید طریقہ کار پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے اس سلسلے میں مجوزہ بلڈنگ پلان اور تکمیلی پلان کی منظوری، ٹاؤن پلاننگ رپورٹ وقبضہ سلپ کے اجراء، اس سے متعلقہ فیسوں/ واجبات کی وصولی اور فائلوں پر محکمانہ کارروائی کی صورت حال ڈیجیٹل ڈیش بورڈ کے ذریعے چیک ہو سکے گی۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے یاسر اعجاز چٹھہ نے متعلقہ شعبوں کو ان جدید اصلاحات پر فوری طور پر عملدرآمد کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ اس ضمن میں پہلے مرحلے میں یہ سسٹم ایف ڈی اے سٹی میں نافذ العمل ہوگا۔ حکم نامے میں ہدایت کی گئی ہے کہ متعلقہ آفیسرز اس سسٹم کے تحت اپنے زیر استعمال آئی ڈیز سے ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ ون ایف ڈی اے کو آگاہ کریں گے

صحافیوں کے اہل خانہ کے لیے سندباد میں ایک روزہ فری جھولوں کا شاندار انتظام

تفریحی پروگرام کا مقصد صحافیوں اور ان کے خاندانوں کو خوشگوار وقت فراہم کرنا تھا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) فیصل آباد پریس کلب نے صحافیوں کے بچوں اور ان کے اہل خانہ کے لیے سندباد میں ایک روزہ فری جھولوں کا شاندار انتظام کیا، جو صدر شاہد علی کی ہدایت اور سیکرٹری سید عزادار حسین عابدی کی خصوصی کاوشوں کے نتیجے میں ممکن ہوا۔ اس تفریحی پروگرام کا مقصد صحافیوں اور ان کے خاندانوں کو خوشگوار وقت فراہم کرنا تھا، جس میں بڑی تعداد میں فیملیز اور بچوں نے شرکت کی تقریب کے کامیاب انعقاد کے لیے سیکرٹری عزادار حسین عابدی کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی، جس میں نائب صدر رد اسندھو، فنانس سیکرٹری شوکت ملک، جوائنٹ سیکرٹری اورنگزیب ملک، اور ایگزیکٹو ممبر افشاں بتول شامل تھے۔ کمیٹی نے تمام انتظامات کو احسن طریقے سے مکمل کیا

حرا کالج اف سائنسز میں ون ڈے گریپلنگ ٹریننگ کیمپ کا اہتمام کیا گیا

کھیلیں اچھی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے بے حد ضروری ہیں

TRAINING CAMP
HIRA
Welcom

ننکانہ صاحب (ڈسٹرک رپوٹر) تفصیلات کے مطابق حرا کالج اف سائنسز میں ون ڈے گریپلنگ ٹریننگ کیمپ کا اہتمام گریپلنگ ایسوسی ایشن ننکانہ صاحب کی طرف سے کیا گیا جس میں چیئرمین گریپلنگ ایسوسی ایشن ننکانہ صاحب رانا محمد اسامہ اعظم، صدر محمد جمیل سیٹھ، صدر گریپلنگ فیڈریشن پاکستان عقیل احمد جمیل، (چیئرمین ننکانہ صاحب کنگفو) رانا عامر گادھی، محمد احتشان، چوہدری محمد جاوید، شاہ زیب رحمانی، محمد عمیر، رانا فہد گادھی نعم جعفر، علیشاہ اشفاق، مدیحہ لیاقت اور فاخرہ اسلم نے شرکت کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے رانا محمد اسامہ اعظم نے کہا کہ ٹریننگ کیمپ کا مقصد گریپلنگ کو فروغ دینا ہے۔ کھیلیں اچھی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے بے حد ضروری ہیں ۔ جن کے فروغ کے لیے ہمیں اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ترسیلاتِ زر میں ریکارڈ اضافہ، وزیر اعظم کی مبارکباد

وزیراعظم شہباز شریف نے ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافے پر قوم کو مبارکباد دی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافے سے ملکی معیشت کا پہیہ جام کرنے کا نعرہ لگانے والوں کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے۔ ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافہ ہمارے بیرون ملک پاکستانی بھائیوں اور بہنوں کے ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کے آہنی عزم کی سند ہے۔ پاکستان معاشی استحکام کے بعد ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے، حکومت پاکستان ملکی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے۔ دسمبر 2024 کے دوران ترسیلات زر میں 3.1 ارب ڈالر آئے جو ماہ بہ ماہ 5.6 فیصد اضافہ ہے۔ ترسیلات زر میں مالی سال 25 کی پہلی ششماہی کے دوران مجموعی طور پر 17.8 ارب ڈالر آئے جو مالی سال 24 کی پہلی ششماہی کے موصول شدہ 13.4 ارب ڈالر کے مقابلے میں 32.8 فیصد زیادہ ہیں۔ نمو کے لحاظ سے ترسیلات زر دسمبر 2024 سال بسال 29.3 فیصد اور ماہ بہ ماہ 5.6 فیصد بڑھ گئیں۔ دسمبر 2024 کے دوران ترسیلات زر زیادہ تر سعودی عرب (770.6 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (631.5 ملین ڈالر)، برطانیہ (456.9 ملین ڈالر) اور ریاست ہائے متحدہ امریکا (284.3 ملین ڈالر) کی صورت میں آئیں۔ تارکین وطن کی تعداد ایک کروڑ کے قریب بتائی جا رہی ہے۔ ان میں سے بہت سے روزگار کے سلسلے میں بیرونِ ملک مقیم ہیں۔ ایسے لوگوں میں عام مزدور سے لے کے اپنے اپنے شعبوں کے ماہرین بھی شامل ہیں۔ ان کی پاکستان میں زیادہ ضرورت تھی۔ کئی کو حالات کی مجبوریوں کے باعث ملک چھوڑنا پڑا۔ بانی تحریک انصاف کی طرف سے تارکین وطن سے پاکستان میں محدود رقوم بھیجنے کی مہم چلائی جا رہی ہے۔ بیرون ممالک موجود تحریک انصاف کے حامیوں کی طرف سے اس پر عمل بھی کیا جا رہا ہے۔ پاکستانیوں کو ریمیٹنسز پاکستان نہ بھجوانے پر امادہ کرنا اور سول نافرمانی کی تحریک کی باتیں کرنا ملک دشمنی سے کم نہیں ہے۔ سارے تارکین وطن کی طرف سے بانی تحریک انصاف کی کال پر کان نہیں دھرا گیا۔ گزشتہ سال کی نسبت تارکین وطن کی طرف سے پاکستان میں آنے والی رقوم کی شرح میں اضافے کی نشاندہی وزیراعظم کی طرف سے درست کی گئی ہے۔ ایسے اضافے کی سب سے بڑی وجہ گزشتہ سال سات لاکھ لوگوں کا پاکستان سے باہر جانا بھی ہے۔ ان میں اعلی دماغ بھی شامل ہیں۔ اسی کو برین ڈرین کہا جاتا ہے۔ حکومت کی طرف سے جہاں تحریک انصاف کی مہم کے مقابلے میں پاکستانیوں کو مزید رقم پاکستان بھجوانے کی مہم چلائی جانی چاہیے تھی۔ وہیں پہ سیاسی استحکام کے لیے بھی کوششیں تیز ہونی چاہیے تھیں۔ تحریک انصاف اور حکومت کے مابین مذاکراتی کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔ شروع میں مذاکرات کے جو دور ہوئے ان میں مثبت پیش رفت نظر آئی۔ اب جو صورتحال ہے اس میں فریقین کے غیر سنجیدہ رویئے نظر آ رہے ہیں۔ حکومتی کمیٹی اصرار کر رہی ہے کہ اپنے مطالبات لکھ کر دیں دوسری طرف سے ضد کی جا رہی ہے کہ ہماری کمیٹی کے تمام ارکان کی جیل میں عمران خان سے ملاقات کرائی جائے۔ ملک میں سیاسی استحکام ہر پاکستانی کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے سب سے زیادہ اقدامات حکومت ہی کو اٹھانا ہوتے ہیں۔ حکومت کی طرف سے ریمیٹنسز میں اضافے کے لیے مہم چلائی جائے تو مزید بھی مثبت نتائج سامنے آسکتے ہیں۔ حکومت کی طرف سے معیشت کی مضبوطی کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھایا جا رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا ان لینڈ ریونیو کے اپیلٹ ٹریبونلز کے امور پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے ایف بی آر کو ہدایت کی کہ عدالتوں میں رکے ہوئے محصولات کے مقدمات کے جلد سے جلد نمٹائے جانے کے لیے فوری اقدامات کرے۔ اپیلٹ ٹریبونلز ان لینڈ ریونیو میں بین الاقوامی معیار کی افرادی قوت کو مسابقتی تنخواہوں، مراعات اور پیشہ ورانہ ٹیلنٹ کی بنیاد پر تعینات کیا جائے، اپیلیٹ ٹریبونلز میں بہترین ٹیلنٹ کو تعینات کر کے محصولات کے کیسز فوری حل کیے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس کام میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اللہ کے فضل و کرم سے ایف بی آر اصلاحات پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ہماری عدالتوں میں لمبے لمبے سٹے چلتے ہیں۔ اس طرح کے فیصلوں کے بھی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ وزیراعظم جہاں ایف بی آر کے ذمہ داروں سے ان مقدمات کے جلد فیصلوں کے لیے اقدامات کرنے کی ہدایت کر رہے ہیں وہیں عدلیہ سے بھی ایسے مقدمات کے بلا تاخیر فیصلوں کے حوالے سے بات کی جا سکتی ہے۔ مزید برآں ایف بی ار کا قبلہ درست کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ ٹیکس چوری رک جائے تو پاکستان کے پاس اتنے زیادہ وسائل ہیں کہ آپ کی معیشت اپنے پاوں پر کھڑی ہو سکتی ہے۔ مہنگائی نے عام آدمی کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ مڈل کلاس ختم ہو کے رہ گئی ہے۔ اپر مڈل کلاس کے لیے بھی مسائل پیدا ہو چکے ہیں۔ انڈسٹری زوال پذیر ہے۔ کسان پریشان ہیں۔ بجلی کی آسمان سے باتیں کرتی قیمتیں ہر شعبہ زندگی کو شدید متاثر کر رہی ہیں۔ حکومت کی طرف سے مہنگائی میں کمی کے دعوے ضرور کیے جاتے ہیں مگر آن گراونڈ یہ دعوے حقیقت سے مطابقت نہیں رکھتے۔ وزیراعظم نے اب بھی کہا ہے کہ معیشت مضبوط ہو گئی ہے۔ معیشت میں بہتری کے جو دعوے حکومت کی جانب سے کیے جا رہے ہیں اگر حقائق پر مبنی ہیں تو مہنگائی اور افلاس کے ڈیرے کیوں ختم نہیں ہو رہے اگر ان سب کے باوجود بہتری نہیں آ رہی تو حکومت کو اپنی گورننس کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ سیاسی استحکام ہوگا تو سسٹم بھی مضبوط ہوگا اور معیشت کی بہتری کے ثمرات بھی عوام تک پہنچ پائیں گے۔ عوامی مسائل اور گورننس ہی حکومت کیلئے بڑے چیلنجز ہیں جن سے عہدہ براہو کر ہی حکومت عوام کا اعتماد قائم کرسکتی ہے۔

زندگی کی دھوپ چھاؤں

جمع تفریق
ناصر نقوی
jamatafreeq@gmail.com

میں اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ زندگی قدرت کا حسین تحفہ ہے اور سانسوں کی مالا سے بنتی زندگی عمروں کی محتاج نہیں، اسے قائم رکھنے کے لیے نہ مال و زر کی ضرورت ہے اور نہ ہی غریبی اس کا کچھ بگاڑ سکتی ھے، صرف،، سانس،، کی محتاج ہے اسی سے زندگی کی گاڑی چلتی ہے لیکن کچھ عاقبت نا اندیش اسے مال و دولت، زمین و جاگیر اور مسند و منصب سے جوڑتے ہیں حالانکہ رشتہ صرف سانس کا ہے آپ صرف اس کے ،، کیئر ٹیکر،، ہیں اپنی عادات، خواہشات، ضروریات کی منصوبہ بندی سے زندگی کی حفاظت بھی کر سکتے ہیں اور انہیں لامحدود کر کے اپنے اور زندگی کے لیے نت نئے امتحانات بھی پیدا کر سکتے ہیں، دنیا کے ایک ذمہ دار سروے کے مطابق بھوک سے لوگ کم مرے ہیں کھاتے پیتے خوش خوراکوں کی اموات زیادہ ریکارڈ پر ہیں، جس پر زندگی کا نسخہ کیمیا دین حق نے یہی دیا کہ خوراک متوازن سادہ اور ہمیشہ بھوک رکھ کر کھاؤ، ہر لذیذ کھانے بھوکوں کی طرح ٹوٹ نہ پڑو، ورنہ تم نہیں جانتے اس لذیذ اور مرغن غذا کو تم ہضم بھی کر سکو گے کہ نہیں؟ ایسے میں بھی ہمارے معاشرے میں خوش خوراک ہی نہیں بلکہ جنہیں نصیب ہے انہیں فخریہ طور پر ضائع کرنے کی عادت بھی اکثر دیکھی جاتی ہے میرے ارب پتی دوست نے کھانے کی دعوت پر مجھ سے پوچھا کیا آپ،، ہوٹلنگ،، کرتے ہیں میں نے کہا جی ہاں، بہت زیادہ تو نہیں لیکن بچوں کے اصرار پر ہر ماہ دو چار مرتبہ نہ چاہتے ہوئے بھی ہو جاتی ھے فوراً بولے،، جو کھانا بچ جاتا ہے اس کا کیا کرتے ہیں؟ میں نے مسکراتے ہوئے جواب دیا،، وہ پیک کرا لیتے ہیں، خوش ہو کر بولے،، اسے بچوں کی بھی عادت بنائیں، ہوٹل میں چھوڑنے سے منوں نہیں، ٹنوں خوراک ضائع ہو رہی ہے اگر خود استعمال نہ بھی کریں تو راستے میں کھڑے کسی بھکاری یا غریب شخص کو دے دیں مجھے ان کی سوچ پر حیرانگی اس لیے ہوئی کہ ماشاء اللہ ان کا کاروباری حلقہ پاکستان کے علاوہ برطانیہ اور ترکی تک وسیع ہے، دل ہی دل میں سوچا۔۔ کاش یہ سوچ ہم سب کی ہو جائے اور ہمارے اشرافیہ کے ذمہ داران بھی ایسا ہی سوچنے لگ جائیں کیونکہ کسی خوشی، غمی کی تقریب میں دیکھ لیں کھانا کھلتے ہی امیر، غریب جاہل، گنوار، پڑھا لکھا طبقہ ایک ہی طرح حملہ آور ہوتا ہے پھر اپنی پلیٹوں پر بوٹیوں کا پہاڑ، دوسرے ہاتھ میں نان اور کچھ پہلوانوں کی خواہش ہوتی ھے کہ پہلے ھی حملے میں سویٹ ڈش بھی لے کر فتحیابی سے ہنستے مسکراتے اپنی میز پر لوٹیں اور پھر چند منٹوں بعد کھانا آدھے سے زیادہ چھوڑ کر اٹھ جاتے ہیں یہ منظر کبھی بھی، کہیں بھی دیکھا جا سکتا ہے ہاں یاد آیا برسوں پہلے جب چودھری پرویز الہی پہلی مرتبہ وزیر اعلی بنے تو انہوں نے حلف برداری کی تقریب میں مجھے بھی مدعو کیا میری شامت کی گھڑی تھی، میں نے اپنے بھانجے کو بھی ہمراہ چلنے کی دعوت دے دی کیونکہ اسے خبر ملی کہ میں گورنر ہاؤس تقریب حلف برداری میں جا رہا ہوں تو اس نے کہا آپ تو جاتے رہتے ہیں ہم جیسوں نے آج تک گورنر ہاؤس صرف باہر سے دیکھا ہے دراصل میں اس کی خواہش مند نظریں بھانپ گیا تھا پہلے میں نے تسلی دی کہ یہ کون سی نئی بات ہے میاں اظہر جب تک گورنر نہیں بنے تھے وہ بھی صرف باہر سے ہی گورنر دیکھتے تھے لاہوریوں کے اکثریت وہاں کبھی نہیں گئی ہوگی لیکن تم چاہو تو میرے ساتھ جا سکتے ہو؟ اس کا چہرہ کھل اٹھا اور چشم زدن میں تیار ہو گیا، وقت مقررہ پر ہم دونوں پہنچ گئے دربار ہال میں حلف برداری کے بعد ماہ رمضان کے باعث باہر گراؤنڈ میں دو حصوں میں افطار اور ڈنر کا پرتکلف اہتمام کیا گیا تھا جونہی روزہ کھولنے کا اعلان ہوا معزز مہمانوں نے ایک ہی حملے میں دونوں مقامات پر فتح حاصل کر لی حالانکہ افطار کے بعد ڈنر سجایا جانا تھا لیکن مہمانوں نے افطار کے ساتھ ہی ڈنر کی دیگوں تک رسائی حاصل کر لی، انتظامیہ پسپا ہو گئی اور کلف زدہ سفید لباس اور شیروانیوں میں ملبوس دیگوں میں گھستے پائے گئے، کپڑے رنگین ہو گئے پھر بھی کسی کو ملال نہیں تھا اس لیے کہ وہ فاتحانہ انداز میں نہ صرف اپنے لیے بلکہ مہمانوں کے لیے خوراک حاصل کر چکے تھے، انہیں بالکل پرواہ نہیں تھی کہ کھانا کتنا ضائع ہوا یا کسے نہیں ملا، میں ان حالات میں شرمندگی محسوس کر رہا تھا کیونکہ افرا تفری اور خانہ جنگی کی کیفیت میں میرا بھانجا صورتحال کے مطابق سوال پر سوال داغ رہا تھا، میرا جواب تھا یہی ہمارا کلچر ہے تمہیں میں کسی اچھے سے ریسٹورنٹ سے کھانا کھلاتا ہوں تم صرف میلہ دیکھو، تھوڑی دیر بعد واپسی کی تو سامنے سے آتیں خواتین ایم۔ پی۔ ایز نے پوچھا،، آپ لوگوں کو کچھ ملا کہ صبر کر لیا؟ میں نے کہا ،، اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے،، وہ زبردستی خواتین کے کیمپ میں ہم دونوں کو لے گئیں اور وہاں ہر چیز بغیر مانگے مل گئی لیکن ایک ہی تقریب میں ان دو مناظر کا عینی شاید آج تک ہر لمحے پر کسی نہ کسی بہانے ان کی یاد تازہ کرتا رہتا ہے دنیا بھر کے طویل العمر لوگ یہی بتاتے ہیں کہ سادہ اور متوازن غذا کے ساتھ اگر آدم زادے پیدل چلنا عادت بنا لیں تو وارے نیارے ہو جاتے ہیں پھر بھی کوئی اس بات پر کان دھرنے کو تیار نہیں، خوش خوراکی کے جنگجوؤں سے یہی سوال کریں کہ حضور اپنی اداؤں پر ذرا خود غور کریں، تو جواب ملتا ہے کہ کوئی انتظار کرتا ہے جو ہم صبر کریں؟ بھائی یہ پاکستان ہے یہاں صبر اور تحمل سے کچھ نہیں ملتا، شرافت کی زندگی کے لیے بھی آپ کو بدمعاشی کرنی پڑتی ہے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں نے دیکھی جس میں مرزا غالب سے منسوب یہ پیغام ملا ہے کہ زمینوں پر قبضہ کرنے والوں کے جنازے میں ضرور شرکت کیا کریں اور دیکھا کریں کہ وہ کتنی زمین ساتھ لے کر جا رہا ہے ساری دنیا جانتی ہے کہ سکندر جب گیا دنیا سے تو دونوں ہاتھ خالی تھے، اس بات سے بھی سب واقف ہیں کہ کفن میں جیب نہیں ہوتی، ہر ذی شعور کو اس کا بھی ادراک ہے کہ سامان سو برس کا پل کی خبر نہیں، وجہ یہی ہے کہ بڑے بڑے رستم زماں، طاقت کے پہاڑ، انسانی زندگیوں سے کھیلتے ہوئے قتل و غارت گری سے خوف برپا کرنے والے بھی ماضی کا حصہ بن چکیں، اولاد نرینہ کی خواہش کر کے اپنا نام زندہ رکھنے کے تمنائی بھی گمنامی میں کھو چکے ہیں کیونکہ ان کی اولادوں نے کوئی کارنامہ انجام نہیں دیا، لوگ دولت سے امیر ہونا چاہتے ہیں بلا سوچے سمجھے کہ یہ جائز ہے کہ ناجائز، اسی لیے معاشرے میں ایسے لوگ بھی قدم قدم پر دکھائی دیتے ہیں جن کے پاس دولت کے سوا کچھ بھی نہیں، نہ سکون، نہ پیار، نہ ہی رواداری و برداشت، بس سانس کا بندھن ٹوٹنے کی دیر ہے کہ وہی دولت پورے خاندان کا شیرازہ بکھیر دیتی ہے اس دھن دولت کی لڑائی میں اپنے خونی رشتے بھی پرائے ہو جاتے ہیں اسی لیے سیانے کہتے ہیں زندگی میں زیادہ رشتوں کا ہونا ضروری نہیں، لیکن جو رشتے ہیں ان میں زندگی کا ہونا اشد ضروری ہے، زندگی کی دھوپ چھاؤں میں،، شفا،، ہر وقت مانگنی چاہئے صرف بیماریوں سے نہیں، حد سے بڑھی ہوئی خواہشات سے، کسی کے خلاف پیدا ہونے والے بغض، حسد، شر، نفرت اور کینہ سے، دل کو گرد آلود سوچوں اور ذہنی سکون چھین لینے والے انسانوں سے، اللہ مہربان تو بندہ پہلوان ورنہ اس مٹی کے پتلے کا مقدر حقیقت میں مٹی ھی ہے دعائیں مقدر بدل دیتیں ہیں اس لیے زندگی کی دھوپ چھاؤں سے گھبرانا اور مایوس نہیں ہونا چاہیے، مالک کائنات جس نے ہمیں جان اور جہان دیا اور ایسی ایسی نعمتوں سے نوازا ہے کہ ہم اسکا جتنا بھی شکر ادا کریں وہ کم ھے کیونکہ وھی 70 ماؤں سے زیادہ محبت کرنے والا ہے، جہاں تک ہم اور آپ نہیں پہنچ سکے اس کے لیے بھی نسخہ کیمیا کتاب آسمانی میں تلقین کر دی کہ یہ زمین و آسمان ،، بندہ خدا،، تیرے لیے ہیں ہمت کر کے مثبت جدوجہد سے انہیں تسخیر کر یہ سب تیرے ہی لیے ہے پھر سورہ رحمٰن میں یہ کہہ دیا،، اور تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ ایسے میں آدم زادے اگر دنیا کی بھول بھلیوں اور ترقی و خوشحالی کی چکا چوند میں بھٹک جائے تو قصور اسی کا ہے کیونکہ اس نے زندگی کی دھوپ چھاؤں میں اپنی، حقیقی ابتدا اور وارد دنیا ،، کے مراحل سے کچھ سیکھا ہی نہیں، رب کائنات نے اسے عقل و دانش عطا کر کے اشرف المخلوقات قرار دے دیا تو اس کی گھمنڈ اس حد تک بڑھ گئی کہ جیسے سب کچھ اس کا اپنا ہے حالانکہ دنیا تو ،، دار الامتحان،، ہے آدم زادہ سمجھتا ہے کہ میں جو کچھ ہوں وہ میری اپنی محنت اور ہمت ہے اور جو نہیں ہوں وہ اللہ کی مرضی، اس کم عقل کو ذرا احساس نہیں کہ بھلا تیرا اور مالک کا کیا مقابلہ؟ ذرا سوچ کہ اگر زندگی میں دھوپ چھاؤں نہ ہو تو یکسانیت کا جن تجھے کیسے نگل جائے گا؟ مالک ارض و سماں نے زمانے کی قسم کھا کر کہہ دیا،، انسان خسارے میں ہے لیکن جن لوگوں نے صبر و استقامت کا مظاہرہ کیا اور حق و صداقت کا ساتھ دیا ان کی فلاح میں کوئی رکاوٹ نہیں، نظام قدرت میں کسی کو کسی پر فوقیت حاصل نہیں ما سوائے،، متقی،، کے، ہم گنہگار دنیا پرستوں کو اپنی ہر لمحے اصلاح کرنی چاہیے اس لیے کہ زندگی صرف سانس کی آس ورنہ کچھ بھی نہیں، امیری غریبی کوئی معیار نہیں، حقیقی معیار احترام آدمیت ہے ایک دوسرے سے پیار کریں، ہنستے مسکراتے رہیں، کیا پتہ زندگی کی میسر دھوپ چھاؤں کب ختم ہو جائے؟ پھر چلے جانے والوں کے لیے آنسو بہائیں، کل کو چھوڑیں، آج کی فکر میں ہی پیار بانٹیں، کل کس نے دیکھی؟ دعا ہے کہ اللہ کریم سب کو میسر آنے والی زندگی کی اس دھوپ چھاؤں میں ذہنی، قلبی، روحانی اور جسمانی شفائے کلی عطا فرمائے،، ہم اور آپ،، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی بہترین ادائیگی کر سکیں، ہم زندگی کی دھوپ چھاؤں سے بیزاری کی بجائے مالک کے شکر گزار رہیں کہ جس نے یہ لمحات ہمیں عطا کیئے۔

ڈیجیٹل دستک اور اس دستک کی قدر



کہتے ہیں کہ دستک کی قدر کیجیے یہ گھروں کو ویران نہیں ہونے دیتی۔ دستک صرف دروازوں پر ہی نہیں دی جاتی بلکہ دستک یہ تو دلوں اور ذہنوں پر بھی دی جاتی ہے اور بار بار دی جاتی ہے۔ ہماری امی جان کہا کرتی تھیں کہ دستک کی آواز ہی یہ طے کر دیتی ہے کہ کون آیا ہے؟ ہم نے دیکھا کہ ان کے ننانوے فیصد اندازے اور آئیڈیے ہمیشہ ٹھیک ہوا کرتے تھے۔ وہ ہر دستک سن کر کہتی تھیں جاو جاوید! تمہارے فلاں دوست آیا ہے یا یہ کہ یہ دستک تو بھائی شریف کی لگ رہی ہے؟ ذرا جلدی جاو دودھ والا آیا ہے یا یہ دستک تو دھوبی کی لگ رہی ہے وغیرہ کسی نامعلوم دستک کو سن کی پہلے چہرے کھل اٹھتے تھے کیونکہ دستک کسی مہمان کے آنے کی نوید بھی سمجھی جاتی تھی اور مہمان کو اللہ کی رحمت کہا جاتا تھا۔ دروازے پہ دستک جب گھنٹی اور بیل میں بدلی تو مہمان زحمت ہونا شروع ہو گئے اب گھنٹی سن کر اکثر آواز آتی ہے کہ یہ اس وقت کون آ گیا ہے؟ یار کیا مصیبت ہے ہر وقت گھنٹی ہی بجتی رہتی ہے۔ اگر مہمان کی گھنٹی کا اندازہ ہو تو چہرے کی رنگت ہی بدل جاتی ہے جیسے کوئی مصیبت نازل ہو گئی ہو۔ کہتے ہیں کہ مہمان اپنا رزق اپنے ہمراہ لاتا ہے اور واپسی پر میزبان کے گھر کی ساری بلائیں بھی ساتھ لے جاتا ہے۔ یہ دستک کی ناقدری ہمارے رزق کو کھا جاتی ہے۔ یوں دستک کی یہ داستان دروازہ کی کنڈی بجانے سے گھنٹی اور بیل تک اور پھر ڈیجیٹل دستک پہنچ گئی ہے۔ جدید دور میں دستک کا تصور ایک وسیع اور علامتی معنویت اختیار کر چکا ہے۔ ماضی میں دستک دروازے پر دی جانے والی سادہ سی جسمانی کاروائی کا نام تھا جو ملاقات یا رابطے کی درخواست کے طور پر کی جاتی تھی۔ لیکن جدید دور میں یہ تصور ایک وسیع تر ثقافتی، سماجی اور ڈیجیٹل معانی کا حامل بن چکا ہے۔ ڈیجیٹل دستک کے بارے میں مجھے پہلی بار بنک ملازمت کے دوران سٹاف کالج ٹریننگ میں مشہور بینکار اور ہماری استاد مس اکرم خاتون نے اسی کی دہائی میں بتایا تھا کہ وقت کی تیز رفتاری کا تقاضا ہے کہ ڈیجیٹل رابطے کئے جائیں۔ یہ فون، موبائل، ای میل میسج، نوٹیفیکیشن، واٹس ایپ، فیس بک کے ذریعے پیغام لوگوں کو بغیر جسمانی موجودگی کے بھی اپنی موجودگی اور ضرورت کا احساس دلاتے ہیں۔ پیغام رسانی کا یہ تیز ترین ذریعہ ڈیجیٹل دستک ہی تو ہوتی ہے۔ جدیدیت کے چیلنجز خود ایک دستک ہیں جو لوگوں کو نئی مہارتیں سیکھنے، نئے راستے تلاش کرنے اور تبدیلی کو قبول کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ ڈیجیٹل دستک "ایک اصطلاح ہے جو عام طور پر ڈیجیٹل پلیٹ فارمز یا ٹیکنالوجی کے ذریعے کسی کام کی شروعات یا کسی سے رابطہ کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ اصطلاح مختلف سیاق و سباق میں استعمال ہو سکتی ہے، جیسے ڈیجیٹل مارکیٹنگ: کسی پروڈکٹ یا سروس کی تشہیر کے لیے آن لائن ذرائع استعمال کرنا۔ سوشل میڈیا پر رابطہ: کسی شخص یا ادارے سے آن لائن رابطہ قائم کرنا۔ ڈیجیٹل تبدیلی (Digital Transformation): روایتی کاروباری عمل کو ڈیجیٹل ٹولز کے ذریعے بہتر بنانا۔ ایک زمانے میں خطوط ہی رابطے اور پیغام رسانی کا واحد ذریعہ ہوا کرتے تھے دوسری جنگ عظیم میں ہمارے دادا جان میرے چچا نیاض خان کو محاذ جنگ پر خطوط لکھتے تھے مگر جواب کبھی نہ ملتا جب وہ چھٹی پر گھر آئے تو پوچھا کہ تمہیں خطوط نہیں ملتیہیں؟ یا پھر تم جواب نہیں دیتے تو انہوں نے اپنے بیگ سے سارے خطوط نکال کر دکھائے جو اکثر لفافے انہوں نے کھولے ہی نہیں تھے۔ شاید جنگ کے دوران کھولنے اور پڑھنے کا موقعہ ہی نہیں ملتا تھا اور جواب دیا "خط نہ آئے تو سمجھو خریت ہے "اور اگر" خط آ جائے تو بھی سمجھو خریت ہے "خط آنا اور نہ آنا دونوں زندگی اور خریت کی علامت ہوا کرتے تھے۔ جس خط میں کوئی خریت کی خبر نہ ہوتی تو اس لفافے کے ایک کونے کو پھاڑ دیا جاتا تھا یا پھر بیرنگ بھجوایا جاتا تھا۔ ایسے ہی چند دن قبل میں سوشل میڈیا پر یہ کہانی پڑھ کر بڑا متاثر ہوا وہی منقول ہے کہ "ایک لڑکا ایک گھر میں اخبار پہنچانے جایا کرتا تھا لیکن ایک دن اسے پتہ چلا کہ اس گھر کا تو لیٹر بکس بند ہے۔ اس نے دروازہ کھٹکھٹایا تو ایک بزرگ آدمی نے دھیرے دھیرے قدموں کے ساتھ دروازہ آہستہ سے کھولا۔ لڑکے نے پوچھا جناب، آپ نے اپنا لیٹر بکس کیوں بند کیا ہوا ہے؟ انہوں نے جواب دیا میں نے جان بوجھ کر اسے بند کیا ہے اور مسکراتے ہوئے انہوں نے کہا میں چاہتا ہوں کہ تم روزانہ میرے دروازے پر اخبار لے کر آ اور میرا دروازہ کھٹکھٹایا گھنٹی بجا اور مجھے ذاتی طور پر اخبار دو۔ لڑکے کو حیرت ہوئی اس نے جواب دیا کہ یقیناً لیکن اس سے تو دونوں کے لیے مشکل ہوگی اور وقت کا ضیاع ہوگا۔ انہوں نے کہا کوئی بات نہیں ہے میں تمہیں ہر ماہ دروازہ کھٹکھٹانے کی فیس اضافی دوں گا۔ پھر انہوں نے التجا بھری نظروں سے کہا اگر کبھی تم نے دروازہ کھٹکھٹایا اور کوئی جواب نہ ملا تو براہ کرم پولیس کو اطلاع دینا۔ بزرگ کی درخواست سن کر نوجوان اخبار فروش چونک گیا اور پوچھا کیوں جناب ایسا کیوں ہے؟ انہوں نے جواب دیا میری بیوی انتقال کر چکی ہے میرا بیٹا ملک سے باہر ہے اور میں یہاں اکیلا رہتا ہوں۔ کون جانے کب میری موت آ جائے؟ اس لمحے اخبار فروش نوجوان نے بوڑھے آدمی کی آنکھوں میں دھندلاہٹ اور نمی دیکھی۔ انہوں نے مزید کہا میں کبھی اخبار نہیں پڑھتا۔ میں نے اسے صرف اس لیے خریدتا ہوں تا کہ دروازہ کی دستک یا گھنٹی بجنے کی آواز سن سکوں اور ایک مانوس چہرہ دیکھ سکوں اور کچھ لمحے خوشی کے گزار سکوں۔ انہوں نے اپنے ہاتھ جوڑے اور کہا بیٹا براہ کرم ایک احسان کرو۔ یہ میرے بیٹے کا نمبر ہے جو ملک سے باہر ہے۔ گر کسی دن میں دروازہ نہ کھولوں تو براہ کرم میرے بیٹے کو اطلاع دینا۔" کبھی کبھی آپ بھی سوچتے ہوں گے کہ لوگ روز سویرے آپ کو واٹس ایپ پر سلام دعا کے کیوں پیغامات بھیجتے رہتے ہیں؟ حقیقت میں ان کی صبح کی سلام دعا بالکل اسی طرح ہے جیسے کسی بند دروازے کی گھنٹی بجانا ہوتا ہے۔ شاید یہ ایک جدید طریقہ ہے کہ ہم ایک دوسرے کی خیریت معلوم کریں اور اپنے پیار، محبت، نیک خیالات اور تعلق کا اظہار کریں۔ کسی ایک دن اگر آپ کو ان کا صبح کا پیغام یا شیئر کیا گیا مضمون نہ ملے تو ہو سکتا ہے کہ وہ ٹھیک نہ ہوں یا ان کے ساتھ کوئی حادثہ ہو چکا ہو۔ براہ کرم اپنے دوستوں اور خاندان کا خیال رکھیں اور اپنی اس ڈیجیٹل دستک کو جاری رکھیں۔ محبتوں کا یہ حسین سفر اپنی زندگی میں بھی جاری رکھیں اور اپنے بزرگوں اور والدین کی قبروں پر جا کر دعاوں کی دستک دینا بھی کبھی نہ بھولیں۔ ہمارے اباجی مرحوم کہا کرتے تھے کہ دستک تو ایک نعمت ہوتی ہے اللہ جب کسی کو عزت دینا چاہتا ہے تو لوگوں کو اس سے کام ڈال دیتا ہے اور لوگ اس کی جانب متوجہ ہو جاتے ہیں۔ دستک ایک امید کا نام ہے جو کسی کے دروازے یا دل پر دے کر آسانی کی تلاش اور کسی اچھے وقت کی شروعات ہوتی ہے۔ اباجی کہتے تھے کہ زندگی میں مواقع اور تبدیلی کی دستک بڑی اہم ہوتی ہے اسے جاننا اور پہچاننا چاہیے اور ضائع نہیں کرنا چاہیے اس دستک پر ہمارا جواب دینا ہماری زندگی بدل دیتا ہے۔ وہ کہتے تھے کہ معاشرتی مسائل اور خوشی کے لمحات بھی ہمارے دلوں پر دستک دیتے رہتے ہیں۔ یہ دور انسانی رابطوں میں مختلف قسم کی دستکیں متعارف کرا رہا ہے۔ جیسے ایک کتاب، تصویر یا تقریر آپ کے ذہن پر دستک دیتی ہے اور نئے خیالات پیدا کرتی ہے۔ اسے ذہنی دستک کہا جاتا ہے۔ کسی تحریک یا مہم کا آغاز کسی مسئلے پر معاشرے کو جگانے کے لیے دستک دے کر بیدار کرنا سماجی دستک ہوتی ہے۔ اسی طرح علامتی اور روحانی دستک کا تصور اندرونی شعور یا وجدان کو جگانے کا استعارہ بھی بن چکا ہے مثلاً "کسی روحانی یا فلسفیانہ تجربے کو روحانی دستک سمجھا جا سکتا ہے جو انسان کو اپنے اندر جھانکنے پر مجبور کر دے یا جو اسے اچھائی کی جانب مائل کر دے۔ جدید دور میں دستک کا تصور جسمانی اور علامتی دونوں سطحوں پر موجود ہے۔ یہ ہمیں اس بات کا احساس دلاتا ہے کہ ہم ایک ایسے دور میں جی رہے ہین جہاں رابطے اور تعلقات کئی نئی جہتوں میں تقسیم ہوتے جا رہے ہیں۔ آج کے دور میں سوشل میڈیا نے ڈیجیٹل دستک کے اس عمل کو مزید تیز کر دیا ہے لیکن لوگوں نے اسے منفی استعمال کر کے افواہ سازی اور پروپیگنڈا کے غلط اور جھوٹی خبروں اور اطلاعات کے ذریعے متنازعہ بنا دیا ہے جو معاشرے میں نفرت، بدامنی اور تخریب کا باعث بن رہا ہے۔ یہ افواہ سازی اور جھوٹ پھیلانے کے ساتھ ساتھ نئی نسل کو برائی کی جانب بھی دھکیل رہا ہے۔ ڈیجیٹل دستک کے اس منفی سلسلے کی روک تھام اور انسداد وقت کے ساتھ ساتھ بڑی اہمیت کا حامل ہوتا جا رہا ہے۔ ڈیجیٹل دستک کی قدر اور اس کے تقدس کا تقاضہ یہی ہے کہ اس کا مثبت اور ذمہدارنہ استعمال کیا جائے۔ یہ ہمارا قومی فریضہ بھی ہے اور دینی احکامات بھی ہیں۔

پڑھو تو امن پڑھو اور لکھو تو خیر لکھو
ورق ورق پہ نہ تم شور و شر کی بات کرو

عہدوں کی شادیاں اور دوہری شہریت



آج کل شادیوں کا "پیک سیزن" چل رہا ہے۔ نومبر دسمبر اور جنوری میں یہ حال ہوتا ہے کہ جمعہ، ہفتہ، اتوار اور پیر کے دن کم از کم تین سے چار جگہ سے دعوت ہوتی ہے۔ بھاگم بھاگ سلامی کا لفافہ ڈراپ کرنے کی ریس ہوتی ہے۔ میرے جیسے مڈل کلاس چھوٹی شادیوں میں دس ہزار، دوستوں، افسران اور سیاسی شادیوں میں بیس ہزار جبکہ انتہائی قریبی دوست کی شادی میں پچاس ہزار سلامی دے کر سمجھتے ہیں کہ ہم نے اپنی حیثیت کے مطابق حق ادا کر دیا۔ ہمارے خاندان کی شادیوں میں ہمیشہ امی ہی یہ فریضہ ادا کرتی رہی ہیں، جہاں بھی کچھ دینا ہوتا امی ابو کیش کی بجائے رشتہ داروں کو گھریلو استعمال کی کوئی نہ کوئی چیز گفٹ کر دیتے۔ اپنی ہوش میں دونوں چچا اور بڑے بہن بھائیوں کی شادی میں کسی رشتہ دار یا دوست سے سلامی / نیوندرہ نہیں لیا۔ والد صاحب شعبہ تعلیم سے وابستہ رہے ہیں اور انکا بہت کلیئر موقف ہے کہ میں جتنے دوستوں کو افورڈ کر سکتا ہوں اپنی حیثیت کے مطابق انکو اپنی خوشی میں شرکت کیلئے بلاتا ہوں، پیڈ کھانے پر نہیں۔ میں اکثر دوستوں کیلئے ڈنر یا سنڈے برنچ رکھتا ہوں تو ایک دن ایک دوست نے پوچھا کہ بھائی پر ہیڈ کلیکشن / کنٹریبیوشن کیا ہے۔ میں اس کے سوال پر شدید حیران ہوا اور انہیں کہا کہ آپ دعوت نامے کو غور سے پڑھیں، واضح لکھا ہے کہ میں بطور میزبان آپ کو دعوت دے رہا ہوں۔ جہاں تک کلیکشن یا کنٹریبوشن کی بات ہے میرے اباجی نے کبھی شادیوں کے موقع پر سلامی کا لفافہ قبول نہیں کیا تو میں کھانے کی دعوت پر کنٹری بیوشن کا کیسے سوچ سکتا ہوں۔ عمران خان اور بعد ازاں پی ڈی ایم حکومت میں اہم عہدوں پر فائز افسران کے بچوں کی شادیوں پر اکٹھی ہونی والی چار سے پانچ ارب کی سلامیوں کے قصے ہفتوں زبان زد عام رہے۔ اس مشہوری نے افسران اور سیاستدانوں کو پیسہ اکٹھا کرنے کی نئی راہ دکھا دی۔ تھوڑا عرصہ قبل لاہور میں ایک آفیسر کی شادی کیلئے گیسٹ لسٹ بن رہی تھی تو وہ ہر ہاؤسنگ سوسائٹی کے مالک، ڈویلپرز اور بڑے بڑے کاروباری حضرات کے نام لکھ رہا تھا۔ حتی کہ ان کاروباری شخصیات کے بھی جن سے کبھی ملاقات نہیں ہوئی صرف گڈ مارننگ کے میسجز والا تعلق تھا۔ لاہور کے ویسے کیلئے کراچی تو خیبر تمام اہم شخصیات کے نام لکھے جا رہے تھے۔ میں نے اسے کہا کہ آپ اپنے بیچ میٹ کے نام کیوں نہیں لکھ رہے؟ اس نے فوراً سے پہلے جواب دیا کہ فقرے ہیں انہوں نے کیا دینا۔ یہ تو ذاتی شادی کی بات ہے لیکن اصل کاروباری ماڈل یہ ہے کہ کوئی بھی افسر جب کسی اچھی پوسٹنگ پر ہوتا ہے تو وہ اپنے بہن بھائی حتی کہ کزن، بھتیجی اور بھانجے کی شادی پر بھی ہر کسی کو صرف اس لیے انوائٹ کرتا ہے کہ سلامی اکٹھی ہو جائے گی۔ آئی جی، چیف سیکرٹری، وزیراعظم آفس، ایوان صدر، وزیراعلی آفس، اے سی، ڈی سی اور ڈی پی او سمیت اہم پوسٹنگ کے دوران مذکورہ افسران بہن بھائی اور دیگر رشتہ داروں کی شادی کے دعوت نامے بھی امیر دوستوں کو ہول سیل کے حساب سے بانٹتے ہیں۔ کیونکہ ان سیٹوں پر دوست اور ساتھی افسران بھی کم از کم بیس ہزار سے لیکر ایک لاکھ تک جبکہ کاروباری شخصیات دس لاکھ سے زائد کیش کے بینک چیک، لاکھوں روپے کے قیمتی جیولری سیٹ، نئی گاڑی، پلاٹوں کے الاٹمنٹ لیٹر، بیرون ملک ہنی مون اور عمرہ پیکج گفٹ کرتے ہیں۔ یوں شادیاں بھی پیسے اکٹھے کرنے کا ذریعہ بن چکی ہیں۔ لاکھوں روپے کی سلامی دینے والے اس انویسٹمنٹ کی ریکوری کیلئے کوئی کام لیکر جاتے ہیں تو اگر ہو جائے تو وہ ایک اور گفٹ دے آتا ہے نہ ہو تو ہر جگہ اس کی احسان فراموشی کی قصے عام کرتا ہے۔ اس لیے افسران کو مشورہ ہے کہ آپ کے پاس کمانے کیلئے ہر روز مواقع ہوتے ہیں کم از کم شادی کے یادگار موقع کو کمائی کا اڈا بنا کر ان ذہنی غریب پراپرٹی ڈیلرز کو بلا کر ساتھی افسران اور معززین کو تو شدید رش میں خوار نہ کیا کریں۔ کاروباری اور عہدوں کی شادیوں کا دوسرا پہلو بھی جدید دور کا فیشن بن چکا ہے۔ جہاں کاروباری شخصیات اپنی کاروباری ضرورت کے مطابق پولیس سروس آف پاکستان، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، کسٹم، ایف بی آر اور پی ایم ایس افسران میں سے بہو اور داماد تلاش کرتے ہیں۔ سی ایس ایس کے باقی گروپس کاروباری حضرات کیلئے فائدے کا سودا نہیں ہوتا اس لیے کاروباری برادری میں انکی ڈیمانڈ نہیں ہوتی۔ بیچ میٹ کے ساتھ شادیوں میں زیادہ تر محبت اور پسند کا عنصر غالب ہوتا ہے جو کہ ایک مثبت پہلو ہے کہ آپ اپنی ہم آہنگی والے جیون ساتھی کا انتخاب کرتے ہیں۔ لیکن بیوروکریسی میں بھی بہت ساری شادیاں سانولی اور قبول صورت کے ساتھ بھی صرف اس لیے کی جاتی ہیں کہ اس کی سلیکشن پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس یا پولیس سروس آف پاکستان میں ہو گئی ہے۔ جب شادیاں بھی کاروباری ہو چکی ہیں تو پھر 22 ہزار سرکاری افسران اور بیوروکریٹس کی دوہری شہریت پر حیرانگی کیسی۔ افسران کی دوہری شہریت پر حیرانی سے زیادہ حکمرانوں کی بے بسی پر دکھ ہوتا ہے کہ وہ اس لاقانونیت کے خلاف ان بائیس ہزار کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے۔ جب ان بائیس ہزار کا احتساب نہیں ہوگا تو پھر اگلے سال کئی ہزار نئے "ڈیول نیشنل" افسران اہم پوسٹوں پر براجمان ہوکر، مال کما کر باہر بھیج رہے ہوں گے۔

سلوت سعید: فیصل آباد ڈویژن کی ترقی اور عوامی خدمت کا سنہری دور



پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس گروپ کی ممتاز آفیسر سلوت سعید کا بطور کمشنر فیصل آباد ڈویژن تعیناتی کا دور عوامی خدمت، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل، اور انتظامی اصلاحات کی ایک شاندار مثال رہا۔ ان کے اقدامات، جو عوامی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت اور معیشت کے فروغ پر مرکوز تھے، فیصل آباد ڈویژن کے اضلاع ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اور ضلع جھنگ کے لیے ایک یادگار باب کی حیثیت رکھتے ہیں۔ کمشنر سلوت سعید نے عوامی مسائل کے حل کے لیے ایک منفرد حکمت عملی اپنائی۔ انہوں نے سرکاری دفاتر میں "اوپن ڈور پالیسی" متعارف کروائی، جس کے تحت شہریوں کو بغیر کسی رکاوٹ کے اپنے مسائل افسران کے سامنے پیش کرنے کا موقع ملا۔ یہ اقدام بیوروکریسی اور عوام کے درمیان موجود خلا کو کم کرنے میں اہم ثابت ہوا۔ عوامی سہولت کے لیے انہوں نے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا بہترین استعمال کیا اور ای۔لائیو کچہری کا آغاز کیا۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعے شہریوں کو اپنے مسائل گھر بیٹھے آن لائن پیش کرنے اور ان کے حل کے لیے تیز رفتار اقدامات کا موقع ملا۔ ای۔لائیو کچہری نہ صرف وقت اور وسائل کی بچت کا ذریعہ بنی بلکہ یہ ڈیجیٹل دور کی جانب ایک اہم قدم بھی تھا، جس سے حکومتی معاملات میں شفافیت اور تیزی ممکن ہوئی۔ کمشنر سلوت سعید نے کاروباری برادری کے لیے بھی نمایاں اقدامات کیے۔ فیصل آباد ڈویژن میں بزنس فسلیٹیشن سنٹر کا قیام عمل میں لایا گیا، جہاں کاروباری افراد کو ایک ہی چھت تلے مختلف قسم کے لائسنس اور دیگر سرکاری دستاویزات کے حصول کی سہولت فراہم کی گئی۔ اس اقدام نے نہ صرف کاروباری طبقے کے لیے وقت اور وسائل کی بچت کی بلکہ سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور معاشی سرگرمیوں میں اضافہ کا بھی باعث بنا۔ یہ سنٹر کاروباری افراد کے لیے حکومتی معاملات کو آسان اور شفاف بنانے کی سمت ایک اہم قدم ثابت ہوا۔ نوجوان نسل کی تربیت اور ان کی کردار سازی کے لیے سلوت سعید نے تعلیمی نظام میں اخلاقی تربیت کو شامل کرنے پر خصوصی توجہ دی۔ ان کے اقدامات کے تحت سرکاری اسکولوں میں اخلاقی و سماجی تربیت کے پروگرام متعارف کرائے گئے، جنہوں نے طلبہ کی شخصیت سازی میں اہم کردار ادا کیا۔ اساتذہ کو تربیتی پروگراموں کے لیے خصوصی رہنمائی فراہم کی گئی، جبکہ والدین کو بھی بچوں کی تربیت میں شامل ہونے کی ترغیب دی گئی۔ آٹیزم جیسے چیلنجنگ مسائل کا سامنا کرنے والے بچوں اور ان کے والدین کے لیے سلوت سعید نے خصوصی توجہ دی۔ ان کے دور میں آٹیزم کے شکار بچوں کے لیے چاروں اضلاع میں خصوصی مراکز قائم کیے گئے، جہاں بچوں کو نگہداشت، تعلیم، اور تربیت کی معیاری سہولتیں فراہم کی گئیں۔ ان مراکز نے نہ صرف بچوں کی ضروریات کو پورا کیا بلکہ والدین کو بھی رہنمائی اور تعاون فراہم کیا۔ خواتین ملازمین کے لیے سرکاری دفاتر میں ڈے کیئر سنٹرز کا قیام ایک اہم اقدام تھا۔ ان مراکز نے خواتین کو اپنے بچوں کی دیکھ بھال کے حوالے سے سہولت فراہم کی، جس سے وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو بہتر طریقے سے نبھا سکیں۔ یہ اقدام خواتین کے لیے ایک معاون اور حوصلہ افزا ماحول فراہم کرنے کا ذریعہ ثابت ہوا۔ فیصل آباد ڈویژن میں صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے فلٹر پلانٹس کی بحالی کے منصوبے شروع کیے گئے۔ ان منصوبوں نے عوام کو معیاری اور صاف پانی کی فراہمی ممکن بنائی، جس سے صحت عامہ کے مسائل میں کمی آئی اور عوامی زندگی پر مثبت اثر پڑا۔ سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کی معیاری سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے سلوت سعید نے اہم اقدامات کیے۔ ہسپتالوں کی حالت زار بہتر بنائی گئی، ڈاکٹروں اور طبی عملے کی کارکردگی میں شفافیت لائی گئی، اور علاج معالجے کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا گیا۔ ان اقدامات کے نتیجے میں عوام کو صحت کی بہتر سہولتیں میسر آئیں۔ شہری خوبصورتی اور ثقافتی ترقی کے لیے سلوت سعید کے اقدامات قابل ذکر ہیں۔ انہوں نے پارکوں کی بحالی، تفریحی مقامات کی تزئین و آرائش، اور کلچرل مانومنٹس کی تعمیر کے منصوبے شروع کیے۔ ان اقدامات نے فیصل آباد کے شہروں کی خوبصورتی میں اضافہ کیا اور ان کی ثقافتی اہمیت کو اجاگر کیا۔ خصوصی بچوں کے تعلیمی اداروں میں سہولیات کی فراہمی بھی ان کے دور کا ایک اہم کارنامہ تھا۔ ان اداروں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا گیا، جدید آلات فراہم کیے گئے، اور خصوصی تربیت یافتہ اساتذہ کی تقرری کو یقینی بنایا گیا۔ ان اقدامات نے خصوصی بچوں کی تعلیم میں معیار اور سہولت کو بہتر کیا۔ محترمہ کمشنر سلوت سعید کا بطور کمشنر فیصل آباد ڈویژن کا دور عوامی خدمت، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل، اور نظام کی اصلاح کے لیے یادگار رہا۔ ان کے اقدامات نے نہ صرف موجودہ چیلنجز کو حل کیا بلکہ مستقبل کے لیے ایک واضح اور مثبت راہ متعین کی۔ بزنس فسلیٹیشن سنٹر کا قیام، فلٹر پلانٹس کی بحالی، اور ای۔لائیو کچہری جیسے اقدامات نے فیصل آباد کو ترقی کی نئی راہوں پر گامزن کیا۔ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں، تعلیم، صحت، اور شہری ترقی میں ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان کا دور فیصل آباد ڈویژن کی تاریخ میں ایک روشن باب ہے، جو دیگر انتظامی افسران کے لیے مشعل راہ ثابت ہوگا۔

طویل مدتی میثاق معیشت کی ضرورت

بلاامتیاز
امتیاز علی شاکر
imtiazali470@gmail.com

نجی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے بہت واضح اور صاف الفاظ میں کہا کہ میثاق جمہوریت اور میثاق معیشت میں فرق ہے میثاق جمہوریت ہو سکتا ہے جبکہ میثاق معیشت مختلف بات ہے، پروگرام کے میزبان نے اپنا سوال دہراتے ہوئے کہا کہ ملک کے معاشی حالات میں بہتری کیلئے بھی میثاق معیشت ممکن نہیں؟ جواب میں عمر ایوب نے کہا کہ معیشت چلانے کیلئے ہر پارٹی کا اپنا الگ پروگرام ہوتا ہے پی ٹی آئی کا اپنا پروگرام ہے، ن لیگ کا اپنا اور پیپلز پارٹی کا اپنا الگ پروگرام ہوگا، میثاق معیشت کے موضوع پر ہم حکومت کے ساتھ کیسے بیٹھ سکتے ہیں، میزبان نے سوال مزید وضاحت کے ساتھ دہراتے ہوئے پوچھا کہ آپ بیٹھ کر بات کریں تو کیا یہ ممکن نہیں کہ حکومت جہاں غلطی پر ہو وہاں آپ اپنی بات منوا کر ملکی معیشت کو مشکل سے نکالنے میں کردار ادا کریں؟ اپوزیشن لیڈر کا جواب اس بار بھی نفی میں تھا، کھری اور سچی بات بھی یہی ہے کہ جب بھی حکومت و اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ہوتے ہیں کوئی معاہدہ طے پاتا ہے اس کا موضوع ملک و قوم کیلئے کم جبکہ سیاستدانوں کی بقاء و فلاح کے معاملات زیادہ ہوتے ہیں، جاری مذاکرات میں بھی پی ٹی آئی اپنی شرائط پر بانی سمیت دیگر قیادت اور کارکنان کی رہائی جبکہ حکومت سیاسی استحکام چاہتی ہے تا کہ احتجاج اور دھرنوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایک پارٹی اپنا معاشی پروگرام اپنے دور حکومت کیلئے بچا کے رکھتی ہے تو دوسری اپنے دور اقتدار کیلئے، تنقید اور مخالفت فقط سیاسی مقبولیت بڑھانے کیلئے کی جاتی ہے، اسی وجہ سے ملکی پالیسوں اور پروگرامز میں تسلسل قائم نہیں ہو پاتا، دو چار سال بعد حکومت کی تبدیلی کے ساتھ ہر چیز بدل جاتی ہے، کیا یہ ممکن نہیں کہ تمام پارٹیاں مل بیٹھ کر میثاق معیشت پر اتفاق رائے قائم کر لیں تاکہ ملک ترقی کرے اور عوام خوشحال ہوں؟ ممکن ہے سب کچھ ممکن ہے ماضی کی سخت ترین حریف پاکستان مسلم لیگ ن اور پاکستان پیپلز پارٹی اتحادی حکومت بنا سکتی ہیں تو سیاست میں سب کچھ ممکن ہے، معیشت کو سیاست سے بالاتر قرار دے دیا جائے تو بھی یہاں سیاست کیلئے بہت کچھ ہے، قرضوں کے بوجھ تلے دبے پاکستان کی حکومت اپنی مرضی سے بجلی سستی کرنے، ٹیکس نظام کو نرم کرنے کیلئے آئی ایم ایف کی اجازت کی محتاج ہو چکی ہے، ایسے حالات میں تمام سیاسی جماعتوں اور اہم اداروں کی شمولیت کے ساتھ طویل مدتی میثاق معیشت کی پاکستان کو شدید ضرورت ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے سچی اور کھری بات کی کہ پی ٹی آئی اپنا معاشی پلان حکومت کے حوالے کر کے ملک کو مشکل معاشی حالات سے نکال کر خوشحالی و ترقی کے راستے پر گامزن کرنے میں حکومت کے ساتھ تعاون کرے تو پھر آئندہ سیاست کس بنیاد پر کرے گی۔ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف بھی مسلسل سچی اور کھری باتیں کر رہے ہیں جس سے لگتا ہے کہ آج کل جیسے سچی اور کھری باتوں کا موسم ہے۔ بدھ کے روز کراچی میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ موجودہ ٹیکس کا نظام کاروبار اور سرمایہ کاری کو چلنے نہیں دے رہا، کیونکہ پاکستان آئی ایم ایف پروگرام میں ہے اس لیے حکومت کو آئی ایم ایف کے ساتھ کیے معاہدے اور وعدے نبھانے ہوں گے۔ یعنی وزیراعظم پاکستان بھی سچی اور کھری بات کہہ رہے ہیں کہ جب تک پاکستان آئی ایم ایف سے قرض لیتا رہے گا حکومت پاکستان وہ چاہے کسی بھی پارٹی کی ہو اپنے فیصلے کرنے میں آزاد اور خود مختار نہیں ہو سکتی۔ ایک سچی اور کھری بات یہ بھی ہے کہ تمام سیاسی پارٹیوں کی قیادت، عدلیہ، فوجی قیادت، تاجر برادری اور صحافیوں سمیت باشعور پاکستانی یہ سمجھ چکے ہیں کہ معاشی پالیسیوں کے تسلسل اور ترقی کے لیے طویل المدت میثاق معیشت اور سیاسی ہم آہنگی کی شدید ضرورت ہے جو سنجیدہ اور با مقصد مذاکرات کے بغیر ممکن نہیں۔ میثاق معیشت ایک جامع حکمت عملی ہے جس کا مقصد ملک کی معیشت کو مستحکم اور منصفانہ بنانا ہوتا ہے، ملکی قیادت اس کی درست طریقے سے منصوبہ بندی اور عملدرآمد کریں تو اس سے معاشی ترقی کے راستے میں حائل رکاوٹیں دور کی جا سکتی ہیں، غربت کا خاتمہ ممکن ہو سکتا ہے اور مساوات میں اضافہ ممکن ہو سکتا ہے ہمیں اب یہ سمجھ لینا چاہیے کہ سیاسی عدم استحکام معیشت کیلئے زہر قاتل ہے اور معاشی استحکام و ترقی کی منزل سیاسی استحکام کے راستے سے گزر کر ملے گی، لہذا اب یہ طے کر لینا چاہیے کہ پائیدار ترقی کی بنیاد پالیسیوں کے تسلسل اور دور رس منصوبہ بندی کے بغیر ممکن نہیں، حکومت کی تبدیلی ملکی معاشی پالیسیوں پر اثر انداز نہ ہو تو ملک معاشی طور پر پھلے پھولے گا، بیرونی قرضوں کے بوجھ سے آزاد ہوگا تب ہی تو حکومتیں اپنے فیصلے کرنے کیلئے خود مختار ہوں گی، آئی ایم ایف کے دباو میں بے بس قسم کی حکومت کے حصول کیلئے ایک دوسرے کو سیاسی، انتقامی مقدمات کی بنیاد پر جیلوں میں ڈالنا کہاں کی عقل مندی ہے، چنانچہ تمام سیاسی قوتوں کے لیے ضروری ہے کہ کم از کم معیشت کو مشترکہ ترجیح بنا کر اس میں بہتری کے امکانات پر اتفاق رائے قائم کریں اور ایک دوسرے کے ساتھ بلا امتیاز اور غیر مشروط تعاون کریں۔ نہ صرف میثاق معیشت بلکہ میثاق احترام مینڈیٹ کیلئے سنجیدہ اور غیر مشروط مذاکرات ناگزیر ہیں، مل بیٹھ کر طے کر لیں کہ کوئی حکومت میں ہو یا اپوزیشن میں ہوتے ہوئے ملکی معیشت کو نقصان پہنچانے والے کسی عمل کا حصہ نہیں بنے گا، سب ایک دوسرے کے مینڈیٹ کا احترام کریں گے، ایک دوسرے کیخلاف سیاسی، انتقامی مقدمات قائم نہیں کریں گے، اداروں کو استعمال کرنے کی بجائے حصول اقتدار کیلئے صرف اور صرف عوام کی طرف دیکھیں گے!

مریض کا قتل رحم، اسلام میں جائز نہیں

مہمان کالم
رخسانہ رخشی

ویسے تو یورپ، امریکہ اور برطانیہ تک میں بزرگوں اور دیگر کمزور افراد کو سماجی و معاشرتی طور پر دور نہیں رکھا جاتا، خاندانی اور سماجی طور پر انہیں تنہا چھوڑ دینا اور معاشرے سے دوری کو بہت بڑی کوتاہی مانا جاتا ہے۔ فرض کیجئے اگر کوئی شخص اپنے خاندان سے کسی وجہ سے دور ہو جاتا ہے خاندان اسے چھوڑ دے کسی وجہ سے یا پھر جس کا کوئی نہ ہو اور وہ مجبور و بے بس زندگی گزارے تو ایسے میں ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ ایسے لوگوں کے مابین رابطے کو یقینی بنا کر انہیں کسی ادارے سے یا پھر کیئر سینٹر سے رابطہ کرائیں۔ اولڈ ہوم اور کیئر سینٹرز میں ماحول بالکل گھریلو سا ہوتا ہے۔ ہم عمر لوگ آپس میں خوش گپیاں کرتے ہیں، اپنے زندگی کے واقعات اور معاملات و مسائل ایک دوسرے کو بتا کر اور سنا کر اپنے دل کا غبار کم کرتے ہیں۔ پھر یہی لوگ آپس میں دوست اور رشتے دار ہو جاتے ہیں۔ ان معاشروں میں ایک عام تصور ہے کہ ہنسی خوشی سے زندگی گزاری جائے بالکل اسٹریس سے عاری۔ مگر دنیا میں پھر جدید سے جدید مسائل ایسے حالات کی طرف لے جاتے ہیں کہ جہاں یوں دکھائی دینے لگتا ہے کہ اب وسائل جیسے جیسے کم ہو رہے ہیں تو ویسے ویسے ہی انسانوں پر بڑھتی عمر کے صحت کے مسائل بھی بڑھتے ہیں وسائل کم ہونا ہی اس کی ایک اہم وجہ نہیں ہے بلکہ ایک بیماری کی ایسی شدت سے یا لاچار ہونے کی وجہ سے ڈاکٹر سے اپنی زندگی ختم کرنے کا مطالبہ کر دے یا پھر ڈاکٹر خود ہی یہ فیصلہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے کہ درد میں گھٹ گھٹ کر جینے سے اس مریض کیلئے مرنا ہی بہتر ہے۔ برطانیہ میں اب پھر سے یہی موضوع زیر بحث ہے بلکہ کئی برسوں سے مجوزہ قانون میں تجویز کیا جاتا ہے کہ انگلینڈ اور ویلز میں لاعلاج بیماری میں مبتلا افراد کو موت کی نیند سونے کی ان کی مرضی کے مطابق اجازت دی جائے۔ آج سے کئی سال قبل 2015 میں کسی بھی وابستگی سے بالاتر ہو کر اس ہی قانون پر رائے شمار کرائی گئی تھی جس میں 330 ممبران نے اس تجویز کردہ قانون کے خلاف اور 118 ممبران نے اسکے حق میں ووٹ ڈالا تھا۔ 2015 پر ہی یہ بحث کا دارومدار نہیں بلکہ اس سے پہلے بھی ہوتا رہا ہے اور آج پھر سے یہ بحث چھڑی ہے کہ اب کیا ہوگا؟ بہت سے بزرگ جو شدید قسم کی بیماریوں میں مبتلا ہیں مگر انہیں بھی اپنی بیماری درد و تکالیف سے زیادہ اس بل کی منظوری کے خوف سے پسینہ چھوٹ رہا ہے کہ ہماری جان قدرتی طور پر جانے کی بجائے اس طریقہ کار پر انجام پذیر ہوگی حالانکہ برطانیہ میں انگریزی قانون کے تحت اپنی زندگی کو ختم کرنا قتل تصور کیا جاتا ہے۔ خودکشی ایکٹ 1961 کے تحت انگلینڈ اور ویلز میں خودکشی کی حوصلہ افزائی کرنا یا اس میں مدد کرنا بھی جرم مانا جاتا ہے اور ایسے شخص کو 14 برس تک قید کی سزا ہو سکتی ہے۔ برطانوی پارلیمنٹ میں کسی نہ کسی سیاسی جماعت کی طرف سے جب اس قسم کی بحث چھڑ جائے تو پھر ہر جماعت کے لوگ اپنے دلائل اور موقف پر ڈٹ جاتے ہیں۔ کسی کا کہنا ہے کہ قانون لاعلاج بیماریوں میں مبتلا شہریوں، خاندانوں اور طبی شعبے کی ضرورت پر پورا نہیں اترتا۔ یہ بھی کہ معاشرتی رویئے بدل چکے ہیں اور برطانیہ میں اب ایسے قانون کی ضرورت ہے جو ایسے بالغ مریض کو وقار کے ساتھ اپنی زندگی کو ختم کرنے کا اختیار دے۔ دوسری جانب قانون کے مخالفین بھی اس قانون کی کھل کر مذمت کرتے ہیں کہ انسانی جان کے کسی بھی ایسے خاتمے کے قانون کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ اگرچہ مریضوں کیلئے قتل رحم کی مذمت ہر مذہب میں ہے یہ ایسا ہی ہے کہ کمزوروں اور بیماروں کو خودکشی کی طرف مائل کرنا مگر کچھ جدت پرستوں نے زمانے کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے اور کچھ بالغ و بزرگ مریضوں کے اذہان میں پنپتے خودکشی کے خیالات کے تحت ہی شاید اس قانون کو لاگو کرنے کا سوچا کیونکہ بارہا ایسا دیکھنے کو ملتا ہے کہ لوگ اپنے مسائل سے تنگ ہو کر یا پھر اپنے مرض کی ناقابل برداشت درد کی شدت سے تنگ پڑ کر خود کو ابدی نیند سلانا چاہتے ہیں۔ چند یورپی ممالک کی دیکھا دیکھی اب باقی ممالک نے بھی اس قانون کی طرف توجہ دینا شروع کر دیا ہے۔ شاید اس کی وجہ وہاں کے حالات ہیں ہمارے یہاں اس دنیا میں طبیب کا تصور ماہر علاج ہے۔ مریض کی جان بچانے کو وہ ہر حربہ استعمال میں لاتا ہے۔ اس کا ارادہ صحت و تندرستی کی کوشش کرنا ہوتا ہے۔ نہ یہ کہ وہ مریض کی حالت دیکھ کر گھبرا جائے اور اس کیلئے موت دینے کے نسخے پر عمل کرے۔ اسلام میں ہے کہ مومن کی حالت سلب ارادہ اور خدا تعالی جس بھی حال میں رکھے اس سے راضی رہنا ہے۔ فرمان رسولؐ سے علم ملتا ہے کہ کسی ضرر و پریشانی اور تکلیف کی وجہ سے موت کی تمنا حکم الہی سے فرار ہے۔ موت کی تمنا کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ حیات و زندگی اللہ تعالی کا امر اور حکم ہے۔ لہذا حکم الہی سے عدم رضا کسی طور جائز نہیں۔ آپؐ نے فرمایا کہ سابق زمانہ میں ایک شخص کو زخم تھا اس سے برداشت نہ ہوا اور خود کو اپنے تیر سے زخمی کر لیا تاکہ مر جائے تو اللہ تعالی کا حکم ہوا کہ اس پر جنت حرام ہو گئی۔ یوں اسلام میں کسی طور بھی یہ سب خودکشی کے مترادف اور حرام ہے۔

★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

اشاعت خاص

تحریری کمیونیکیشن اسٹڈیز میں امتیاز: ڈاکٹر عابدہ اشرف اور ڈاکٹر فائزہ لطیف کا اعتراف

ڈاکٹر عابدہ اشرف: کمیونیکیشن اسٹڈیز کی ایک ویژنری لیڈر...... ڈاکٹر فائزہ لطیف: تعلیمی امتیاز کی علمبردار...... توقیر احمد: معلومات، ٹیکنالوجی اور تحقیق کو پل بنانا

پنجاب یونیورسٹی میں کمیونیکیشن اسٹڈیز کے میدان میں دو عظیم شخصیات، ڈاکٹر عابدہ اشرف اور ڈاکٹر فائزہ لطیف کی غیر معمولی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے۔ ان کی مشترکہ کوششوں نے نہ صرف شعبے کے معیار کو بلند کیا ہے بلکہ علمی کمیونٹی پر بھی گہرا اثر چھوڑا ہے۔ یہ فیچر ان کی محنت، کارنامے، اور اس میدان میں ان کے گہرے اثرات کو منانے کے لئے پیش کیا جا رہا ہے۔

ڈاکٹر عابدہ اشرف کمیونیکیشن اسٹڈیز کے میدان میں ایک بلند قامت شخصیت کی حیثیت رکھتی ہیں، جو تعلیمی امتیاز اور انسانی حقوق کے تحفظ کی مسلسل وابستگی کے لئے مشہور ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی میں اسکول آف کمیونیکیشن اسٹڈیز کی ڈائریکٹر اور پروفیسر ہیومن رائٹس چیئر کے طور پر ڈاکٹر عابدہ نے طلباء اور ساتھیوں کے لئے ایک روشنی کی کرن بنی ہوئی ہیں۔

ان کا شاندار کیریئر متعدد اہم اقدامات سے بھرا ہوا ہے جنہوں نے پاکستان میں میڈیا کی علمی دنیا کو تبدیل کیا ہے۔ ایسوسی ایشن آف میڈیا اینڈ کمیونیکیشن اکیڈمک پروفیشنلز (AMCAP) کی بانی رکن کے طور پر، ڈاکٹر عابدہ نے شمولیت، انضمام، اور میڈیا کی علمی دنیا کو مضبوط بنانے کے ویژن کو کامیابی سے لاگو کیا ہے۔ AMCAP، پاکستان کا پہلا ملک گیر پلیٹ فارم برائے میڈیا اکیڈمکس اور پروفیشنلز، نے ملک میں علمی اشتراک اور علم کے تبادلے کی ایک نئی سطح کو فروغ دیا ہے۔

ڈاکٹر عابدہ کی خدمات AMCAP تک محدود نہیں ہیں۔ انہوں نے ECREA-اسٹائل ڈاکٹریٹ اسپرنگ اسکول قائم کیا، تحقیقی جرنلز شروع کیے، اور بین الاقوامی کانفرنسوں کا انعقاد کیا، سب کچھ علمی کمیونٹی کی حوصلہ افزائی کے لئے۔ AMCAP کی نائب صدر کے طور پر، انہوں نے اسکالروں کے درمیان میڈیا خواندگی اور تنقیدی سوچ کو فروغ دینے کے اپنے مشن کو آگے بڑھایا ہے۔

ایک پرجوش انسانی حقوق کی کارکن، ڈاکٹر عابدہ کشمیر اور فلسطین جیسے عالمی مسائل پر ویب نارز، سیمینارز، خصوصی نشستیں، اور تقریریں کرتی ہیں۔ ان کی کام نے نہ صرف آگاہی بڑھائی ہے بلکہ، بہت سے لوگوں کو انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے حوصلہ افزائی بھی کی ہے۔

ڈاکٹر عابدہ ایک شائع شدہ محقق بھی ہیں، جو قومی اور بین الاقوامی جرنلز میں اپنے کام کو فعال طور پر شائع کرتی ہیں۔ انہوں نے تقریباً آٹھ پی ایچ ڈی اور پچاس ایم فل طلباء کی رہنمائی کی ہے، انہیں ان کے علمی میدان میں کامیابیاں حاصل کرنے میں مدد کی ہے۔ انہوں نے تعلیمی طاقت کے جوہر کے طور پر تنوع کے حسن پر یقین رکھا ہے، اور اساتذہ کے درمیان باہمی احترام اور سیکھنے کی فضا کو فروغ دیا ہے۔

ایک ویژن کے ساتھ جو سرحدوں سے ماورا ہے، ڈاکٹر عابدہ نے مختلف سطحوں پر تعاون کو فروغ دیا ہے، اور ان کی دلچسپیاں اور خدمات کو بین الاقوامی ایسوسی ایشن برائے میڈیا اور کمیونیکیشن ریسرچ (IAMCR) کے مقاصد کے ساتھ جوڑا ہے۔ ان کی کام نے واقعی ایک فرق پیدا کیا ہے، اور ان کی وراثت آئندہ نسلوں کو متاثر کرتی رہے گی۔

ڈاکٹر فائزہ لطیف، پنجاب یونیورسٹی کے محکمہ تعلقات عامہ اور اشتہارات کی چیئرپرسن اور ایسوسی ایٹ پروفیسر، تعلیمی امتیاز اور قیادت کا مظہر ہیں۔ ان کے محکمہ کے سربراہ کے طور پر ان کی مدت ملازمت کو معیاری تعلیم اور جدت پسندانہ تحقیق کی مستقل کوششوں سے نشانزد کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر فائزہ کی تعلیمی امتیاز کی وابستگی ان کے نصاب کی ترقی اور طلباء کی مشغولیت کے طریقوں میں جھلکتی ہے۔ انہوں نے متعدد جدید مضامین متعارف کروائے ہیں، جس سے طلباء کو عوامی تعلقات اور اشتہارات کے میدان میں تازہ ترین رجحانات اور ٹیکنالوجیز کی تعلیم دی گئی ہے۔ ان کی کوششوں نے محکمہ کو جدید ترین علم اور عملی کا مرکز بنا دیا ہے۔

انتظامی ذمہ داریوں کے علاوہ، ڈاکٹر فائزہ ایک شائع شدہ محقق ہیں۔ ان کا کام متعدد معروف جرنلز میں شائع ہوا ہے، اور کمیونیکیشن اسٹڈیز کے میدان میں علم کے ذخیرے میں اضافہ کیا ہے۔ وہ بین الاقوامی کانفرنسوں میں بھی ایک فعال شرکت کنندہ رہی ہیں، اپنے تجربات کا تبادلہ کیا اور عالمی ہم عمروں سے سیکھا۔

ڈاکٹر فائزہ کی طلباء کے لئے وابستگی ان کے تدریسی طریقوں میں نمایاں ہے، جو تنقیدی سوچ تخلیقی صلاحیت، اور عملی اطلاق پر زور دیتے ہیں۔ انہوں نے بے شمار طلباء کی رہنمائی کی ہے، انہیں ان کے علمی اور پیشہ ورانہ مقاصد کے حصول میں مدد دی ہے۔ ان کا طریقہ نہ صرف طلباء کو کامیاب کیریئر کے لئے تیار کرتا ہے بلکہ انہیں زندگی بھر کی سیکھنے کی محبت بھی سکھاتا ہے۔

ڈاکٹر فائزہ کی قیادت میں، محکمہ تعلقات عامہ اور اشتہارات نے کئی ورکشاپس اور سیمینارز کا انعقاد کیا، جس سے طلباء کو صنعت کے ماہرین سے سیکھنے اور عملی تجربہ حاصل کرنے کے مواقع فراہم کیے گئے۔ ان تقریبات نے تعلیمی ماحول کو مزید غنی کیا ہے اور مسلسل بہتری کی ثقافت کو فروغ دیا ہے۔

ڈاکٹر فائزہ کی تعلیمی امتیاز کی خدمات کلاس روم سے باہر بھی وسیع ہیں۔ وہ یونیورسٹی میں تعلیم کے مجموعی معیار کو بہتر بنانے کے مختلف کمیٹیوں اور اقدامات میں فعال طور پر شرکت کرتی رہی ہیں۔ ان کے پیشہ اور طلباء کے لئے وابستگی نے انہیں ساتھیوں اور طلباء دونوں سے احترام اور تعریف حاصل کی ہے۔

توقیر احمد، جو 2012 سے انسٹی ٹیوٹ آف سوشل اینڈ کلچرل اسٹڈیز میں سینئر لائبریرین کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں، لائبریری سائنس، معلوماتی رابطہ ٹیکنالوجیز (ICTs)، اور مصنوعی ذہانت (AI) میں مہارت کا ایک انوکھا امتزاج لاتے ہیں۔ ان کا سفر ٹیکنالوجی کو علمی تحقیق کے ساتھ ملانے کے ان کے شوق کا ثبوت ہے۔

لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنس میں ماسٹرز کی ڈگری کے حامل، توقیر نے AI ٹولز کی تبدیلی کی صلاحیت میں گہری دلچسپی پیدا کی ہے۔ ان کی تحقیق کا فوکس اسکالروں کے تحقیقی کاوشوں کو بڑھانے کے لئے AI کے بامعنی انضمام پر ہے۔ IBM، Google،DeepLearning.AI، اور UniversityStateArizona جیسے معروف اداروں سے پندرہ سے زیادہ سرٹیفیکیشن کے حامل ہونے کے باعث، انہیں AIGenerativeAI، اور EngineeringPrompt میں مضبوط بنیاد حاصل ہے۔

اس وقت اپنی پی ایچ ڈی ان معلوماتی انتظام کے شعبے میں کر رہے ہیں، توقیر کا کام ٹیکنالوجی اور تحقیق کے درمیان پل بنانے کا مقصد رکھتا ہے، جس سے اسکالرز کو اپنی تحقیق کو آگے بڑھانے کے لئے جدید ٹولز اور طریقوں کی فراہمی ہوتی ہے۔ اس میدان میں ان کی وابستگی نے انہیں متعدد پروجیکٹس میں شمولیت اختیار کرنے کی اجازت دی ہے جو تعلیمی امتیاز کے لئے AI کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔

توقیر کی بطور سینئر لائبریرین خدمات ان معلومات اور وسائل تک رسائی کو آسان بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ICTs میں ان کی مہارت نے لائبریری کی خدمات کو جدید بنایا ہے، جس سے یہ ایک متحرک تعلیمی اور تحقیقی مقام بن گیا ہے۔ انہوں نے AI اور اس کے تعلیمی اطلاق پر متعدد ورکشاپس کا انعقاد کیا ہے، جس سے طلباء اور فیکلٹی کو اس تیزی سے ترقی پذیر میدان میں تازہ ترین پیش رفت کے بارے میں تعلیم دی گئی ہے۔ پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے علاوہ، توقیر علمی کمیونٹی کے فعال رکن بھی ہیں۔ وہ محققین اور اساتذہ کے ساتھ تعاون کرتے ہیں تاکہ ڈیجیٹل دور میں اسکالروں کو درپیش چیلنجز کو حل کرنے کے لئے جدید حل تیار کرسکیں۔ پنجاب یونیورسٹی میں تعلقات عامہ اور اشتہارات کے شعبے نے حال ہی میں مصنوعی ذہانت (AI) کی تعلیمی اطلاق پر مرکوز ورکشاپ کی میزبانی کی۔ سینئر لائبریرین توقیر احمد، جن کا لائبریری سائنس اور ٹیکنالوجی میں وسیع تجربہ ہے، کو ورکشاپ کے مرکزی مقرر کے طور پر مدعو کیا گیا۔ تقریب میں ڈاکٹر عابدہ اشرف اور ڈاکٹر فائزہ لطیف جیسے ممتاز شخصیات کے ساتھ ایم فل کے طلباء حافظ محمد احمد، حارث علی اور دیگر بھی شریک تھے۔ ورکشاپ کا مقصد شرکاء کو تعلیمی ماحول میں AI کے استعمال کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا تھا، اور اس کی ممکنہ اور عملی اطلاقات پر بصیرت پیش کرنا تھا۔ شرکاء نے اپنی تحقیق اور علمی کام میں AI ٹولز کو شامل کرنے کے متعلق قیمتی معلومات حاصل کیں۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء کو سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے، جس سے ایک کامیاب اور روشن تجربے کا اختتام ہوا۔ پنجاب یونیورسٹی کے کمیونیکیشن اسٹڈیز کے شعبے میں ڈاکٹر عابدہ اشرف اور ڈاکٹر فائزہ لطیف کی شاندار خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے یہ فیچر لکھا گیا۔ ان کی محنت، کارنامے، اور علمی دنیا میں ان کے گہرے اثرات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان کی خدمات نے نہ صرف شعبے کو بلند کیا ہے بلکہ علمی کمیونٹی کو بھی متاثر کیا ہے۔ ان کی وراثت آئندہ نسلوں کو متاثر کرتی رہے گی، اور ان کا مشن جاری رہے گا۔

سپورٹس

SPORTS

فخر زمان نے اسکریبل گیم کھیلنا شروع کر دیا

پشاور (یو این پی) کرکٹر فخر زمان نے اسکریبل گیم کے فروغ کے لیے خود بھی سکریبل گیم کھیلنا شروع کر دیا۔ فخر زمان کا کہنا تھا کہ اسکریبل گیم کھیل کر بہت خوشی ہوئی یہ بہت اچھی ایجوکیشنل اسپورٹس ہے اور یہ تمام اسٹوڈنٹس کے لیے دور حاضر کی اہم ترین ضرورت ہے۔ قومی کرکٹر نے کہا کہ تمام اسکولز اور والدین بچوں کو دنیا کی نمبرون گیم اسکریبل سے ضرور روشناس کروائیں، یہ گیم بچوں کو لرننگ میں بہت مدد فراہم کرے گی۔ واضح رہے کہ اسکریبل گیم دماغ کو تفریح اور چیلنجنگ ورزش فراہم کرتا ہے جس میں ٹوٹے ہوئے حروف کو جمع کر کے الفاظ بنائے جاتے ہیں۔

اسکواش لیجنڈ جان شیر خان ہال آف فیم میں شامل ہو گئے

جان شیر اور نکول ڈیوڈ پی ایس اے اسکواش ہال آف فیم میں شامل ہونے والے بالترتیب تیسرے اور چوتھے پلیئرز ہیں



کراچی (این این آئی) پاکستان کے اسکواش لیجنڈ جان شیر خان پی ایس اے ہال آف فیم میں شامل ہو گئے۔ پاکستان کے سابق ورلڈ چیمپئن جان شیر کے ساتھ ملائشیا کی خاتون کھلاڑی نکول ڈیوڈ کی بھی شمولیت ہوئی ہے۔ جان شیر اور نکول ڈیوڈ پی ایس اے اسکواش ہال آف فیم میں شامل ہونے والے بالترتیب تیسرے اور چوتھے پلیئرز ہیں۔ اس سے قبل پاکستان کے جہانگیر خان اور نیوزی لینڈ کی سوسین ڈیوائے کو یہ اعزاز مل چکا ہے۔ ہال آف فیم میں شامل دونوں مرد پلیئرز کا تعلق پاکستان سے ہیں، جان شیر خان نے ریکارڈ آٹھ مرتبہ ورلڈ اوپن اور چھ مرتبہ برٹش اوپن ٹائٹل جیتا ہے۔ جان شیر نے پروفیشنل اسکواش میں ریکارڈ 99 ٹائٹلز جیتے ہوئے ہیں، پروفیشنل کیریئر میں سب سے زیادہ 118 فائنل کھیلے ہیں، وہ 97 ماہ ورلڈ نمبر ون رہنے کا بھی اعزاز حاصل کر چکی ہیں۔

سفیان مقیم نے پاکستان سے ٹی 20 میں بہترین بولنگ کا ریکارڈ بنا دیا

بولاوائیو (یو این پی) اسپنر سفیان مقیم نے زمبابوے کے خلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں پاکستان کی طرف سے بہتر بولنگ کا ریکارڈ بنا دیا۔ سفیان نے بلاوائیو میں کھیلے گئے میچ میں زمبابوے کے خلاف 3 رنز دے کر 5 وکٹیں لیں جس کے باعث ہوم ٹیم 57 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔ یہ پاکستان کی جانب سے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں بہترین بولنگ فیگر ہے، جس کے ساتھ ہی سفیان نے فاسٹ بولر عمر گل کا ریکارڈ توڑا۔ عمر گل بھی ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں 5 وکٹیں لینے والے بولرز ہیں، جبکہ انہوں نے یہ کارنامہ ایک نہیں بلکہ دو مرتبہ انجام دیا۔ گل نے 2009 کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں اوول کے میدان میں نیوزی لینڈ کے خلاف 6 رنز دے کر پانچ وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان کرکٹ ٹیم نے ٹی ٹوئنٹی میں منفرد اعزاز اپنے نام کرلیا

بولاوائیو (یو این پی) پاکستان کرکٹ ٹیم نے ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں اہم اعزاز اپنے نام کرلیا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم 250 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلنے والی دنیا کی پہلی ٹیم بن گئی ہے۔ کو 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کے دوسرے میچ میں پاکستان نے زمبابوے کو 10 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل کی۔ زمبابوے نے ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا، لیکن پاکستانی بولرز کے سامنے ان کی بیٹنگ لائن ریت کی دیوار ثابت ہوئی اور پوری ٹیم 57 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔

قومی ویمن فٹبال ٹیم کو سعودی عرب سے دوستانہ میچ کیلئے این او سی جاری

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزارت بین الصوبائی رابطہ کی اجازت کے بعد قومی ویمن فٹ بال ٹیم کو سعودی عرب ویمن فٹ بال ٹیم سے دوستانہ میچ کے لیے این او سی جاری کر دیا گیا اور قومی ٹیم قطر کے شہر دوحا روانہ ہوگی۔ وفاقی وزارت بین الصوبائی رابطہ سے اجازت ملنے کے بعد پی ایس بی نے منگل کو این او سی جاری کیا اور اب قومی ویمن ٹیم اپنی منزل کی جانب روانہ ہوجائے گی۔ قومی ویمن فٹ بال ٹیم کو اہم اجازت نامے کے اجرا میں تاخیر کے سبب تمام منتخب کھلاڑی قومی اسکواڈ کا حصہ نہ بن سکیں۔

کپتان کے پلان کے مطابق بولنگ کی اور کامیابی ملی، سفیان مقیم

بولاوائیو (یو این پی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسپنر سفیان مقیم نے کہا ہے کہ کپتان کے دیے گئے پلان کے مطابق بولنگ کی اور کامیابی ملی۔ بلاوائیو میں پریس کانفرنس کے دوران سفیان مقیم نے کہا کہ سیریز کا پہلا میچ اہم ہوتا ہے، جس میں اللہ نے کامیابی دی۔ انہوں نے کہا کہ 165 اسکور اس گراؤنڈ پر اچھا اسکور تھا، کپتان کے دیے گئے پلان کے مطابق بولنگ کی جس سے کامیابی ملی۔ گرین شرٹس کے اسپنر نے مزید کہا کہ میری کوشش تھی کہ جو پلان مجھے ملا اس کے مطابق بولنگ کروں۔ ابرار احمد سمیت ہمارے سارے بولرز نے اچھی بولنگ کی۔ اُن کا کہنا تھا کہ عرفان نیازی اور طیب طاہر کی شاندار بیٹنگ کی بدولت اسکور اتنا ہوا۔ سفیان مقیم نے میچ میں 4 اوورز میں 20 رنز کے عوض زمبابوے کے 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

اٹلی: فٹبال میچ کے دوران فٹبالر بے ہوش، انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں منتقل

روم (یو این پی) انٹر میلان کے خلاف میچ کے دوران فیورینٹینا کے مڈفیلڈر ایڈورڈ بوویسری کی طبیعت اچانک بگڑ گئی اور وہ میچ دوران ہی گراؤنڈ پر گر کر بے ہوش ہوگئے۔ میچ کے 16 ویں منٹ میں ایڈورڈ گراؤنڈ میں بیٹھ کر اپنے جوتے کے تسمے باندھ رہے تھے وہ جیسے ہی اٹھ کر چلنے لگے کہ اچانک انہیں کچھ ہوگیا اور وہ زمین پر گر کر بے ہوش ہوگئے، گراؤنڈ میں موجود ساتھی کھلاڑیوں نے فوری طور پر طبی امداد کیلئے اشارہ کیا۔ 22 سالہ ایڈورڈ کو میدان میں ہی بنیادی طبی امداد دینے کے بعد اسٹریچر پر ڈال کر میدان کے قریب ایمبولینس میں منتقل کیا گیا۔ بعد ازاں کھلاڑی افسردہ چہروں کے ساتھ میدان سے واپس چلے گئے اور میچ منسوخ کر دیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایڈورڈ کو فلورنس کے کریجی یونیورسٹی اسپتال کے انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں منتقل کیا گیا ہے جہاں ان کا علاج جاری ہے۔

فائنل کہاں ہوگا؟ بھارت نے نئے فارمولے پر بھی اعتراض جڑ دیا

کراچی (یو این پی) فائنل کہاں ہوگا؟ بھارت نے نئے ”پارٹنرشپ یا فیوژن فارمولے“ پر بھی اعتراض جڑ دیا، کوالیفائی کرنے کی صورت میں چیمپئنز ٹرافی کے فیصلہ کن معرکے کیلئے بھی پاکستان جانے سے انکار سامنے آگیا، پی سی بی نے بھی دوٹوک جواب دیتے ہوئے کہا کہ اگر ایسا ہے تو ہماری ٹیم سے بھی کسی فائنل کیلئے دورے کی امید نہ رکھی جائے، تین سال کے تمام فائنلز بھی دبئی میں ہونے چاہئیں، اس کا تاحال کوئی جواب نہیں آیا۔ معاملے میں نیا ڈیڈلاک سامنے آگیا، بی سی سی آئی تاخیری حربے استعمال کر رہا ہے۔ دوسری جانب براڈ کاسٹرز کی کانفرنس جمعرات کو دبئی میں ہوگی، اس میں آئی سی سی کو چیمپئنز ٹرافی کا شیڈول بھی شیئر کرنا پڑے گا، ہر گزرتے دن کے ساتھ حکام کی بے چینی بڑھتی جا رہی ہے۔ طویل عرصے بعد پاکستان کو آئندہ سال کے اوائل میں کسی آئی سی سی ایونٹ کی میزبانی کرنا ہے، چیمپئنز ٹرافی کی تیاریاں درست سمت میں گامزن تھیں کہ اچانک بھارت نے دورہ نہ کرنے کا اعلان کر کے معاملات پیچیدہ بنا دیے۔ گذشتہ دنوں دبئی میں پی سی بی حکام کی آئی سی سی کے ٹاپ آفیشلز سے ملاقات ہوئی، چیئرمین محسن نقوی نے ویڈیو کال پر جے شاہ سے بھی بات کی، پاکستانی بورڈ نے برابری کی سطح پر بات کرتے ہوئے ”پارٹنرشپ یا فیوژن فارمولہ“ سامنے رکھا جس کے تحت آئندہ 3 برس میں دونوں ممالک جتنے بھی آئی سی سی ایونٹس کی میزبانی کریں۔

لاہور: سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیراہتمام ”کھیلتا پنجاب گیمز 2024ء“ کے نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے پنجاب اسٹیڈیم میں ڈویژنل سطح کے مقابلوں کے موقع پر کبڈی میچ کا منظر

شوبز

SHOWBIZ

بھارتی فلم ’پشپا2‘ نے ریلیز سے قبل شاہ رخ کی ’پٹھان‘ کا ریکارڈ توڑ ڈالا

الو ارجن اور رشمیکا کی فلم ’پشپا2‘ 5 دسمبر کو سینما گھروں میں ریلیز کی جائے گی



ممبئی (این این آئی) بھارت کی تیلگو فلم انڈسٹری کے سپر اسٹار الو ارجن کی فلم ’پشپا2‘ نے ریلیز سے قبل ہی ریکارڈ توڑ دیے۔ الو ارجن اور رشمیکا کی فلم ’پشپا2‘ 5 دسمبر کو سینما گھروں میں ریلیز کی جائے گی تاہم اس فلم نے ریلیز سے قبل ہی بالی وڈ فلموں کو پچھاڑ دیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق پشپا 2 نے ریلیز سے قبل ایڈوانس میں کروڑوں بھارتی روپے کما لیے اور صرف 12 گھنٹوں میں فلم کے 3 لاکھ ٹکٹس فروخت ہوئے۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ پشپا 2 نے صرف 12 گھنٹوں میں 3 لاکھ ٹکٹس کی فروخت کی مد میں 10 کروڑ بھارتی روپے کمائے ہیں جن میں ہندی زبان میں ڈب فلم سے 5.5 کروڑ بھارتی روپے اور دیگر میں 4.5 کروڑ بھارتی روپے شامل ہیں۔

فہد مصطفیٰ برطانوی پارلیمنٹ سے 2 ایوارڈز لینے والے پہلے پاکستانی اداکار بن گئے

لندن (یو این پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار فہد مصطفیٰ نے برطانوی پارلیمنٹ کے دونوں ہاؤسز سے ایوارڈز حاصل کر کے اہم اعزاز حاصل کر لیا۔ فہد مصطفیٰ برطانوی پارلیمنٹ سے 2 ایوارڈز حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی اداکار ہیں۔ ہاؤس آف کامنز کا ایوارڈ ناز شاہ جبکہ ہاؤس آف لارڈز کا برطانوی وزیر لارڈ واجد خان نے پیش کیا۔ ہاؤس آف کامنز کی جانب سے فہد مصطفیٰ کو ’ڈائیورسٹی اینڈ کلچرل امپیکٹ ایوارڈ‘ دیا گیا جبکہ ہاؤس آف لارڈز کی جانب سے ’گلوبل کلچرل یونٹی ایوارڈ‘ پیش کیا گیا۔ تقریب کا اہتمام ملٹی کلچرل برطانیہ کی جانب سے کیا گیا تھا۔

معروف بھارتی اداکار وکرانت میسی کا فلم انڈسٹری چھوڑنے کا اعلان

ممبئی (یو این پی) دو دہائیوں سے بالی ووڈ کی فلم انڈسٹری سے وابستہ 37 سالہ اداکار وکرانت میسی نے بلاک بسٹر 12 ویں فیل سمیت کچھ شاندار پرفارمنس دینے کے بعد اداکاری سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ وکرانت میسی نے فوٹو اینڈ شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ایک پوسٹ شیئر کی ہے جس میں انہوں نے بتایا کہ وہ مزید دو فلمیں کرنے کے بعد اداکاری کو خیرآباد کہہ دیں گے۔ اداکار نے لکھا کہ ہیلو، میرے پچھلے کچھ سال غیر معمولی رہے ہیں اس دوران ایک اداکار کے طور ہر میرا سفر دلچسپ رہا ہے، جس کے لیے میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ وکرانت میسی نے کہا کہ میں جیسے جیسے میں آگے بڑھتا ہوں تو مجھے احساس ہوتا ہے کہ یہ وقت ایک شوہر، باپ اور ایک بیٹے کے طور پر گھر واپس جانے کا ہے، آنے والے سال 2025 میں ہم آخری بار ملیں گے، جب تک کہ وقت صحیح نہ آجائے۔ نامور بالی ووڈ فلم ’12 فیل‘ سے شہرت حاصل کرنے والے اداکار وکرانت میسی نے مزید لکھا کہ پچھلی 2 فلمیں اور کئی سالوں کی یادیں ساتھ ہیں جس کے لیے میں ایک بار پھر شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں، اس پیار کا ہمیشہ مقروض ہوں۔ واضح رہے کہ وکرانت نے بالی وڈ میں قدم سال 2013 میں فلم ’رابز‘ سے رکھا اور ’ہاف گرل فرینڈ‘، ’حسین دلربا‘، ’لو ہوسٹل‘، ’14 پھیرے‘ اور ’12 تھ فیل‘ جیسی سپرہٹ فلموں میں بھی اپنا کردار بخوبی نبھاتے نظر آئے۔ وکرانت میسی ایک باصلاحیت بھارتی اداکار ہیں جنہوں نے ٹیلی ویژن سے لے کر فلموں تک ایک طویل سفر طے کیا ہے، وہ اپنے منفرد انداز، فنی صلاحیتوں اور مختلف کرداروں کی بدولت بھارتی انٹرٹینمنٹ انڈسٹری میں نمایاں مقام حاصل کر چکے ہیں۔ اداکار نے آخری بار فلم دی سابرمتی رپورٹ، 12 ویں فیل، اور سیکٹر 36 میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے تاہم اب وہ 2025 میں مزید دو فلموں میں نظر آنے کے بعد بھارتی سینما کو الوداع کہہ دیں گے۔

کیریئر کے آغاز میں بہت مشکلات دیکھیں، اداکارہ میمونہ قدوس

سینئر اداکارائیں جواب ”آنٹیاں“ بن چکی ہیں، وہ بھی مجھ سے حسد کرتی تھیں

لاہور (یو این پی) خوبرو پاکستانی اداکارہ میمونہ قدوس نے کہا ہے کہ کیریئر کے آغاز میں بہت مشکلات دیکھیں، کئی اداکارائیں مجھ سے جلتی تھیں۔ حال ہی میں اداکارہ میمونہ قدوس نجی ٹی وی کے پروگرام میں بطور مہمان شریک ہوئیں جہاں انہوں نے نجی زندگی اور کیریئر سمیت مختلف موضوعات پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ انٹرویو کے دوران اداکارہ نے کیریئر کے آغاز سے متعلق بات کرتے ہوئے بتایا کہ شوبز انڈسٹری میں کیریئر بنانے کے لیے مجھے اپنے آبائی شہر سے کم عمری میں تنہا نکلنا پڑا جس وجہ سے میں نے کئی مسائل کا سامنا بھی کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کیریئر کے آغاز میں اداکارائیں مجھ سے جلتی تھیں، یہاں تک کہ سینئر اداکارائیں جواب ”آنٹیاں“ بن چکی ہیں، وہ بھی مجھ سے حسد کرتی تھیں، ”آنٹیوں“ کو یہ سمجھنا چاہیے تھا کہ میں ان کا نصیب کیسے چھین سکتی ہوں؟ میمونہ قدوس نے انکشاف کیا کہ انہیں کیریئر کے آغاز میں ہراساں تک کیا گیا اور جب انہوں نے اس کی شکایت کی تو ان کے لیے مزید مشکلات پیدا کی گئیں، شکایت کا ان پر منفی اثر پڑا، تاہم انہوں نے ہراساں کرنے والے افراد کا نام نہیں لیا۔

یوٹیوب پر جھوٹ پھیلایا جا رہا ہے، اداکارہ لائبہ خان

ماضی میں میرے قطری شہزادے سے شادی کی خبریں پھیلائی گئی تھیں

کراچی (یو این پی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ لائبہ خان کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ لائبہ خان نے تصاویر شیئر کیں جس میں انہیں لال گلاب تھامے سنجیدگی کا تاثر دیتے دیکھا جاسکتا ہے۔ ایک تصویر میں اداکارہ گلدستے تھامے ہوئے ہیں۔ انہوں نے تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لال گلاب کی ایموجی بناتے ہوئے لکھا کہ ’بس خواہش ہی رہ گئی۔‘ لیکن انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ کونسی سی خواہش رہ گئی ہے۔ لائبہ خان نے چند گھنٹوں قبل یہ تصاویر شیئر کیں جسے لاکھوں کی تعداد میں مداح دیکھ چکے ہیں اور ان کی خوبصورتی کی تعریف بھی کر رہے ہیں۔ اس سے قبل ایک انٹرویو میں لائبہ خان نے کہا تھا کہ ماضی میں ان کی قطری شہزادے سے شادی کی خبریں پھیلائی گئی تھیں۔ انہوں نے بتایا تھا کہ ان سے متعلق یوٹیوب سمیت دیگر پلیٹ فارمز پر خبریں پھیلائی گئیں کہ لائبہ خان نے 50 سالہ قطری شہزادے سے شادی کرلی، کیوں کہ اس شخص کے پاس پیسے بہت تھے۔ اداکارہ کے مطابق مذکورہ خبر ان کے والد نے بھی یوٹیوب پر دیکھی تو پریشان ہوکر ان سے سوال کیا، جس پر انہوں نے والد کو بتایا کہ ایسا کچھ بھی نہیں ہوا، یوٹیوب پر جھوٹ پھیلایا جا رہا ہے۔ لائبہ خان کا کہنا تھا کہ والد نے انہیں تاکید کی تھی کہ اس طرح کی جھوٹی خبریں پھیلنے نہیں دیا کرو۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

ترقیاتی مسائل 2 لاکھ والے آبادی کے شہریوں کی بنیادی سہولیات کے لیے خطرہ

پچھلے 15 سالوں میں شہر کے اندر کوئی نئی سیوریج اسکیم شروع نہیں کی گئی

وزیرآباد (نامہ نگار) سابق ناظم اور کونسلر میونسپل کمیٹی وزیر آباد محمد خالد مغل، سابق ناظم حفیظ خلجی، سرپرست مرکزی تنظیم تاجران شیخ بلال احمد، پروفیسر حافظ منیر احمد، جماعت اسلامی کے ضلعی نائب امیر صابر حسین بٹ نے کہا ہے کہ وزیر آباد شہر کے بڑھتے ترقیاتی مسائل 2 لاکھ والے آبادی کے شہریوں کی بنیادی سہولیات کے لیے خطرہ بنتے جا رہے ہیں وزیر آباد شہر جو اپنی صنعتی ترقی اور تاریخی اہمیت کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہس ہے آج ترقیاتی منصوبوں کی ناقص منصوبہ بندی کرپشن کمیشن کلچر اور غیر ضروری مداخلت کی وجہ سے شدید مسائل کا شکار ہو چکا ہے میونسپل کمیٹی وزیر آباد کی حدود میں 2 لاکھ سے زائد آبادی شامل ہس ہے لیکن بنیادی انفراسٹرکچر کی حالت انتہائی ابتر ہو چکی ہے جس کی بڑی وجہ اس شہر کے انفراسٹرکچر پر انتظامیہ کے کنٹرول کے لیے ماسٹر پلان کی غیر موجودگی ہے میونسپل کمیٹی وزیر آباد کے پاس تاحال کوئی ماسٹر پلان ہس ی موجود نہیں ہس ے جو اس شہر کی 2 لاکھ سے زائد افراد کی آبادی کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کی ضروریات پوری کرتا ہو یہ شہر بغیر کسی طویل المدتی منصوبہ بندی کے چلایا جا رہا ہے اس کی وجہ سے ترقیاتی کام غیر منظم ہیں اور ان کا معیار بھی ناقص ہے پچھلے 15 سالوں میں شہر کے اندر کوئی نئی سیوریج اسکیم شروع نہیں کی گئی نہ ہی جی ٹی روڈ کی مشرقی یا مغربی سائیڈ پر اس کے لیے کوئی منصوبہ بندی کی گئی ہے نتیجتاً پہلے سے موجود پرانا سیوریج سسٹم جو نالہ پلکھو تک نکاسی آب کو لے جانے تک ناکافی ہو چکا ہے جس سے پرانے ڈرینج سسٹم پر اضافی بوجھ ڈال دیا گیا ہے جو شہر کے مختلف حصوں کو ڈوبن پورہ میں تبدیل کر رہا ہے شہر کے ترقیاتی بجٹ کو گزشتہ دو دہائیوں سے پہلے سے موجود پکی گلیوں، بازاروں اور سڑکوں پر ٹف ٹائل لگانے یا ان کی مرمت پر خرچ کیا جا رہا ہے انتظامیہ کا کوئی نیا ڈرینج سسٹم یا سیوریج لائن شروع نہ کرنا انتظامی غفلت کا واضح ثبوت ہے ان غیر ضروری منصوبوں پر خرچ کیا گیا بجٹ ضائع ہو رہا ہے وزیر اعلیٰ پنجاب فوری طور پر اس کا نوٹس لیتے ہوئے ورلڈ بینک پروگرام کے تحت سیوریج سسٹم کو بحال اور اپ گریڈ نہ کرنے کی انکوائری کروائیں اور اس کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کا آغاز کریں جنہوں نے ورلڈ بینک پروگرام میں نئے سیوریج سسٹم اور پینے والے صاف پانی کے منصوبوں کو اپنے مقاصد کی تکمیل کے لیے نکالا ہے۔

دعوت الی اللہ دیتے وقت میانہ روی کو اختیار کیا جائے، عبدالقدیر اعوان

ہر پہلو سے اللہ کریم کی اطاعت کی جائے جو اللہ کریم پسند فرمائیں اُسے اپنایا جائے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان نے کہا کہ دعوت الی اللہ دیتے وقت میانہ روی کو اختیار کیا جائے اس میں اس حد تک نہ جایا جائے کہ باہم اختلافات پیدا ہوں ایسا تب ہی ممکن ہے جب ہم اپنی پسند کو بالائے طاق رکھ کر احکامات رسول ﷺ کو مقدم رکھیں حضور حق کی کیفیت میں کمی کے سبب غفلت بڑھتی ہے اور بندہ دنیا کی دلدل میں دھنستا چلا جاتا ہے اس میں دوبتے ہوئے بھی اپنے گناہوں پر فخر کر رہا ہوتا ہے ہمیں اپنا رخ اللہ کی طرف کرنے کی ضرورت ہے رخ اللہ کی طرف کرنے سے مراد یہ ہے کہ ہر پہلو سے اللہ کریم کی اطاعت کی جائے جو اللہ کریم پسند فرمائیں اُسے اپنایا جائے اور ہر اس کام کو رد کیا جائے جس سے اللہ کریم منع فرماتے ہیں یعنی عملی طور پر خود کو اللہ کے سپرد کر دینا تا کہ اقرار کے ساتھ عمل بھی شامل ہو آج ہمارے معاشرے میں جو روش پیدا ہو گئی ہے کہ ہم کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں ہمارا دعوی ہمارے اعمال سے مختلف ہوتا ہے یہود و نصاری اپنی کتابوں سے بھی وہ حصے مانتے تھے جنہیں وہ پسند کرتے تھے جو حصے وہ پسند نہیں کرتے تھے انہیں چھوڑ دیتے آپ ﷺ امام الانبیاء ہیں آپ نے اللہ کا پیغام اللہ کی مخلوق تک پہنچایا جو بہت بڑا منصب ہے ہم اپنی پسند و ناپسند سے اقرار یا انکار کرتے ہیں ہم یہ خیال نہیں کرتے جس بات کا ہم انکار کر رہے ہیں یہ بات کس کی ہے اللہ کریم کی بات ہو محمد الرسول اللہ ﷺ کے لب ہائے مبارک سے ادا ہو رہی ہو اور ہم اس کا انکار کریں یہ کتنی بڑی بد بختی ہے اللہ کریم صحیح شعور عطا فرمائیں آخر میں انہوں نے ملکی سلامتی اور امت کے لیے خصوصی دعا بھی فرمائی

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ کے انتخابات مکمل گرانڈ الائنس نے میدان مار لیا

گرانڈ الائنس کے نامزد امیدوار مہر مقصود احمد ہرل ایڈووکیٹ 334 ووٹ لیکر کامیاب ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ کے انتخابات مکمل گرانڈ الائنس نے میدان مار لیا تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا گرانڈ الائنس کے نامزد امیدوار مہر مقصود احمد ہرل ایڈووکیٹ 334 ووٹ لیکر کامیاب ہو گئے ان کے مدمقابل نسوانہ گروپ کے نامزد امیدوار خان طاہر عباس بلوچ ایڈووکیٹ 310 لے سکے نائب صدر کے لئے ملک عمران مرتضیٰ ایڈووکیٹ 332 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے ان کے مدمقابل رضوان علی آسی 309 ووٹ لے سکے۔ جبکہ جنرل سیکرٹری کی نشت پر گرانڈ الائنس کے امیدوار امتیاز حسین تاج ایڈووکیٹ 345 ووٹ لے کر کامیاب ہو گئے ان کے مدمقابل چوہدری تصدق حسین کولی ایڈووکیٹ 299 لے سکے جبکہ فنانس سیکرٹری کی سیٹ پر ندیم عباس سپرا ایڈووکیٹ 362 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے ان کے مدمقابل چوہدری اظہر عباس سلوترا ایڈووکیٹ 289 ووٹ لے سکے جبکہ جوائنٹ سیکرٹری کی نشت پر ڈاکٹر ارشاد احمد فہیم ایڈووکیٹ، لائبریری سیکرٹری نشت پر عقیل عباس ہرل اور ایڈیٹر کی نشت پر ڈاکٹر تنویر احمد ایڈووکیٹ بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کے دوران 673 مرد و خواتین وکلا نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ چیئرمین الیکشن بورڈ سید صابر حسین شاہ بخاری ایڈووکیٹ نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

شہر میں نان بائی اور ہوٹل مالکان کی ملی بھگت سے کم وزنی روٹی اور نان کو مہنگے داموں فروخت کرنے کا سلسلہ جاری

مصطفی آباد (نامہ نگار) شہر میں نان بائی اور ہوٹل مالکان کی ملی بھگت سے کم وزنی روٹی اور نان کو مہنگے داموں فروخت کرنے کا سلسلہ جاری جبکہ ضلعی انتظامیہ اُن کو مبینہ طور پر سرکاری ریٹوں پر عمل درآمد کروانے میں ناکام ہو گئی، تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی مبینہ غفلت کی وجہ سے شہر کے مختلف مقامات پر ہوٹل مالکان اور نان بائیوں کی جانب سے گرانفروشی کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا کم وزن والا نان 25 سے 30 روپے جبکہ 100 گرام سے کم وزنی روٹی 15 سے 17 روپے میں فروخت ہو رہی ہے، سماجی حلقوں اور شہریوں کی کثیر تعداد نے احتجاج کرتے ہوئے ڈی سی قصور سے مطالبہ کیا ہے متعلقہ افسران کو گرانفروشی کی روک تھام کے عمل کو یقینی بنانے کیلئے فیلڈ میں بھیجا جائے اور روٹی اور نان کے وزن کو بھی چیک کروایا جائے۔

دوا و باش نوجوانوں نے کم عمر بچے کے ساتھ اجتماعی زیادتی

جھنگ (بیورو رپورٹ) دوا و باش نوجوانوں نے کم عمر بچے کے ساتھ اجتماعی زیادتی کر کے ویڈیو وائرل کر دی پولیس نے فوری طور پر ایکشن لیتے ہوئے مبینہ زیادتی میں ملوث ملزمان گرفتار کر لیے تفصیلات کے مطابق حارث، رضوان اور دو نامعلوم ملزمان نواں کوٹ روڈ تحصیل اٹھارہ ہزاری کے رہائشی 14 سالہ نعلین عباس کو موضع جمالی کلاں میں لے گئے جہاں پر حارث اور رضوان ملزمان کمسن بچے نعلین عباس کے ساتھ باری باری زیادتی کرتے رہے اور اجتماعی زیادتی کی ویڈیو بنا کر وائرل کر دی جس پر تھانہ اٹھارہ ہزاری کے ایس ایچ او واصف علی نول نے فوری ایکشن لیتے ہوئے زیادتی میں ملوث حارث اور رضوان ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی ہے

ظفروال تحصیل بار کونسل کے انتخابات۔ مسرور حیدر کاظمی ایڈووکیٹ مکمل پینل کے ساتھ جیت گئے

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز تحصیل بار کونسل کے انتخابات ہوئے جس میں صدر کے لیے مسرور حیدر کاظمی ایڈووکیٹ نے 151 ووٹ اور ان کے مدمقابل عدنان صفدر ایڈووکیٹ نے 112 ووٹ حاصل کیے جبکہ سیکریٹری جنرل کے لیے میاں شہزاد ایڈووکیٹ نے 145 ووٹ اور ان کے مدمقابل احتشام ظفر ایڈووکیٹ نے 116 ووٹ حاصل کیے۔ جوائنٹ سیکریٹری ملک ادریس ایڈووکیٹ نے 149 ووٹ اور ان کے مدمقابل میاں نوید سرور ایڈووکیٹ نے 109 ووٹ حاصل کیے اور نائب صدر کے لیے ناصر محمود ایڈووکیٹ نے 161 ووٹ اور ان کے مدمقابل رانا شاہد ایڈووکیٹ نے 98 ووٹ حاصل کیے۔ مسرور حیدر کاظمی ایڈووکیٹ نے اپنے پورے پینل کے ساتھ کلین سویپ کیا۔ جیت کی خوشی میں مسرور حیدر کاظمی ایڈووکیٹ کے حامیوں نے ڈھول کی تھاپ پر جیت کا جشن منایا اور بھنگڑا ڈالا اس موقع پر نو منتخب صدر مسرور حیدر کاظمی ایڈووکیٹ نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ میں الل? تعالی کا شکر گزار ہوں اور میری جیت ظفروال بار کی جیت ہے میں اپنی تمام وکلاء برادری کا شکر گزار ہوں جنہوں نے میرے سمیت میرے پورے پینل پر اعتماد کا اظہار کیا۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا عوامی ریلیف اور شکایات کی ازالہ کے سلسلہ میں اہم اقدام

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا عوامی ریلیف اور شکایات کی ازالہ کے سلسلہ میں اہم اقدام، حالیہ بارشوں کے پیش نظر ضلع بھر میونسپل سروسز کی فراہمی کے لیے ضلع کونسل اور تمام میونسپل کمیٹیوں کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں جس کے لیے گزشتہ روز باقاعدہ مراسلہ جاری کر دیا گیا تھا، جس کے تحت ضلع کونسل اور میونسپل کمیٹیوں کے اہلکار اتوار کے روز بھی عوامی شکایات کے ازالہ کے لیے فیلڈ میں متحرک نظر آئے اور صفائی ستھرائی کے امور سرانجام دیتے رہے، ضلع کونسل اور تمام میونسپل کمیٹیوں کے دفاتر معمول کے مطابق کھلے رہے، ضلعی اور تحصیل انتظامیہ کے افسران بھی تمام دن فیلڈ میں ورکنگ ٹیموں کی نگرانی کرتے رہے، عوام الناس نے ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی عوامی سہولت کے لیے کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

خوراک کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک

17 درجن سے زائد خراب انڈے تلف جبکہ مشینری ضبط کرلی گئی، 1 بیکری کی پروڈکشن بند اور ایک کو 30 ہزار روپے جرمانہ عائد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) خوراک کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک، فوڈ سیفٹی ٹیموں کی جانب سے پہلی چوک، رینالہ خورد میں 2 بیکریوں کی انسپکشن، 17 درجن سے زائد خراب انڈے تلف جبکہ مشینری ضبط کر لی گئی، 1 بیکری کی پروڈکشن بند اور ایک کو 30 ہزار روپے جرمانہ عائد۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی کی خصوصی ہدایات پر خوراک میں ملاوٹ کرنے والوں کیخلاف بلا تعطل کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق فوڈ سیفٹی ٹیموں کی جانب سے پہلی چوک، رینالہ خورد میں 2 بیکریوں کی انسپکشن کی گئی۔ خوراک کی تیاری میں ٹوٹے انڈوں کا استعمال کرنے پر بیکری مالک کو بہتری تک کام سے روک دیا گیا۔ پروڈکشن ایریا میں واش روم کی موجودگی بھی پائی گئی۔ اس کے علاوہ حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزیوں پر سویٹس اینڈ بیکرز کو 30 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ اس موقع پر ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کا کہنا تھا کہ عوام کی صحت کے ساتھ کھلواڑ کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ شہریوں تک ملاوٹ سے پاک خوراک پہچانا پنجاب فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز نے شہر کی اہم شاہرات اور چوکوں میں بیوٹیفکیشن کے کاموں کا جائزہ لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز نے شہر کی اہم شاہرات اور چوکوں میں بیوٹیفکیشن کے کاموں کا جائزہ لیا اور اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے صفائی ستھرائی کے عمل کو مزید بہتر کرنے کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں، انہوں نے کہا کہ صفائی ستھرائی کے معاملات اور بیوٹیفکیشن کا عمل شہر کی رعنائیوں میں بے پناہ اضافہ کرے گا اور لوگوں کو صاف ستھرا ماحول میسر ہو گا جس سے ان کی زندگیوں میں خوشگوار اثرات مرتب ہوں گے، انہوں نے کہا کہ اوکاڑا بائی پاس سے ملحقہ گرین بیلٹس اور چوکوں میں اقدامات کے لیے عملہ صفائی خوبصورتی کے لیے محنت اور لگن سے فرائض سرانجام دے، اس سلسلہ میں غفلت اور لاپرواہی سے ہرگز کام نہ لیا جائے

اسسٹنٹ کمشنر چوہدری ضیاء اللہ کی زیر نگرانی تحصیل بھر کے مختلف مقامات پر میونسپل کمیٹی کی جانب سے صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر چوہدری ضیاء اللہ کی زیر نگرانی تحصیل بھر کے مختلف مقامات پر میونسپل کمیٹی کی جانب سے صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کیے گئے اور ٹیموں نے بارش کے دوران نشیبی علاقوں سے پانی نکالنے کے ساتھ ساتھ مختلف مقامات سے کوڑا کرکٹ اور سولڈ ویسٹ کو ٹھکانے لگانے کا عمل جاری رکھا، میونسپل کمیٹی کی جانب سے تمام دن عوامی شکایات کے ازالہ کے سلسلہ میں ٹیموں نے بھرپور انداز میں اقدامات کیے اور عوام کو میونسپل سروسز کی فراہمی کے سلسلہ میں محنت اور لگن سے کام کیا۔

تحریک لبیک پاکستان ضلع گوجرانوالہ کے امیر نصیر احمد جنجوعہ نے پی پی 35 کے عہدیداران کو نوٹیفیکیشن جاری

وزیرآباد (نامہ نگار) تحریک لبیک پاکستان ضلع گوجرانوالہ کے امیر نصیر احمد جنجوعہ نے پی پی 35 کے عہدیداران کو نوٹیفیکیشن جاری کر دیئے نوٹیفیکیشن کے مطابق سرپرست میاں محمد واصف، امیر حافظ محمد آفتاب رضوی، نائب امیر خرم شہزاد، ناظم اعلیٰ عامر فیاض نوشاہی، نائب ناظم اعلیٰ محمد احمد رضا، ناظم مالیات محمد ندیم، ناظم نشر و اشاعت حسنات احمد، ناظم خدمت خلق محمد عمر رضا، رابطہ ناظم تنظیم محمد عاطف مجددی، رابطہ انتظامیہ قاری محمد امین ڈھلو، لیگل ایڈوائزر حافظ عزیر احمد گوندل، سیکورٹی انچارج سبحانی چیمہ، ناظم الیکشن سیل زاہد منیر پہلوان، تحریکی ڈائریکٹر تصدق حسین، ناظم دفتر حافظ محمد جمیل رضوی ہونگے۔

نامعلوم چور رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گھر کے اندر کھڑی موٹر سائیکل چرا کر فرار

وزیرآباد (نامہ نگار) نامعلوم چور رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گھر کے اندر کھڑی موٹر سائیکل چرا کر فرار۔ سرکلر روڈ محلہ ڈبگراں کی رہائشی شبانہ زوجہ محمد یعقوب رات کو گھر کے اندر موٹر سائیکل نمبری AXS.202553، انجن نمبری CD618704، چیسز نمبر C782511 کھڑی کر کے سوئی جب صبح اٹھی تو گھر کا دروازہ توڑ کر چور گھر سے موٹر سائیکل چرا کر لے جا چکا تھا۔ چوری کی واردات کی اطلاع تحریری طور پر تھانہ سٹی پولیس کو کر دی گئی۔

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کے سالانہ انتخابات مکمل، نتائج کا اعلان، اصغر خان صدر، میاں نعمان انور جنرل سیکرٹری منتخب

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کے سالانہ انتخابات مکمل، نتائج کا اعلان، اصغر خان صدر، میاں نعمان انور جنرل سیکرٹری منتخب۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کے سالانہ انتخابات کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا۔ وکلاء برادری کی بڑی تعداد نے انتخابات میں شرکت کی اور اپنی پسندیدہ قیادت کے حق میں ووٹ ڈالے۔ صدر کے عہدے کے لیے اصغر خان ایڈووکیٹ اور نعیم اللہ چوہدری ایڈووکیٹ کے درمیان کانٹے کا مقابلہ ہوا۔ اصغر خان ایڈووکیٹ نے 906 ووٹ حاصل کر کے کامیابی حاصل کی، جبکہ ان کے مدمقابل نعیم اللہ چوہدری ایڈووکیٹ 756 ووٹ لے سکے۔ جنرل سیکرٹری کے عہدے پر بھی سخت مقابلہ دیکھنے کو ملا۔ میاں نعمان انور ایڈووکیٹ 731 ووٹ لے کر جنرل سیکرٹری منتخب ہوئے، جبکہ ان کے مدمقابل رائے رب نواز کھرل ایڈووکیٹ نے 730 ووٹ حاصل کیے۔ نتائج کے اعلان کے بعد کامیاب امیدواروں کے حامی وکلاء نے زبردست جشن منایا۔ وکلاء نے نعرے بازی کی، بھنگڑے ڈالے، اور ایک دوسرے کو مٹھائیاں تقسیم کیں۔

تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن، ڈپٹی کمشنر کی نگرانی

روڈ کے اطراف اور دکانوں سے ملحقہ بڑی تعداد میں تجاوزات کا بھاری مشینری کی مدد سے خاتمہ کر دیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے 7 نمبر چونگی پر جاری تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کی نگرانی کی، اس موقع پر روڈ کے اطراف اور دکانوں سے ملحقہ بڑی تعداد میں تجاوزات کا بھاری مشینری کی مدد سے خاتمہ کر دیا گیا، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ تجاوزات مافیا غیر قانونی فعل سے باز رہے، تجاوزات کے ذریعے عوام کے لیے دشواری اور مشکلات پیدا کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، تجاوزات کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا اور تجاوزات کے خاتمہ کے لیے کارروائیاں تسلسل سے جاری رکھی جائیں گی۔

میونسپل کمیٹیوں کی ٹیموں نے بارش کے باوجود صفائی ستھرائی کے امور سرانجام دیے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کی زیر نگرانی تحصیل بھر کے مختلف مقامات پر میونسپل کمیٹیوں کی ٹیموں نے بارش کے باوجود صفائی ستھرائی کے امور سرانجام دیے، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دن بھر فیلڈ میں ٹیموں کی نگرانی کرتے رہے، انہوں نے شیر گڑھ روڈ پر بھاری مشینری کی مدد سے صفائی ستھرائی کے عمل کا جائزہ لیا اور ٹیموں کو جہاں پہچانی سے صفائی کا آپریشن جاری رکھنے کے احکامات جاری کیے، حویلی لکھا حجرہ شاہ مقیم بصیر پور اور منڈی احمد آباد میں بھی عملہ صفائی نے صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کو عملی جامہ پہنایا۔

ظفروال نیشنل پریس کلب ظفروال کا اجلاس زیر صدارت صدر خواجہ عمران عباس منعقد ہوا

سینیئر صحافی خاس یوسف منہاس، انعام الحق عرف فرحان اور علی ندیم کا پرجوش استقبال

ظفروال (زاہد چوہدری سے) نیشنل پریس کلب میں نئے شامل ہونے سینیئر صحافی خاس یوسف منہاس، انعام الحق عرف فرحان اور علی ندیم کا پرجوش استقبال کیا گیا۔ شامل ہونے والے نئے ممبران کو پھولوں کی مالائیں پہنچائی گئیں اور خوش آمدید کہا گیا۔ اجلاس میں خواجہ عمران عباس، شہوار حیدر کاظمی، زاہد مجید، رانا اعجاز محمود، مس روبینہ کوثر، مہر محمد رفاق، زاہد ادریس، ساجد ادریس، میاں محمد جمیل، عظیم باجوہ، کلیم عباس، نئے شامل ہونے والے خاس یوسف منہاس، علی ندیم اور انعام الحق عرف فرحان نے شرکت کی۔ نئے شامل ہونے والے ممبران نے نیشنل پریس کلب کے تمام ممبران کا شکریہ ادا۔ اجلاس میں علاقائی مسائل سیر حاصل گفتگو کی گئی اور پریس کلب میں بہتری لانے اور اتحاد و یگانگت پر روشنی ڈالتے ہوئے معزز ممبران نے اپنی اپنی تجاویز و آراء پیش کیں۔ آخر میں ملکی سلامتی ترقی و خوشحالی اور اتحاد بین المسلمین و بھائی چارے کے لئے دعا کی گئی۔

اوکاڑہ ٹریفک کے دو مختلف حادثات کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار خاتون جاں بحق جبکہ کار سوار دو خواتین شدید زخمی ہو گئیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ ٹریفک کے دو مختلف حادثات کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار خاتون جاں بحق جبکہ کار سوار دو خواتین شدید زخمی ہو گئیں۔ تفصیلات کے مطابق جی ٹی روڈ البرق چیک پوسٹ اوکاڑہ کینٹ کے قریب نواحی قصبہ 17 فور ایل کے رہائشی نوید کی 30 سالہ بیوی ممتاز بی بی موٹر سائیکل سے گر گئی جسے نامعلوم گاڑی نے کچل دیا جس کے نتیجے میں ممتاز بی بی موقع پر جاں بحق ہو گئی۔ دوسرے واقعہ میں تیز رفتار کار موٹر باری دوآب نہر رینالہ خورد میں پھسل کر گر گئی جس کے نتیجے میں کار سوار دو خواتین عابدہ زوجہ عاصم اور یاسمین زوجہ مہر شدید زخمی ہو گئیں ریسکیو 1122 ٹیم نے نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

سیاسی و سماجی شخصیت عمران خان اور گل خان کی نو منتخب صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن وزیر آباد امتیاز احمد خان سے ملاقات

وزیرآباد (نامہ نگار) سیاسی و سماجی شخصیت عمران خان اور گل خان کی نو منتخب صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن وزیر آباد امتیاز احمد خان سے ملاقات اور الیکشن میں کامیابی پر مبارکباد دی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ نو منتخب صدر امتیاز احمد خان نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے بعد میں اپنے تمام ساتھیوں کا شکر ادا کرتا ہوں جنہوں نے الیکشن میں میرے ساتھ تعاون کیا۔

پولیس تھانہ ظفروال نے دوران سرچ آپریشن

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز پولیس تھانہ ظفروال نے دوران سرچ آپریشن وناکہ بندی گریڈ اسٹیشن چاہ سیداں ظفروال کے قریب مشکوک افراد کو روک کر تلاشی لی تو ملزم ساجد ولد حمید ساکن سید پور ہنجلی سے 30 بور پسٹل اور 02 گولیاں برآمد ہوئیں جبکہ ملزم شفیق احمد عرف کالا ولد رشید احمد ساکن بیت پور سے 1460 گرام چرس برآمد ہوئی۔ پولیس تھانہ ظفروال نے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے ملزمان کو جوڈیشل کر دیا

CRIME
& COURT
جرم و سزا

الہ پور: ڈاکوؤں کی ناکہ لگا کر لوٹ مار درجن سے زائد افراد کو لوٹ لیا

ابوبکر صدیق کی کریانہ کی دوکان سے گھی آٹا سگریٹ دالوں سمیت تقریباً 2 لاکھ روپے مالیت کا سامان چوری

نارنگ منڈی (نامہ نگار) الہ پور کے قریب ڈاکوؤں کی ناکہ لگا کر لوٹ مار درجن سے زائد افراد کو لوٹ لیا لاہوریانوالی میں چور کریانہ کی دوکان کا صفایا کر گئے ہوٹل میں ناشتہ کرنے جانے والے کی نیو ہنڈا 125 چوری مہتہ سوجا میں فراز کی حویلی سے 7 لاکھ روپے مالیت کی راس بھینس اور گائے چوری لاہوریانوالی میں ابوبکر صدیق کی کریانہ کی دوکان سے گھی آٹا سگریٹ دالوں سمیت تقریباً 2 لاکھ روپے مالیت کا سامان چوری ننگل بچھر میں اکرم کے کھیتوں سے ڈیڑھ لاکھ روپے مالیت کی ٹیوب ویل والی موٹریں چوری ہو گئیں ماڑی پل کے قریب ڈاکوؤں نے مراد شریف سے موٹر سائیکل چھین لی مہتہ سوجا جھال کے قریب ڈاکوؤں نے جیون گورائیہ کے رہائشی فضل کریم سے ڈیڑھ لاکھ روپے نقدی چھین لی ایف جی کالونی کا رہائشی داؤد بھٹی کوٹ عبداللہ ہوٹل میں ناشتہ کرنے گیا باہر کھڑی ہنڈا 125 موٹر سائیکل چوری ہو گئی رفیق آباد میں حامد کے گھر سے ٹویوٹا وین کے ٹائر اور دیس مرغے چوری ہو گئے نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

تحصیل بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات میں نسوآنہ گروپ کے مہر خداداد لالی صدر اور ملک احمد خان جنرل سیکرٹری کے عہدے پر کامیاب ہو گئے

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) تفصیلات کے مطابق تحصیل بار ایسوسی ایشن لالیاں کے سالانہ انتخابات کا عمل مکمل ہو گیا۔ سالانہ انتخابات میں ٹوٹل 275 وکلاء نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ جن میں سے 131 ووٹ نسوانہ گروپ کے مہر خداداد لالی نے لیکر کامیابی حاصل کی جبکہ نسوآنہ گروپ کے ملک احمد خان 163 ووٹ لیکر جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے۔ نسوآنہ گروپ کے وکلاء نے جیت کی خوشی میں خوب ہلا گلا کیا۔

لائنز و اقوام متحدہ کے باہمی اشتراک سے تقریب نیروبی کینیا میں منعقد ہو گی

لائن فیضان کپور 47 ویں عالمی لائن کلب و اقوام متحدہ لائنز تقریب کے برینڈ ایمبیسیڈر ہونگے۔ طاہر مجید کپور

13 فروری 2025 لائنز کلب انٹرنیشنل و اقوام متحدہ کی باہمی شراکت سے عالمی 47 ویں سالانہ کے حوالہ سے نیروبی (کینیا) میں منعقدہ پروقار تقریب کیلئے فیضان ایم کپور PMJF/SCA پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب انٹرنیشنل خدمات کا مستقبل تھیم کے ایمبیسیڈر مقرر کیے گئے ہیں۔ خدمات کا مستقبل کے عملی کردار کی ادائیگی کیلئے لائنز/ لیوز ایم۔ ڈی 305 پاکستان سے رجوع کیجئے۔ ان باتوں کا اظہار لائن کلب انٹرنیشنل کی عظیم شخصیت طاہر مجید کپور نے سینیئر میڈیا نمائندگان کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ لائنز کے 47 ویں سالانہ بین الاقوامی سطح پر منعقدہ تقریب میں پاسٹ گورنر لائنز کلب فیضان مجید کپور ایمبیسیڈر مقرر ہوئے ہیں۔

گلوبل یونین آف جرنلسٹس کا اپنا مقام پہچان، کوئی چیلنج نہیں کر سکتا، نویدہ بخاری

اجلاس میں نئے سال کے حوالے سے باہمی تبادلہ خیال کیا گیا اور شرکاء کی تجاویز طلب کی گئیں

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کا سال 2025 کا پہلا باضابطہ اور مجموعی طور پر تیرھواں اجلاس چیئرمین ڈاکٹر محمد الیاس بٹ کی سرپرستی میں گزشتہ روز مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا۔ صدارت کے فرائض جنرل سیکرٹری محمد اطہر سلطان مغل نے سرانجام دیئے۔ منعقدہ اجلاس میں نئے آنے والے اراکین کو خوش آمدید کہا گیا اور انہیں پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔ اجلاس میں نئے سال کے حوالے سے باہمی تبادلہ خیال کیا گیا اور شرکاء کی تجاویز طلب کی گئیں۔ اجلاس میں نائب صدر پرویز مغل، میاں جمیل مغل، فنانس سیکرٹری رانا محمد اعظم، ڈپٹی سیکرٹری اعظم ممتاز، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عمران حیدر غوری، نائب صدر ممتاز بھٹی، جوائنٹ سیکرٹری حمیرا اسلم بھٹی، محمد احمد مغل، پروفیسر محمد رحمان، محمد عبداللہ، اعجاز احمد عرفان سیٹھی، رانا شبیر احمد، رانا یاسر، سیٹھ عرفان احمد، راشد ترین، واجد علی، گلشن خان، عابد مغل، شمع ندیم رانا، شیخ کاشف اقبال، رانا جاوید اختر مہر، جاوید اقبال اور مہر ظہیر عباس سمیت متعدد اراکین شریک ہوئے۔ شرکاء سے اپنے مشترکہ خطاب میں صدر شعبہ خواتین سیدہ نویدہ بخاری، میاں جمیل مغل، محمد انور رانا نے کہا کہ گوجرانوالہ کی صحافتی فضاء میں گلوبل یونین پچھلے ایک برس سے تازہ ہوا کے جھونکے کی مانند ہے۔ ہم چند قابض عناصر کا تسلط تسلیم نہیں کر سکتے ہمارا اپنا ایک مضبوط وجود ہے اور ایک مستقل رفتار کے ساتھ اپنے صحافی بھائیوں کی فلاح و بہبود اور پیشہ وارانہ تربیت کے اصولوں پر عمل پیرا ہیں۔ جنرل سیکرٹری محمد اطہر سلطان مغل نے کہا کہ ہماری سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ ہم پچھلے تیرہ ماہ سے اپنے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کر رہے ہیں اور اپنی تنظیمی سرگرمیوں کو کسی کے انفرادی مفادات کی بھینٹ نہیں چڑھنے دیا۔ اپنے ورکرز کی عزت سب سے پہلے مقدم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گلوبل یونین میں ورکر صحافیوں کی تعداد میں روز بہ روز اضافہ ہو رہا ہے۔

ٹریفک کے مختلف حادثات میں دو خواتین سمیت پندرہ افراد زخمی ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات میں دو خواتین سمیت پندرہ افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں ٹریفک کے حادثات میں پندرہ افراد زخمی ہوئے جن میں دو خواتین بھی شامل تھیں پنجاب ایمرجنسی سروس ڈسٹرکٹ چنیوٹ کے عملے نے فوری طبی امداد دیتے ہوئے زخمی افراد کو ہسپتال منتقل کر دیا۔

تھانہ یوسف والا کے علاقے میں ایک اور حوا کی بیٹی درندگی کا نشانہ بن گئی

کیمبر اوکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) تھانہ یوسف والا کے علاقے میں ایک اور حوا کی بیٹی درندگی کا نشانہ بن گئی درندہ صفت انسان نے شبنم بی بی نوکری کے بہانے گھر بلا کر بے ابرو کر دیا پولیس تھانہ یوسف والا نے مقدمہ درج کر لیا تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ یوسف والا کے علاقے نواحی گاؤں چک 53 پانچ ایل میں ایک نو جوان بیوہ گھریلو ملازمہ شبنم بی بی کو گلی سے امیر محمد نامی نے نوکری کے بہانے گھر بلا کر زبردستی زنا حرام کاری کی اور فرار ہو گیا پولیس تھانہ یوسف والا نے شبنم بی بی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی متاثرہ خاتون شبنم بی بی کا وزیر اعلی پنجاب مریم نواز آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید اور ڈی پی او ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ درندہ صفت انسان امیر محمد کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

حافظ آباد شہر میں صفائی ستھرائی کا ٹھیکہ نجی کمپنی کے دیئے جانے کے بعد شہر کے گلی محلوں میں صفائی ستھرائی کے حالت ابتر سے ابتر ہونے لگی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد شہر میں صفائی ستھرائی کا ٹھیکہ نجی کمپنی کے دیئے جانے کے بعد شہر کے گلی محلوں میں صفائی ستھرائی کے حالت ابتر سے ابتر ہونے لگی۔ متعدد علاقے خاکروبوں اور سینٹری ورکرز سے محروم ہونے کے بعد گندے جوہڑوں میں تبدیل ہونے لگے۔ ڈپٹی کمشنر سمیت ضلعی انتظامیہ کے افسران کی کاروائیاں فوٹو سیشن تک محدود ہو کر رہ گئیں۔ جبکہ شہری صفائی ستھرائی کے ناقص ترین انتظامات کے باعث موجودہ حکومت کو کوسنے لگے۔

ماہر قانون دان محمد عرفان رفیق ایڈووکیٹ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے بھاری اکثریت سے نائب صدر منتخب ہو گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ماہر قانون دان محمد عرفان رفیق ایڈووکیٹ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے بھاری اکثریت سے نائب صدر منتخب ہو گئے محمد عرفان رفیق ایڈووکیٹ کو نائب صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ منتخب ہونے پر وکلاء برادری صحافی برادری سیاسی سماجی مذہبی اور فلاحی شخصیات سابق جنرل سیکرٹری ڈسکہ بار شفیق منشا ایڈووکیٹ صمصام حسین ایڈووکیٹ حافظ محمد عظیم اکرم ایڈووکیٹ رانا اختر سرور ایڈووکیٹ ہیلتھ تنویر احمد ایڈووکیٹ احمد یار ایڈووکیٹ رانا وسیم اشرف اور عدیل جاوید غوری و دیگر نے مبارکباد دی

378 بجلی چور رنگے ہاتھوں پکڑے گئے، مقدمات درج

ایس ڈی اوز نے گزشتہ سال مسلسل کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا، 2 کروڑ 94 لاکھ جرمانہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایکسین ساجد پرویز سدھانہ کی سربراہی میں گزشتہ سال ایس ڈی اوز نے بجلی چوروں کے خلاف مسلسل کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری رکھا جس کے نتیجہ میں 378 بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر 2 کروڑ 94 لاکھ جرمانہ کے ساتھ مقدمات بھی درج کروا دیے گئے تفصیلات کے مطابق سیکرٹری پاور ڈویژن اور چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو محمد عامر کے حکامات کی روشنی میں ایکسین فیسکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ کی سربراہی میں بجلی چوروں کے خلاف چلائی جانیوالی مہم میں ایس ڈی اوز نے گزشتہ سال مسلسل کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جس میں ایس ڈی او اکڑیانوالا سب ڈویژن چوہدری خاور علی جٹ نے 80 بجلی چور، ٹرانسفر ہونیوالے ایس ڈی او شاہ سب ڈویژن جنید اسلم انصاری نے 87 بجلی چور، ایس ڈی او سرگودھا روڈ سب ڈویژن علی عدنان انجم سیال نے 57 بجلی چور، ایس ڈی او اٹھارہ ہزاری سب ڈویژن غلام عباس سیال نے 52 بجلی چور، ایس ڈی او صدر سب ڈویژن اسامہ حسن نے 50 بجلی چور اور ایس ڈی او سٹی سب ڈویژن نوشین افضل نے 52 بجلی چوروں کو پکڑ لیا

اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے سیکرٹری جنرل حسین براہیم طہٰ نے بارانی انسٹی ٹیوٹ آف سائنسز ساہیوال کے چیف ایگزیکٹو آفیسر میاں محمد ساجد کی ملاقات

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے سیکرٹری جنرل حسین براہیم طہٰ نے بارانی انسٹی ٹیوٹ آف سائنسز ساہیوال کے چیف ایگزیکٹو آفیسر میاں محمد ساجد کی ملاقات، انہوں نے پاکستان میں سائنسی تعلیم کے فروغ اور بارانی انسٹی ٹیوٹ کے زیر اہتمام نوجوانوں کو مختلف ہنر سکھانے بارے بریفنگ دی۔ سیکرٹری جنرل کی منصوبے میں دلچسپی ظاہر کی اور او آئی سی کے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ سیکرٹری جنرل حسین براہیم طہٰ لڑکیوں کی تعلیم بارے ایک عالمی کانفرنس میں شرکت کے لئے اسلام آباد میں موجود ہیں۔ انہوں نے اپنی آمد کے فوراً بعد کامسیٹ سیکرٹریٹ کا دورہ کیا جس میں غیر ملکی مندوبین اور مختلف یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز نے بھی شرکت کی۔ میاں محمد ساجد نے "کامسیٹ ایکسپرٹ سروس پروگرام" شروع کرنے پر او آئی سی کو مبارکباد دی جس میں نوجوانوں کو سائنسی تعلیم حاصل کرنے کے لئے وظائف اور تکنیکی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ اس موقع پر بارانی انسٹی ٹیوٹ کے سی ای او میاں محمد ساجد نے او آئی سی کے سیکرٹری جنرل حسین براہیم طہٰ کو قرآنی خطاطی کا تحفہ بھی پیش کیا۔

ڈی بی اے سیالکوٹ انتخابات میں عرفان وڑائچ صدر، افضال اسلم سیکرٹری جنرل منتخب

حسن اکرم نائب صدر، رانا عادل خالد جائنٹ سیکرٹری سیالکوٹ بار منتخب ہوئے

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات 2025-26، عرفان اللہ وڑائچ صدر، محمد افضال اسلم چوہدری سیکرٹری منتخب۔ چیئرمین الیکشن بورڈ میاں شکیل احمد، ممبران میاں محمد اسلم، عماد میر، امجد عباس، قمر ضیاء ہرڑ کی جانب سے جاری ہونے والے نوٹیفکیشن کے مطابق عرفان اللہ وڑائچ 846 ووٹ لیکر صدر منتخب جبکہ ان کے مدمقابل بلال اکبر گھمن 678 ووٹ لیکر دوسرے نمبر، چوہدری خالد محمود اختر 22 ووٹ لیکر تیسرے نمبر پر رہے۔ محمد افضال اسلم چوہدری 984 ووٹ لیکر سیکرٹری منتخب جبکہ ان کے مدمقابل سید حسین عباس شاہ 534 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ چوہدری حسن اکرم 952 ووٹ لیکر نائب صدر منتخب، ان کے مدمقابل ملک عامر شہزاد اعوان 569 ووٹ لیکر دوسرے نمبر، رانا عادل خالد 830 ووٹ لیکر جوائنٹ سیکرٹری منتخب، ملک دانش علی اعوان 689 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ پولنگ صبح 9 بجے شروع ہوئی اور شام پانچ بجے تک جاری رہی۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے ووٹرز کی تعداد 1914 تھی جس میں 1555 وکلاء نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ پر امن اور صاف و شفاف انتخابات منعقد کروانے پر الیکشن بورڈ کے چیئرمین میاں شکیل احمد، ممبران میاں محمد اسلم، عماد میر، امجد عباس، قمر ضیاء ہرڑ کی کارکردگی قابل تحسین رہی۔

شرقپور میں چند روز قبل سجھو وال سے طلائی زیورات اور نقدی چرانے والے ملزمان گرفتار

شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور میں چند روز قبل سجھو وال سے طلائی زیورات اور نقدی چرانے والے ملزمان گرفتار۔ اے ایس آئی جمیل نے ملزمان سے زیورات اور نقدی برآمد کروا کے ورثہ کے حوالے کر دی۔ تفصیلات کے مطابق شرقپور کے نواحی گاؤں سجھو وال کے رہائشی شہباز علی ولد محمد بشیر کے گھر سے چند روز قبل چور تین تولہ طلائی زیورات اور اسی ہزار روپے نقدی چرا کر لے گئے جس کی رپٹ تھانہ شرقپور شریف میں درج کرائی گئی جس پر کاروائی کرتے ہوئے تھانہ شرقپور کے اے ایس آئی جمیل نے اپنی ٹیم کے ہمراہ سراغ لگا کر دو ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 3 تولہ طلائی زیورات اور اسی ہزار روپے نقدی برآمد کروا کر ورثہ کے حوالے کر دی جس پر اہل خانہ کی جانب سے تھانہ شرقپور پولیس کی بروقت کاروائی پر انکا شکریہ ادا کیا۔

مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، طلائی زیورات اور موبائل فون چھین لیے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، طلائی زیورات اور موبائل فون چھین لیے تھانہ صدر کے علاقہ رنجھائی کا ہاشم اپنی بیوی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ انہیں تین مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور ان سے نقدی پچیس ہزار روپے، طلائی کانٹے، طلائی انگوٹھی اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ تھانہ صدر کے علاقہ لوڑھکی کے بابر سے تین مسلح ڈاکوؤں نے نقدی دو لاکھ پندرہ ہزار روپے اور موبائل فون چھین لیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

گڑھی اعوان میں ایک گھر میں آتشزدگی کے نتیجہ میں قیمتی سامان جل کر خاکستر ہو گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) گڑھی اعوان میں ایک گھر میں آتشزدگی کے نتیجہ میں قیمتی سامان جل کر خاکستر ہو گیا۔ ریسکیو 1122 نے موقع پر پہنچ کر نہایت ہی تگ و دو کے بعد آگ پر قابو پا لیا اور دیگر مکانات کو آگ کی لپیٹ میں آنے سے بچا لیا۔

لاری اڈہ کے قریب سے نامعلوم شخص کی نعش ملی ہے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) لاری اڈہ کے قریب سے نامعلوم شخص کی نعش ملی ہے۔ پولیس نے نعش کو قبضہ میں لیکر کاروائی شروع کر دی۔ تاحال نعش کی شناخت نہ ہو سکی ہے۔ حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈی ایچ کیو ہسپتال کے سابق ایم ایس اور ضلع کے مسیحا ڈاکٹر محمد صادق چوہدری کی روح کو ایصال ثواب کے لئے انکی رہائش پر قرآن خوانی کی گئی اور بعد ازاں مرحوم کی بخشش اور درجات کی بلندی کے لئے دعا بھی کی گئی۔ اس موقع پر مرحوم کی طبی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا۔

(القادر ٹرسٹ) پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی چوری اور اختیارات کے ناجائز استعمال کا تاریخ کا سب سے گھناؤنا جرم ہے: افضل تارڑ

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب کی کوآڈینیٹر برائے محکمہ پاپولیشن پنجاب محترمہ سائرہ افضل تارڑ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ (القادر ٹرسٹ) پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی چوری اور اختیارات کے ناجائز استعمال کا تاریخ کا سب سے گھناؤنا جرم ہے۔ اس کے تمام بینیفشریز (مستفید ہونے والوں) کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطلب ملک میں قانون کی بالادستی اور آئندہ کے لیے کسی بھی اونے بونے کو اختیارات کے ناجائز استعمال سے روکنے کے لیئے انتہائی ضروری ہے جتنا کہ پاکستان کو معاشی طور پر مستحکم کرنا ضروری ہے۔

مرکزی انجمن تاجران کے صدر شیخ محمد امجد کی پر ہجوم پریس کانفرنس

بارش اور دھوپ سے بچاؤ کیلئے لگائے گئے شٹر 8 گھنٹے کے نوٹس پر اتار لئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مرکزی انجمن تاجران کے صدر شیخ محمد امجد نے ضلع بھر کی 42 مارکیٹوں کے صدور اور جنرل سیکرٹریز کے ہمراہ ڈسٹرکٹ پریس کلب میں پر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کر رہی ہے مگر ان کو اس قدر تنگ نہ کیا جائے کہ وہ اپنی دکانیں بند کر کے چابیاں ضلعی انتظامیہ کے سپرد کرنے پر مجبور ہو جائیں۔ تمام دکانداروں نے اپنا سامان شٹر کے اندر کر لیا ہے۔ بارش اور دھوپ سے بچاؤ کیلئے لگائے گئے شٹر 8 گھنٹے کے نوٹس پر اتار لئے ہیں اب کہا جا رہا ہے کہ 24 گھنٹے کے اندر اندر اپنی دکانیں نشان کے مطابق خود گرا لیں ورنہ کرین کے ذریعہ گرا دی جائیں گی جو تاجروں کے ساتھ زیادتی اور ظلم ہے۔ انہوں نے کہا تاجر ہر موقع پر ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کرتے ہیں انتظامیہ کو بھی چاہیے کہ کسی تاجر کو بے روزگار نہ کرے۔ انکروچمنٹ دکانوں کے آگے سرکاری جگہ کو گھیر کر ریڑھی، پھٹہ، ٹھیہ یا چھابڑی لگا کر عوام کا گزرنے میں رکاوٹ بننا اور مشکلات پیدا کرنا ہے۔ مگر عرصہ 30/40 سال سے بنی ہوئی دکانوں کو انکروچمنٹ کی آڑ میں گرانا ناجائز ہے جس کے پاس اس جگہ کی ملکیت کا ثبوت ہے اس کو نہ گرایا جائے اور نہ ہی کسی تاجر کو بے روزگار کیا جائے ورنہ تاجر پرامن اور خاموش احتجاج کا حق رکھتے ہیں۔

ڈسکہ بار ایسوسی ایشن کے الیکشن میں پروفیشنل گروپ کا کلین سویپ تینوں امیدوار بھاری اکثریت سے جبکہ 15 بلا مقابلہ کامیاب

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ بار ایسوسی ایشن کے الیکشن میں پروفیشنل گروپ کا کلین سویپ تینوں امیدوار بھاری اکثریت سے جبکہ 15 بلا مقابلہ کامیاب، چوہدری اظہر نذیر دھاریوال صدر، رانا عبدالرحیم جنرل سیکرٹری اور عبدالوحید کھوکھر نائب صدر ڈسکہ بار منتخب۔ تفصیلات کے مطابق ڈسکہ بار ایسوسی ایشن کے الیکشن پرامن ماحول میں مکمل ہو گئے تین امیدواروں کے درمیان مقابلہ تھا جس میں ارشد میو کے 75 کے مقابلہ میں 697 ووٹ لے کر چوہدری اظہر نذیر دھاریوال صدر منتخب، نائلہ اشرف کے مقابلہ 184 کے مقابلہ میں 452 ووٹ لے کر عبدالوحید کھوکھر نائب صدر منتخب اور عثمان باگڑی کے 244 کے مقابلہ میں 525 ووٹ لے کر رانا عبدالرحیم جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے جبکہ پروفیشنل گروپ کے ہی 15 امیدوار بلا مقابلہ کامیاب ہو چکے ہیں کل 865 میں سے 782 ووٹ کاسٹ ہوئے جن میں سے 2 ووٹ مسترد ہوئے نتائج کا اعلان ہوتے ہی فاتح امیدواروں کے حامیوں نے جشن منایا

بار ایسوسی ایشن کے انتخابات میں شکیل عالم اعوان بھاری اکثریت سے صدر منتخب

صدر شکیل عالم اعوان ایڈووکیٹ نے 116 اور جنرل سیکرٹری یاسر نزیر نے 12 ووٹ کی برتری حاصل

عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید سے) بار ایسوسی ایشن کے انتخابات میں شکیل عالم اعوان بھاری اکثریت سے صدر منتخب، جبکہ جنرل سیکریٹری کی سیٹ یاسر نذیر بھنڈارہ نے اپنے نام کر لی تفصیلات کے مطابق بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات سال 2025 میں امیدوار برائے صدر شکیل عالم اعوان ایڈووکیٹ نے 116 ووٹ کی برتری اور امیدوار برائے جنرل سیکرٹری یاسر نزیر بھنڈارہ ایڈووکیٹ نے 12 ووٹ کی برتری حاصل کر کے فتح اپنے نام کر لی۔ حامیوں کا ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالے، نوٹ نچھاور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں گئیں، سالانہ انتخابات بار ایسوسی ایشن میں شکیل عالم اعوان ایڈووکیٹ بطور صدر اور جنرل سیکرٹری یاسر نزیر بھنڈارہ ایڈووکیٹ منتخب ہو گئے چوہدری عثمان علی ایڈووکیٹ نے سالانہ انتخابات کا رزلٹ کا اعلان کیا حامی وکلاء نے ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالے، نوٹ نچھاور کیے اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے مبارکباد پیش کیں سید فخر السلام شاہ ایڈووکیٹ نے بطور صدارتی امیدوار ووٹ حاصل کیے اور جنرل سیکرٹری کے امیدوار ریحان اختر وٹو ایڈووکیٹ نے 334 ووٹ حاصل کیے ہیں پروفیشنل گروپ اور فرینڈز گروپ و اتحادی گروپوں کے امیدواروں نے حصہ لیا نائب صدر کی نشت پر محمد امین نے 350 ووٹ حاصل کر کے میدان مار لیا جبکہ مدمقابل

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

قرض 15 سے 20 لاکھ کرنے کی تجویز کا جائزہ لینے کا حکم بھی دیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب بھر میں تقریباً پانچ ہزار شہری اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت قرض لے چکے ہیں، پروگرام کے تحت 4200 سے زائد مکان تیزی سے تکمیل کی طرف گامزن ہے۔ روڈا اور ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ کے اشتراک سے نادار خاندانوں کو بھی بنے بنائے گھر ملیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ چاہتی ہوں ہر بے گھر کے پاس اپنی چھت ہو، اپنا گھر ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

کے شدید تبادلے میں 6 خوارج ہلاک ہوئے، دو کو زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا۔ سیکیورٹی فورسز نے دوسرا آپریشن عام علاقے ایشام میں کیا جہاں فائرنگ کے تبادلے میں 3 دہشت گرد ہلاک اور دو زخمی ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد ہوا، مارے گئے خوارج عام شہریوں اور سیکیورٹی فورسز پر حملوں و ٹارگٹ کلنگ کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھے۔ اعلامیے کے مطابق دہشت گردوں کے خاتمے کیلیے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے جبکہ سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پُرعزم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 3

نے انبیا کو چنا، مدارس میں علوم کی حفاظت ہوتی ہے، عقل اللہ کی اعلیٰ نعمت ہے، دنیا اس عقل کی روشنی کو مٹانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری زیادہ تر مصروفیت اس ملک کی سیاست میں ہوتی ہے، ہمارا روزانہ سیاست دانوں سے پالا پڑتا ہے، مسلمان حکمرانوں سے اسلام کا تقاضا کرنا سب سے مشکل کام ہے، ہم پر تو بہت سے سوالات اٹھتے ہیں، ہم نے سیاست سے کیا حاصل کیا، یہ سب فضول سوالات ہیں۔ سربراہ جے یو آئی کا کہنا تھا کہ سیاست دان سے کچھ بھی منوانا مشکل نہیں ہے، عقیدہ ختم نبوت کی جنگ لڑنا ممکن نہ ہوتا اگر میں سیاست میں نہ آتا، سیاست عملی طور پر اسلامی نہیں بن رہی تو کیا اس جدوجہد کو چھوڑ دیں؟ عجیب بات ہے بازار سے ہم آتے ہیں اور نرخ وہ بتاتے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ جمیعت علما اسلام قومی اسمبلی میں آٹھ ممبران کے ساتھ ہے، تعداد میں کم ہونے کے باوجود ہم نے جدوجہد نہیں چھوڑی، ہم نے پہلی بار دیکھا حکمران اور حزب اختلاف ہمارے قصیدے پڑھ رہے تھے، ایسے مواقعوں پر فائدہ اٹھاتے ہیں، ہم اپنے اکابرین کی مشاورت سے آگے بڑھے۔ ان کا کہنا تھا کہ تاریخ میں پہلی بار ہمارے تمام علما ایک ہی موقف پر ڈٹ گئے، اس بار اس مولوی نے دو کشتیوں پر پاؤں رکھا اور پار ہوگیا، اللہ نے ہم پر جدوجہد لازم قرار دی ہے، نتیجہ اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ سربراہ جمیعت علما اسلام کا مزید کہنا تھا کہ ہمارے اکابرین نے ہمیں مدارس کی سیاست کا راستہ بتایا، ہم اپنے اکابرین کے بتائے گئے راستے پر چل کر کامیاب ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 4

کٹائی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ قبائلی ضلع جنوبی وزیرستان اپر کے محسود اور برکی اقوام کے عمائدین اور آئی جی ایف سی ساؤتھ کے پی میجر جنرل مہر عمر نیازی کے درمیان سراروغہ آرمی بریگیڈ میں لویہ جرگہ منعقد ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 5

سپیکر دستیاب نہ بھی ہوں تو بہترین طریقہ سپیکر آفس کو پیغام دینا ہے۔ ترجمان کے مطابق سپیکر آفس اور ان کا سٹاف اراکین کا کوئی بھی پیغام ان تک لازمی پہنچاتا ہے۔ ترجمان کے مطابق بعض اوقات سپیکر حلقے میں، میٹنگ میں ہوتے ہیں بعض اوقات موبائل فون ان کے پاس نہیں ہوتا، اراکین پارلیمنٹ کا اگر ان سے براہ راست رابطہ نہ ہو تو سپیکر آفس کے ذریعے رابطہ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 6

شخصیت کے اکاؤنٹ میں جمع کرائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ کل حقائق کی بنیاد پر فیصلہ سنایا جائیگا، القادر یونیورسٹی میں کیا تعلیم دی جاتی ہے، میڈیا جا کر دیکھے، پی ٹی آئی دور حکومت میں لوٹ مار عروج

شوکت خانم اور نمل یونیورسٹی ٹرسٹ ہیں جب کہ نیب ترامیم میں کابینہ کے فیصلوں کو استثنا دیا گیا ہے۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ دنیا بھر میں فلاحی کام کرنے والوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، 190 ملین کا ٹیگ لگا کر ٹرسٹی کا بدنام کر کے سزا دینے کی باتیں ہورہی ہیں جب کہ کوئی گواہ موجود ہے اور نہ کوئی ٹھوس ثبوت لیکن ایسا تاثر دیا جارہا ہے کہ سزا ہونی ہی ہونی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے کوئی بھی فیصلہ مذاکرات سے منتج نہیں کیا، 9 مئی اور 26 نومبر کے اسیران کی رہائی کے لیے کوششیں کی جارہی ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہر پارٹی میں ہاکس ہوتے ہیں وہ نہیں چاہتے معاملات آگے بڑھیں جب کہ عوام کے سامنے کھڑے ہو کر انصاف مانگنے کو پریشر نہیں کہتے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ بلاول بھٹو کے اتحادیوں کے خلاف بیانات سے ایسا لگتا ہے انہیں کوئی نئی چیز کی ڈیمانڈ ہوئی ہے جب کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے نظریات نہیں ملتے لیکن بانی پی ٹی آئی کے خلاف اکھٹے ہو کر بیٹھے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 9

، پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق 25 سالہ ثانیہ کو نشہ آور چیز کھلا کر زیادتی کی گئی اور بعد ازاں گلہ دبا کر قتل کر دیا گیا۔ پولیس کارروائی کے بعد مقتولہ کی لاش پوسٹمارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کر دی گئی۔ چوہنگ پولیس نے خاتون کو ریپ کے بعد قتل کرنے کی واردات میں ملوث 3 ملزمان گرفتار کرلیے۔ پولیس کے مطابق مقتولہ کے بھائی نعمان کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا جبکہ ملزمان افضل، نادر اور لازر مسیح کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم افضل مسیح نے زیادتی کے بعد قتل کرنے کا اعتراف کرلیا ہے۔ ملزمان نے ایک کوارٹر میں نشہ آور چیز کھلا کر زیادتی کی اور گلہ دبا کر قتل کر کے فرار ہوگئے تھے۔ پولیس کے مطابق ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ ملزمان کے خلاف مضبوط چالان مرتب کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 10

امین گنڈاپور کے مطابق خاندان کے سربراہ کے انتقال کی صورت میں ورثاء کی مالی معاونت کی جائے گی۔ علی امین گنڈاپور کے مطابق 60 سال سے کم عمر خاندان کا سربراہ انتقال کر جائے تو اہل خانہ کو 10 لاکھ روپے ملیں گے جبکہ 60 سال سے زائد عمر کے سربراہ کے انتقال پر اہلخانہ کو 5 لاکھ روپے دیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبہ خیبر پختونخوا حقیقی معنوں میں ریاست مدینہ بن رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

کانفرنس سے خطاب میں یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ مسلم ورلڈ لیگ کا شکر گزار ہوں، جنہوں نے ہمیں اکٹھا کیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ترقی کی کنجی ہے، ہمارے مذہبی عقائد بھی ہمیں تعلیم کی اہمیت سے روشناس کرواتے ہیں، کانفرنس میں شریک تمام شرکا اور مندوبین کو خوش آمدید کہتا ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 12

پاکستانی بھی پاکستانی گروپوں کے ساتھ حج کر سکتے ہیں۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ اسرائیلی نقشہ دہشت گردی کا نقشہ ہے، اس کی مذمت کرتے ہیں، ہمارا سب کچھ مکہ مدینہ پر قربان ہے، اسرائیلی نقشہ مسترد کرتے ہیں۔ حافظ طاہر محمود اشرفی کا کہنا تھا کہ اس بات کو یقینی بنارہے ہیں کہ کوئی بھی بھکاری حج اور عمرہ پر نہ جائے، بھیک مانگنے والے بڑے بڑے گروپوں کو روکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی پرائیویٹ ادارہ بھکاریوں کو ویزہ نہیں دیتا، بھیک مانگنے والے مافیا کے خلاف شکایت ثابت ہوگئی تو معافی نہیں دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 13

اسکے جیل میں رہنے کے سب سے بڑے بینفشری ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسد قیصر کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز اڈیالہ جیل کے قیدی اور اسکے چچوں کے اعصاب پر سوار ہیں۔ مریم نواز کو ان مہاتما کی خواہش پر 2018 کے الیکشن سے قبل نااہل کروایا پھر باپ کے سامنے گرفتار کروایا گیا۔ مریم نواز آج تاریخ کے بھاری مینڈیٹ سے وزیراعلی بن کر پنجاب کی خدمت کررہی ہیں۔ وزیر اطلاعات نے مزید کہا کہ فتنے اور فتنہ پارٹی کی مکاریاں اور عیاریاں قوم بخوبی سمجھ چکے ہیں۔ جس کی فطرت میں ڈنگ مارنا ہو اس سانپ کو دودھ پلانے کی ضرورت نہیں ہے۔ جس نے اپنے ہر محسن سے غداری کی اس سے مزید ہمدردی کی توقع مت رکھیں۔ جب سے اسکا منہ بند ہے ملک کا ہر شعبہ ترقی کی طرف بڑھ رہا ہے۔ اسکی پارٹی کے لوگ خود نہیں چاہتے یہ جیل سے باہر آئے۔

بقیہ بقیہ جات 14

50 لاکھ روپے سے زائد مالیت ملکی و غیر ملکی نوٹوں کی برسات کردی، کرنسی لٹانے کے لئے کنٹینر کا خصوصی اہتمام کیا گیا تھا۔ تحصیل سمبڑیال کے رہائشی عمران کی شادی میں نوٹوں کی برسات کی گئی۔ بارات گاؤں بھکھڑے والی سے نکلی تو دولہے کے بھائیوں اور دوستوں نے راستے میں نوٹ برسانے شروع کر دیے، بارات شادی ہال پہنچنے پر کنٹینر پر چڑھ کر نوٹ برسائے گئے۔ پیسے لوٹنے کے لیے دور دراز سے نوجوان ٹولیوں کی شکل میں امڈ آئے، اٹلی سے آئے دولہا عمران کے اسپین اور کینیڈا سے آئے بھائیوں کے مطابق شادی میں 50 لاکھ سے زائد ملکی و غیر ملکی کرنسی لٹائی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 18

چینی کمپنیوں نے آن لائن اور آف لائن شرکت کی۔ گوادر پرو کے مطابق اپنے افتتاحی کلمات میں گوانگ چو میں پاکستان کے قائم مقام قونصل جنرل سردار محمد نے شرکا کو خوش آمدید کہا اور پاکستان کی پلاسٹک انڈسٹری میں سرمایہ کاری کے نمایاں مواقع پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کاروباری اداروں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ گہرے تعاون کو فروغ دینے اور مشترکہ منصوبوں کی تلاش کے لئے ان مواقع سے فائدہ اٹھائیں جس سے دونوں ممالک کو فائدہ ہوگا۔ گوادر پرو کے مطابق کانفرنس نے متعدد کاروباری اجلاسوں کو سہولت فراہم کی ، جس کے نتیجے میں 8 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے۔ شرکا نے ایونٹ آرگنائزیشن پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس نے دونوں ممالک کے کاروباری اداروں کو جوڑنے، شراکت داری کو فروغ دینے اور باہمی ترقی کی نئی راہیں تلاش کرنے کے لئے ایک بہترین پلیٹ فارم فراہم کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ 190 ملین پاؤنڈ سے متعلق بانی کو کہا تھا یہ نہ کریں، بانی پی ٹی آئی نے دستخط کیے تھے، کس نے یہ کروایا تو اب کوئی نہیں مانے گا، ساڑھے چار سال پہلے جرم آپ نے کیا اس وقت بھی عمران خان کو روکا تھا۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ پی ٹی آئی نے غنڈہ گردی اور دھرنے کر کے دیکھ لیے، کوئی فائدہ نہیں ہوا، بانی پی ٹی آئی سے بارہا کہا کہ حواری آپ کو نہ صرف قید میں رکھنا بلکہ مروانا چاہتے ہیں، بیرون ممالک کے دباؤ کا جو پروپیگنڈا کیا جارہا تھا وہ تھم گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا ضرور ہوگی، 190 ملین پاؤنڈ اوپن اینڈ شٹ کیس ہے، پی ٹی آئی کو 20 جنوری کو مایوسی کے سوا کچھ نہیں ملے گا، یہ واضح ہے کہ نہ بیرونی دباؤ ہے اور نہ بیک ڈور مذاکرات ہورہے ہیں۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ مقبول ہونے کا مطلب قانون سے بالاتر ہونا نہیں ہے، مذاکرات کا سب سے بڑا حامی ہوں، جمہوریت کا حسن ہی بات چیت ہے، مذاکرات میں بے ایمانی نہیں ہونی چاہیے، پی ٹی آئی والے مذاکرات کے مزے لے رہے ہیں، بانی پی ٹی آئی کو کوئی ایگزیکٹو آرڈر نہیں ملے گا۔ فیصل واوڈا کا مزید کہنا تھا کہ پی ٹی آئی نے مذاکرات کر کے فارم 47 والی حکومت کو قانونی جواز دے دیا ہے، پی ٹی آئی در در پر کشکول لے کر بھیک مانگ رہی ہے، آرمی چیف کی بدولت پاکستان کو کامیابی حاصل ہونے جارہی ہے، پاکستان کیلئے آئندہ چند دنوں میں بہت بہتری آنیوالی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

روڈ پر واقع خارتار پہاڑ سے گر کر ایک شخص جاں بحق ہوگیا جس کی نعش سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دی گئی۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

تربت کے علاقے کوہاڑ تمپ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 2 افراد جمیل اور معراج کو ہلاک کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے نعشیں قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیں اور نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 22

کا دورہ کیا جہاں انہوں نے فارغ التحصیل علماء اور مفتیوں میں اسناد تقسیم کیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں صحت و تعلیم کی سہولیات ہیں نہ روزگار کے مواقع، ہمیں موقع ملا تو ملک میں عدل کا نظام نافذ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں وہ جمہوریت نہیں جو ہونی چاہیے، ملک میں 10 کروڑ انسان غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں، بین الاقوامی اور مقامی اسٹیبلشمنٹ اور ان کے جونیئر پارٹنرز کا آپس میں اتحاد ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ یہ اتحاد ہمارے خون پسینے کی کمائی نچوڑ کر ہمیں آپس میں تقسیم کرتا ہے، یہ سب مل کر کھاتے ہیں اور مل کر موجیں کرتے ہیں، 25 کروڑ عوام اس نظام کے اسیر ہیں جو ہم پر مسلط ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ خواتین کو وراثت کے حق سمیت تمام بنیادی حقوق دلائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 23

میں محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر سے متعلق سوالات اور توجہ دلاؤ نوٹسز کے جوابات دیئے جائیں گے۔ سرکاری بزنس کو ایجنڈے کا حصہ ہے جس کے تحت پنجاب ایجوکیشن کریکولم ، ٹریننگ اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی بل 2025، پنجاب پروٹیکٹڈ ایریا (ترمیمی) بل 2025، پنجاب وائلڈ لائف (پروٹیکشن، پریزرویشن، کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ) (ترمیمی) بل 2025 پیش کیے جائیں گے۔ ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں 10 آڈٹ رپورٹس بھی ایوان میں پیش کی جائیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 24

حکومت کو گندم امپورٹ کرنی پڑے گی۔ چیئرمین کسان اتحاد کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب نے ہمارا کوئی مطالبہ پورا نہیں کیا، وزیراعلیٰ پنجاب سے ہم گندم کا 4 ہزار فی من ریٹ مانگتے ہیں، پنجاب کے علاوہ سارے صوبوں نے 4 ہزار فی من گندم خریدی، حکومت نے گندم 4 ہزار فی من نہ خریدی تو گندم کی آئندہ فصل نہیں ہوگی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ گنے کا ریٹ بھی شوگر مل

اس کے کوہاٹ کی ترقی پر دور رس اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 27

یونیورسٹی میں الائنس انوویشن سنٹر کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نئے تعمیر ہونے والے تیسرے اکیڈمک بلاک کا افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر یونیورسٹی میں تین روزہ نارووال یوتھ فیسٹیول میں نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کے علاوہ رنگارنگ تفریحی پروگراموں کا انعقاد کیا جائے گا جن میں نارووال کے تمام تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات شرکت کریں گے۔ 15 جنوری کو اختتامی تقریب میں نارووال یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمد یونس رانا نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 28

میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب اور سابق سپیکر اسد قیصر نے ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف میڈیا کی جانب سے اتوار کو جاری بیان میں ترجمان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ اس موقع پر تحریک انصاف کے دونوں رہنماؤں نے باضابطہ طور پر پی ٹی آئی مذاکراتی کمیٹی کی بانی سے ملاقات کی درخواست کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپیکر قومی اسمبلی نے دونوں رہنماؤں کے پیغام سے حکومت کو آگاہ کردیا ہے۔ ترجمان قومی اسمبلی کہا کہ نے صرف پیغام رسانی کا کردار ادا کیا ہے تاکہ حکومت مذاکراتی کمیٹی کی بانی سے ملاقات کروادے۔

بقیہ بقیہ جات 29

سیف نے عمران خان کی طرف سے پیر پگارا اور جی ڈی اے کی قیادت کے لئے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا۔ اس اہم ملاقات میں قائدین کی سیاسی صورتحال اور مستقبل کی حکمت عملی کے حوالے سے اہم مشارت ہوئی، پی ٹی آئی اور جی ڈی اے کا ملک کو درپیش مسائل کے حل کے لئے مشاورت پر اتفاق۔ اجلاس میں مستقبل میں رابطوں کو مزید بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی طرف سے نیک تمناؤں کا پیغام دیا جس پر پیر پگارا نے ان کے لئے جوابی خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ پیر پگارا پاکستان کی قابل احترام شخصیت ہیں، پاکستان کو مسائل سے نکالنے میں اُن کی سیاسی بصیرت اہم ہے۔ پیر پگارا نے اپوزیشن کو قریب لانے میں محمد علی درانی کے کردار کو سراہا اور کہا کہ اپوزیشن جماعتوں میں باہمی رابطوں کے لیے وہ اپنا کردار مزید بڑھائیں۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے پارٹی قیادت کی جانب سے اپوزیشن جماعتوں میں رابطوں کے حوالے سے محمد علی درانی کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ بقیہ جات 30

ہوں، پچیس سال اس نظام میں گزاریں ہیں، بغیر پڑھے آئینی ترمیم ہوگئی ہے، آئین غیر متوازن ہو گیا۔ سربراہ عوام پاکستان پارٹی کا کہنا تھا کہ فوج کو آئینی حدود میں رہنا پڑے گا، جب فوج آئینی حدود سے باہر آتی ہے ملک کا نقصان ہوتا ہے، لیکن فوج بھی سیاست دان کے بغیر آئینی حدود سے باہر نہیں آتی۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ 16 سال سے پیپلز پارٹی سندھ میں حکومت کر رہی ہے، پی ٹی آئی کے پی میں 11 سال سے حکومت کر رہی ہے اور ن لیگ کئی سال سے اقتدار میں ہے لیکن کسی نے صحت، تعلیم یا انفراسٹرکچر جیسے مسائل کو حل نہیں کیا، یہ ناکامی کی ایک لمبی داستان ہے۔ شاہد خاقان عباسی کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی بھی 2018 میں اپنی طاقت سے نہیں جیتے اس حقیقت کو ماننا چاہیے، اس لیے ہمیں ماضی بھلا کر آگے بڑھنا چاہیے اور ملک کے بڑوں کو مل کر حل نکالنا پڑے گا، سیاست دانوں کو ملک بچانے کے لیے بڑے فیصلے کرنے پڑتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اصول کے مطابق جنگ ضرور لڑیں، میں نے پہلی بار تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس کم کرایا، 2018 میں یہ نافذ ہوا سالانہ 12 لاکھ روپے تک ٹیکس نہیں تھا، سیاست کی بدقسمتی ہے جب آپ سیاست چھوڑتے ہیں دوستی یاری سوشل لائف ختم ہوجاتی ہے، ہمیں الزامات کا کھیل ختم کرنا ہوگا، کوئی پارٹی کوئی شخص کوئی انسٹی ٹیوشن اس الزام سے خارج نہیں ہے، آئین اچھا ہے یا برا اس کو فالو کرنا چاہیے، اگر کسی کو آئین پسند نہیں ہے تو مل کر اسے تبدیل کرلیں لیکن توڑیں نہیں۔ سربراہ عوام پاکستان پارٹی کا کہنا تھا کہ ہمیں الزامات کا کھیل ختم کرنا ہوگا، کوئی پارٹی، کوئی شخص، کوئی انسٹیٹیوشن اس الزام سے خارج نہیں ہے، آئین اچھا ہے یا برا ہے اس کو فالو کرنا چاہیے، اگر کسی کو آئین پسند نہیں ہے تو مل کر اسے تبدیل کرلیں لیکن توڑیں نہیں۔ سابق وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ اکانومی ٹھیک ہوگی تو ملک بھی ٹھیک ہوجائے گا، آج کا نوجوان معاشی حل چاہتا ہے، جو یہ کہتا ہے کہ مجھے کام کرنے نہیں دیا گیا اسے چاہیے کہ استعفیٰ دے اور گھر چلا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 31

وہیل چیئر کرکٹ نے پاکستان کو ٹورنامنٹ کی میزبانی سونپ دی۔ وہیل چیئر کرکٹ ایشیا کپ میں 6 ٹیمیں شرکت کریں گی۔ پاکستان، بھارت، سری لنکا، بنگلہ دیش، افغانستان اور نیپال ٹورنامنٹ میں شامل ہیں۔ جبکہ ٹورنامنٹ کا آغاز مئی سے کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق وہیل چیئر کرکٹ ٹورنامنٹ کے لیے کراچی، لاہور اور فیصل آباد کے میدان زیر غور

مذاکراتی ٹیم نے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے معاملے پر بات چیت کی جس پر ایاز صادق نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کروانا پہلے بھی میری ذمہ داری نہیں تھی اور اب بھی نہیں ہے تاہم مذاکراتی کمیٹی کی ملاقات کروانے کی کوشش کروں گا۔ پی ٹی آئی کی مذاکراتی ٹیم جیل میں ملاقات کے بعد اپنے تحریری مطالبات پیش کرے گی۔ واضح رہے کہ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات کے دو دور ہو چکے ہیں جبکہ تیسرا دور بدھ کو ہونا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 34

مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے پراجیکٹ پر ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈرینج ورک کو بھی مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، انشاء اللہ جدید سہولتوں سے آراستہ قذافی اسٹیڈیم رواں ماہ مکمل ہو جائے گا۔ محسن نقوی نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے لیے اسٹیڈیم کی تعمیر نو کا کام تیزی سے جاری ہے، شائقین کرکٹ کے لیے نئی کرسیاں اور نئی ایل ای ڈی لائٹس لگائی جارہی ہیں۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ شائقین میچ کے ساتھ لیزر لائٹ شو سے بھی محظوظ ہوسکیں گے، نئی اسکور اسکرینز کی تنصیب کا کام بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی سی بی چیمپئنز ٹرافی کو یادگار ایونٹ بنانے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

کے اختتام پر پروقار عشائیے سے خطاب کے دوران کیا۔ پروقار عشائیے میں سابق گورنر محمد زبیر اور میاں محمد سومرو کی خصوصی شرکت کے علاوہ مختلف ممالک کے قونصل جنرلز، عمائدین شہر اور بزنس کمیونٹی کی نمایاں شخصیات بھی موجود تھیں۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے گورنرز سمٹ کے موقع پر شریک گورنرز کو یادگاری سووینئرز پیش کیے، عشائیے میں شرکاء نے گورنر ہاؤس کے تاریخی اور پروقار ماحول کی تعریف کی، تقریب میں شریک معززین نے گورنر سندھ کی میزبانی اور سمٹ کے انعقاد کو بھی سراہا، شرکاء نے کہا کہ گورنرز سمٹ قومی یکجہتی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی کے مابین ہم آہنگی کا مظہر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

موومنٹ کی رہنما اور ملک کی معروف نیورو فزیشن ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے عوام سے اپیل کی تھی کہ وہ سبکدوش ہونے والے امریکی صدر کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر عافیہ صدیقی کی رہائی کے لیے رحم کی اپیل بھیجیں کیونکہ ہر سبکدوش ہونے والے امریکی صدر کو امریکی قانون کے مطابق قیدیوں کی سزا معاف کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے دس لاکھ دستخطوں کا ہدف حاصل کرنے پر ڈاکٹر عافیہ کے حامیوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا "ہم سب نے باہم مل کر عافیہ کی آزادی کے لیے دس لاکھ سے زیادہ دستخط حاصل کرلئے"۔ انہوں نے کہا کہ میں عافیہ موومنٹ کے ان تمام سپورٹرز کی بے حد شکر گزار ہوں جنہوں نے عافیہ کی رہائی کے لیے دستخط کیے، لنک کو آگے شیئر کیا اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں کی۔ آپ کی غیر متزلزل حمایت نے مجھے اور اہلخانہ کو کوششیں جاری رکھنے کا عزم بخشا ہے۔ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی مزید کہا کہ یہ سفر ابھی ختم نہیں ہوا ہے۔ ہمیں عافیہ کو وطن واپس لانے کے لیے ابھی بھی آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے درخواست کی کہ وہ اس دستخط مہم کو 16 جنوری تک جاری رکھیں، لنک آگے شیئر کرتے رہیں اور ڈاکٹر عافیہ کی جلد رہائی کے لیے دعائیں بھی کرتے رہیں۔ دعا کریں کہ آپ کی کوششیں رنگ لائیں اور ہم اس وحشیانہ ناانصافی کو ختم کرسکیں۔ مجھے یقین ہے کہ اگر ہماری درخواست صدر بائیڈن تک پہنچ جاتی ہے اور اگر کسی میں انسانیت، ہمدردی اور انصاف کا ذرہ برابر بھی جذبہ موجود ہو تو وہ عافیہ کو نہیں روکے گا۔ انہوں نے کہا کہ عافیہ کا کیس میرٹ کی بنیاد پر انتہائی مضبوط ہے، تاہم یہی رکاوٹ ہے۔ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے اپیل کی کہ براہ کرم میری اور عافیہ موومنٹ کی آواز کو بلند کرتے رہیں جب تک ہماری پیاری ڈاکٹر عافیہ اپنے خاندان کے پاس واپس نہیں آجاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آیئے، ہم مل کر دعا کریں کہ ہمارا رب ہماری مدد کرے، ہماری رہنمائی فرمائے اور ظالموں کے دلوں کو نرم کردے اور صدر بائیڈن کے دل میں صحیح کام کرنے کا جذبہ پیدا فرمادے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے عافیہ صدیقی جلد رہا ہو کر اپنے خاندان سے دوبارہ مل جائیں گی۔ انہوں نے ایک مرتبہ پھر ڈاکٹر عافیہ کے حامیوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب مل کر اچھائی اور برائی کے درمیان فرق کو واضح کریں گے! ان شاء اللہ۔ آپ نے مجھے یہ فخر بخشا ہے کہ میں ظالموں کو بتاؤں کہ میں اکیلی نہیں ہوں بلکہ لاکھوں عظیم لوگ میرے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 37

اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں دوسروں کے علاوہ شہریار آفریدی ایم این اے، چیئرمین ڈیڈاک کوہاٹ شفیع جان ایم پی اے، داؤد شاہ آفریدی ایم پی اے، ڈپٹی کمشنر کوہاٹ عبدالاکرم، گمبٹ اور لاچی کے تحصیل ناظمین اور متعلقہ محکموں کے حکام نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں کوہاٹ کے پروڈکشن بونس فنڈ کے شفاف اور موثر استعمال کو یقینی بنانے کے طور طریقوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور اس سلسلے میں کئی اہم فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں پروڈکشن فنڈ

گرفتار کر کے پاکستان منتقل کیا گیا ہے۔ گذشتہ سال سنگین جرائم میں مطلوب بیرون ملک مفرور 104 اشتہاریوں کو گرفتار کر کے پاکستان لایا گیا تھا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کامیاب کارروائی پر آر پی او گوجرانوالہ اور پولیس ٹیم کو شاباش دی۔ آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ قانونی کارروائی جلد مکمل کرتے ہوئے ملزم کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔ ایف آئی اے اور انٹرپول کی مدد سے بیرون ملک مفرور مزید خطرناک اشتہاریوں کی گرفتاری یقینی بنائی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 41

ڈھاکا چیمبر آف کامرس کے وفد سے بھی بی ٹو بی میٹنگ شیڈول ہیں۔ سینئر نائب صدر فیڈریشن چیمبر نے کہا کہ پاکستان اور بنگلا دیش کی دوطرفہ تجارت کا حجم صرف 85 کروڑ ڈالر ہے، ٹیرف اور نان ٹیرف بیریئرز ہٹا کر ڈائریکٹ فلائٹس اور شپمنٹ سے دوطرفہ تجارت بڑھے گی۔

بقیہ بقیہ جات 42

اور سہولت کار رفیق آرائیں شامل ہے، پولیس کے مطابق ملزمان ملک سے فرار کی کوشش کر رہے تھے۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تحقیقات کے مطابق خاتون کو غیرت کے نام پر قتل کیا گیا، ملزمان نے دوران تفتیش جرم کا اعتراف کر لیا ہے، مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

الرحمٰن نے اہم کارروائی کر کے رات کو پھاٹک بازار میں دکان سے چوری میں ملوث گروہ کا سراغ لگا کر سرگرم گروہ کا ایک کارندہ مسمی روح اللہ ولد بخت روان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کا تعلق عنایت کلے سے ہے جو رات کو دکانوں سے چوری کرنے میں ملوث ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران انہوں نے اعتراف جرم کرلیا جن کے قبضہ سے ایک عدد بیٹری اور دیگر سامان برآمد کر لی گئی ہے۔ ملزم کیخلاف مقدمہ درج رجسٹرڈ کیا گیا جس سے مزید تفتیش جاری ہے اور ضلعی پولیس کو مزید اہم انکشافات کی توقع ہے۔ کامیاب کارروائی پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر باجوڑ نے تھانہ خار پولیس ٹیم کو شاباش دی اور انہیں اپنے دائرہ اختیار علاقے میں عوام کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے مزید موثر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔

بقیہ بقیہ جات 44

کے مقدمہ میں گرفتار کیا گیا تھا، ملزم نے مقتول کے پاس موجود رقم 45 لاکھ روپے کے حصول کیلئے اسے اپنے گھر بلا کر قتل کیا اور نعش کو سفاکانہ انداز میں تلف کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس سنیپ چیکنگ کے لئے علاقہ میں موجود تھی کہ ملزمان نے پولیس کو دیکھ کر فرار ہونے کی کوشش کی، پولیس نے ملزمان کا تعاقب کیا تو ملزمان نے چھتی قبرستان کے قریب پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کر دی، فائرنگ کے دوران ایک ملزم ہلاک ہوگیا جبکہ دو فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے، ہلاک ملزم کی شناخت مہر علی کے نام سے ہوئی، واقعہ کی اطلاع پر سینئر پولیس افسران موقع پر پہنچ گئے، فرار ملزمان کی گرفتاری کے لئے سرچنگ کی گئی، ہلاک ملزم مہر علی تھانہ سٹی اغواء و قتل کے مقدمہ میں گرفتار تھا جو گزشتہ شام تفتیش کے دوران شواہد کی برآمدگی و نشاندہی کے دوران فرار ہوگیا تھا، ملزم مہر علی اپنے خالہ زاد بھائی کے سفاکانہ قتل اور نعش کو تلف کرنے کے مقدمہ میں گرفتار کیا گیا تھا، ملزم نے مقتول کے پاس موجود رقم 45 لاکھ روپے کے حصول کے لیے اسے اپنے گھر بلا کر قتل کیا اور نعش کو سفاکانہ انداز میں تلف کر دیا تھا، ملزم سے تفتیش کے دوران مقتول سے چھینے گئے 43 لاکھ روپے برآمد ہو چکے تھے جس سے مزید اہم شواہد کے حصول کیلئے تفتیش کی جا رہی تھی، ملزم کی نشاندہی پر مقتول کے زیر استعمال گاڑی بھی برآمد ہو چکی تھی، نعش کو ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، فرار ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا، شہریوں کی جان و مال اور پولیس پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ بقیہ جات 45

کوہسار، تھانہ کراچی کمپنی، تھانہ سبزی منڈی، تھانہ نون، تھانہ کھنہ، تھانہ بنی گالہ، تھانہ شمس کالونی اور تھانہ کورال پولیس ٹیموں نے 11 ملزمان کو گرفتار کر کے ان قبضہ سے 20 لیٹر شراب، 3607 گرام ہیروئن، چار تمیں بور پستول معہ ایمونیشن اور آہنی مکہ برآمد کر لیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے، ایس ایس پی آپریشنز / انوسٹی گیشن ارسلان شاہزیب نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے

بقیہ بقیہ جات 46

مثبت سرگرمیاں آئندہ بھی منعقد کی جائیں گی۔ پاکستان نیوی کے کیپٹن فاروق ارباب و دیگر نے بھی شرکت کی۔ تقریب کے آخر میں تمام بچوں کو سرٹیفکیٹ اور ریفریشمنٹ پیش کی گئیں۔ اس کیمپ کا مقصد نوجوانوں کو سیلف ڈیفنس کی تکنیک، جیسے کلنگ اور

ہوئے موقع پر دم توڑ گیا۔ ریسکیو 1122 اہلکاروں نے ڈیڈ باڈی کو تحویل میں لے کر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال عارفوالا منتقل کر دیا پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

معمولی تکرار پر بات فائرنگ تک جا پہنچی جہاں مبینہ طور پر ایک کھلاڑی نے شہریار نامی جواں سال لڑکے کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ بتایا جاتا ہے کہ ایک روز قبل بھی دونوں کے مابین والی بال میچ کے دوران تکرار ہوئی تھی تاہم گزشتہ روز میچ کے دوران دوبارہ رنجش اور تکرار کے بعد مشتعل ہو کر نوجوان کو قتل کر دیا گیا۔ اتوار کو مقتول شہریار کو سینکڑوں اشکبار آنکھوں کے سامنے اپنے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ ادھر گزشتہ شام کوہاٹ شہر کے نواح میں واقع افغان مہاجرین کیمپ کھمکول میں فائرنگ سے نجیب اللہ ولد حاجی محمد موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ پولیس سٹیشن جنگل خیل نے واقعہ میں مبینہ طور پر ملوث ملزم کو بعد ازاں گرفتار کر کے واقعہ کی مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

کو ڈاکو راج سے نجات دلائی جائے۔ سکھر کے مقامی ہوٹل میں جماعت اسلامی سندھ کے امیر کاشف سعید شیخ کی صدارت میں اپر سندھ میں اغوا، ڈاکو راج، قبائلی تصادم کے خلاف اے پی سی میں امن ایکشن کمیٹی کے قیام کا اعلان 28 جنوری کو ایس پی دفاتر کے سامنے دھرنا، 16 فروری کو ببرلو اور شکارپور میں انڈس ہائی وے پر دھرنا دیا جائے گا، اس کے بعد بھی حکومت نے امن بحال نہیں کیا تو وزیراعلیٰ ہاؤس کا گھیراؤ اور اسلام آباد تک لانگ مارچ ہوگا۔ اے پی سی سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی سندھ کے امیر کاشف سعید شیخ نے کہا کہ حکومت کی نااہلی کی وجہ سے سارا سندھ بدامنی کی آگ میں جل رہا ہے۔ ہمارے بچے، کسان، خواتین اور صحافی ڈاکوؤں کی پرتشدد کارروائیوں سے محفوظ نہیں۔ عوام اور سیاسی جماعتوں کے بار بار احتجاج، سڑکیں بلاک کرنے کے باوجود حکومت اور ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ پولیس، رینجرز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں پر ہر سال اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود عوام عدم تحفظ کا شکار کیوں ہے؟ لگتا ہے کہ چوکیدار چوروں سے ملا ہوا ہے، سندھ میں پانی پر ڈاکہ، امن امان کی مخدوش صورتحال اور ڈاکو راج میں پیپلز پارٹی کی حکومت برابر کی شریک ہے، پانی پر ڈاکے سے لیکر سندھ میں ڈاکو راج تک خاموشی اختیار کی تو تاریخ ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گی۔ مزاحمت میں زندگی ہے اور غلامی موت ہے۔ جماعت اسلامی سندھ میں امن، پانی پر ڈاکہ اور سندھ کے وسائل کے تحفظ کے لیے پرامن اور جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی۔ سندھ کے حقوق اور مفادات کے لیے تمام سندھ دوست جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا ہوگا۔ کاشف شیخ نے مزید کہا کہ سندھ میں 16 سال سے پیپلز پارٹی کے ظلم و جبر کا دور ہے اور حکمران سندھ کے عوام کا خون پی رہے ہیں۔ امن کی بحالی کے لیے 155 ارب روپے اور آپریشن کے نام پر الگ بجٹ رکھا گیا لیکن اس کے باوجود سندھ کے عوام امن کیلئے ترس رہے ہیں۔ ہر ضلع میں پانچ سے چھ افراد کو اغوا کئے ہوئے ہیں۔ اپر سندھ کی 72 لاکھ آبادی اس وقت جرائم پیشہ افراد کے ہاتھوں یرغمال ہے۔ سندھ کو جان بوجھ کر وانا وزیرستان بنایا جا رہا ہے۔ اے پی سی میں 35 سے زائد سیاسی، سماجی، مذہبی قوم پرست جماعتوں، وکلاء، صحافیوں، اقلیتوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ملی یکجہتی کونسل سندھ کے صدر سابق ایم این اے اسد اللہ بھٹو نے کہا کہ سندھ صدیوں سے پرامن سرزمین رہی ہے، لیکن یہاں پر بدامنی کی آگ ہاتھ سے بھڑکائی گئی ہے۔ اے پی سی میں ایک ایکشن کمیٹی بنائی جائے جو یہاں کے منتخب اراکین اسمبلی سے ملاقاتیں کر کے اسمبلی میں آواز اٹھانے سمیت قیام امن کیلئے بھرپور کردار ادا کرنے پر زور دیا جائے۔ سابق ایم این اے میاں مٹھو نے کہا کہ پنجاب کے لوگوں نے اپنا پانی بھارت کو بیچ دیا ہے اور سندھ کے پانی پر ان کا کوئی حق نہیں ہے، ہی پیک گیس، بجلی، کوئلہ اور پیٹرول بھی یہاں سے پنجاب جاتا ہے۔ پنجاب نے اگر پانی پر ڈاکہ زنی کی کوشش کی تو بھرپور مزاحمت ہوگی. سندھ کا پانی روکنے کی طاقت کسی ماں کے لعل میں نہیں اس لیے اسلام آباد میں بیٹھے حکمران ہوش سے کام لیں۔ ایس ٹی پی کے عبدالفتاح سمیجو نے کہا کہ زرداری مافیا نے سندھ کے وسائل کا سودا کیا ہے، صرف چند اضلاع میں امن امان کا مسئلہ ہے لیکن پانی کا مسئلہ سندھ کے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ بن گیا ہے ایم ڈبلیو ایم کے مرکزی رہنما مقصود علی ڈومکی نے کہا کہ نااہل لوگوں کو فارم 47 پر جتوانے والی طاقتیں سندھ میں امن کی بدترین صورتحال پر کیوں خاموش ہیں؟۔ سندھ میں امن کی بحالی ریاست کی ذمہ داری ہے، اغوا کلچر سندھ کا دردناک پہلو ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

کی وارداتوں میں صدر ڈویژن 6 مقدمات کے ساتھ سرفہرست رہا، جبکہ کینٹ ڈویژن سے 5، ماڈل ٹاؤن اور سٹی ڈویژن سے ایک، ایک کار چھینی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 53

نے کہا کہ ملک میں وہ جمہوریت نہیں جو ہونی چاہیے، ملک میں 10 کروڑ انسان غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں، بین الاقوامی اور مقامی اسٹیبلشمنٹ اور ان کے جونیئر پارٹنرز کا آپس میں اتحاد ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ یہ اتحاد ہمارے خون پسینے کی کمائی نچوڑ کر ہمیں آپس میں تقسیم کرتا ہے، یہ سب مل کر کھاتے ہیں اور مل کر موجیں کرتے ہیں، 25 کروڑ عوام اس نظام کے اسیر ہیں جو ہم پر مسلط ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ خواتین کو وراثت کے حق سمیت تمام بنیادی حقوق دلائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 54

کو علاج معالجے کے لیے 15 لاکھ روپے جاری کئے گئے۔ رحیم یار خان کے زخمی کانسٹیبل اظہر اقبال کو طبی اخراجات اور سرگودھا کے زخمی کانسٹیبل زاہد رفیق کو علاج معالجے کیلئے فی کس 5 لاکھ روپے کے فنڈ جاری کیے گئے۔ میانوالی کے زخمی کانسٹیبل سیف اللہ کو طبی اخراجات، سرگودھا کے زخمی کانسٹیبل عمران علی کو علاج معالجے اور رحیم یار خان کے زخمی کانسٹیبل عمر وڈا کو طبی اخراجات کیلئے فی کس 3 لاکھ روپے جاری کیے گئے۔ راولپنڈی کے ہیڈ کانسٹیبل مزمل حسین کو علاج معالجے کیلئے دو لاکھ روپے دیئے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس عمران ارشاد کی زیر قیادت کمیٹی نے صوبہ بھر سے موصول کیسز اور دستاویزات کی سکروٹنی کے بعد فنڈز جاری کیے ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے فرض کی راہ میں زخمی ہونے والے پولیس ملازمین کی بہترین ہیلتھ ویلفیئر کیلئے اقدامات رواں سال بھی جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ غازی افسران و اہلکاروں کی جلد بحالی اور بہترین علاج معالجے کیلئے کوئی کسر نہ اٹھا رکھی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 55

ہے۔ یونیورسٹی روڈ کی کھدائی کی وجہ سے شدید ٹریفک جام رہتا ہے اور ہزاروں مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ کراچی سرکلر ریلوے کے اہم منصوبے کو جلد از جلد شروع کیا جائے اور مزید بسوں کو پیپلز بس سروس میں شامل کیا جائے۔ لاہور اور اسلام آباد جیسے جدید سفری نظام کو کراچی میں بھی متعارف کرایا جائے۔ کراچی انڈر گراؤنڈ ریل سسٹم اور ٹرام سروس کا بھی مستحق ہے۔ بلاول بھٹو لیاری ایکسپریس وے کو ہیوی ٹریفک کے لیے کھولنے اور گرین لائن بی آر ٹی کے دوسرے مرحلے کی تکمیل کے لیے اپنی ذاتی کوششیں بروئے کار لائیں۔ مسافروں کی سہولت کے لیے میگا سٹی کے تمام بی آر ٹی منصوبوں کو آپس میں جوڑا جائے۔ سپر ہائی وے کی گرین بیلٹس پر غیر قانونی قبضوں کا نوٹس لیا جائے۔ بہتر انفراسٹرکچر اور گڈ گورننس کے ساتھ کراچی، ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی میں ہمیشہ کی طرح اہم کردار ادا کرے گا۔ پاسبان اسٹیئرنگ کمیٹی کی میٹنگ میں گفتگو کرتے ہوئے پی ڈی پی کے چیئرمین الطاف شکور نے مزید کہا کہ ملیر ایکسپریس وے کا افتتاح کراچی کے عوام کے لیے ایک اچھی خبر ہے اور اس کا کریڈٹ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو اور وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کو جاتا ہے۔ کراچی کے ٹریفک جام کو کم کرنے کے لیے اس طرح کے درجنوں منصوبوں

کی فوری ضرورت ہے۔ لیاری ایکسپریس وے بندرگاہ سے متعلقہ ٹریفک کے ہجوم کو کم کرنے کا بڑا منصوبہ ہے لیکن افسوس کی بات ہے کہ اسے ہیوی ٹریفک کے لیے نہیں کھولا جا رہا جو کہ اس ایکسپریس وے کی تعمیر کا بنیادی مقصد تھا۔ گرین لائن بی آر ٹی منصوبہ بھی نامکمل ہے کیونکہ مزار قائد سے ٹاور تک اس کے دوسرے فیز پر کئی سالوں سے کام رکا ہوا ہے۔ سڑکوں سے تجاوزات ہٹائے بغیر ٹریفک کی روانی بہتر نہیں بنائی جاسکتی۔ کراچی کی سڑکوں پر بری طرح سے تجاوزات قائم ہیں۔ اقدامات اور آپریشن کرنے کے بعد یہ تجاوزات چند دنوں کے لئے ختم ہوجاتی ہیں اور پھر قائم بھی ہوجاتی ہیں کیونکہ پولیس تجاوزات کرنے والوں سے بھتہ لیتی ہے اور ان کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے سے کتراتی ہے۔ لیاقت آباد نمبر 10 سے تین ہٹی تک سڑک کنارے تجاوزات اس حوالے سے روشن مثال ہیں۔ حکومتی اہلکاروں اور ٹریفک پولیس نے ٹرانسپورٹرز کو سہراب گوٹھ سے پنجاب بس اڈہ تک سپر ہائی وے کی گرین بیلٹس پر غیر قانونی قبضہ کرنے کی اجازت دی ہوئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

تقریبات کیلئے خزانے سے ہر روز لاکھوں روپے کے اخراجات سے غریب عوام کا کیا بھلا ہو رہا ہے؟، گڈ گورننس نہ ہونے کی وجہ سے ابھی تک کسی منصوبے کے ثمرات عوام تک نہیں پہنچ سکے ۔ وفاقی اور پنجاب حکومت صوبے میں دودھ اور شہد کی نہریں بہا دینے کی دعویدار ہیں لیکن عوام کو دو وقت کی روٹی کے لالے پڑے ہوئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

جنوری 2025 تک سٹوڈنٹس کو چھٹیاں دی گئی تھیں اب دوبارہ تعلیمی ادارے کھل جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 58

کی۔ تقریب میں ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، سید علی ارتضی حسینی نے پریس کلب کے منتخب عہدیداران کو مبارکباد اور خراج تحسین کیا اور پریس کلب کے عہدیداران کی جانب سے صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کو سراتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی امید رکھتی ہے کہ نومنتخب پریس کلب کی باڈی آزادی صحافت اور ملک و قوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کریگی۔ جماعت اسلامی کا آزادی صحافت پر مکمل یقین ہے۔ جماعت اسلامی امید رکھتی ہے کہ نومنتخب پریس کلب کی باڈی آزادی صحافت اور ملک و قوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کریگی۔ قائدین نے کہا کہ پاکستان میں آزاد صحافت کی فضا تباہی کا شکار ہے۔ نااہل حکمرانوں آزادی صحافت پر قدغن لگانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ وی ٹی وی چینلز، انٹرنیٹ، سوشل میڈیا پر پابندیاں حکومتی بدنیتی کو عیاں کرتی ہے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ جماعت اسلامی ملک کے ہر شعبہ اور طبقے کی افراد کی نمائندہ جماعت ہے۔ جماعت اسلامی ہر شعبہ ہائے زندگی میں دین کا نظام اور عدل و انصاف چاہتی ہے۔ حکومت کو بجلی کی قیمتوں میں عوام کو ریلیف ہر صورت دینا پڑے گا۔ جماعت اسلامی ہر شعبہ ہائے زندگی میں دین کا نظام اور عدل و انصاف چاہتی ہے۔ حکمرانوں کے مہنگائی کے کم ہونے کے دعوے اور بجلی کی قیمتوں کی کے خالی اعلانات نا کافی ہے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر 17 تاریخ کو لاہور میں بھرپور احتجاج کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 59

کش پالیسیوں اور بے حسی نے پنجاب بھر کے ملازمین کو احتجاج پر مجبور کر دیا ہے گزشتہ 6 ماہ سے اساتذہ و ملازمین پُرامن احتجاج کر رہے ہیں لیکن حکومت ٹس سے مس نہیں ہوئی ملازمین کو بڑھتی ہوئی مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں میں اضافہ دینے کی بجائے پنشن و گریجویٹی، لیوانکیشمنٹ میں کمی، رول 17-اے کو ختم اور فیملی پنشن میں غیر منطقی اصلاحات کر کے ملازمین کے معاشی حقوق پر شب خون مارا ہے جبکہ پاکستان کے دیگر صوبوں میں اس طرح کا ظالمانہ سلوک نہیں کیا جا رہا صرف پنجاب میں ملازمین کے معاشی حقوق پر ڈاکہ سمجھ سے بالاتر ہے لہٰذا پنجاب بھر کے 10 لاکھ سے زائد سرکاری ملازمین یہ ظلم کسی صورت برداشت نہیں کریں گے وزیراعلیٰ پنجاب سے مطالبہ ہے کہ اولین فرصت میں آگیگا پنجاب کے (مطالبات) 1۔ پینشن، گریجویٹی اور لیوانکیشمنٹ کے نوٹیفکیشن واپس لیے جائیں۔ 2۔ رول 17۔اے اور فیملی پینشن کے نئے نوٹیفکیشن منسوخ کیے جائیں۔ 3۔ اداروں (سکولوں، ہسپتالوں، کالجوں، دیگر وفاقی وصوبائی محکمہ جات) کی نجکاری نہ کی جائے۔ بہتر اصلاحات لا کر قومی اثاثوں کو بچایا جائے۔ 4۔ تمام کنٹریکٹ ملازمین (AEO'sSSE's,، ڈیلی ویجز، ایڈہاک، کنٹیجنٹ، TLA) کو مستقل کیا جائے اور برطرف ملازمین کو بحال کیا جائے۔ 5۔ اپ گریڈیشن (نیشنل ہیلتھ پروگرام، صوبائی ملازمین بشمول اساتذہ اور وفاقی ملازمین کو صوبائی طرز پر) دی جائے۔ 6۔ پے اینڈ سروس پروٹیکشن دی جائے 7۔ تنخواہوں میں تفریق (ڈیسپیریٹی) کا خاتمہ کرتے ہوئے محروم ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔ 8۔ پے اینڈ پینشن کمیشن کی سفارشات کے مطابق ہاؤس رینٹ، کنوینس و میڈیکل الاؤنس اور ہائرنگ میں کم از کم 2 سو فیصد اضافہ کیا جائے۔ 9۔ حالیہ بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں پر ظالمانہ 100 فیصد ٹیکس اضافہ واپس لیا جائے اور اساتذہ و ریسرچرز کی حسب سابق ٹیکس ریبیٹ بحال کی جائے۔ 10- ریٹائرمنٹ پر گروپ انشورنس میچورٹی کلیم اور بنوالنٹ میں جمع شدہ رقم بمعہ منافع ادا کی جائے۔ کو تسلیم کریں ورگنہ احتجاجی شیڈول کے مطابق۔۔۔۔۔۔ 14، 15 جنوری کو پنجاب بھر میں سرکاری دفاتر میں قلم چھوڑ ہڑتال اور تعلیمی اداروں میں 11 بجے تا 1 بجے تعلیمی بائیکاٹ کیا جائے گا۔ دفاتر اور تعلیمی اداروں میں احتجاجی اجلاس اور باہر مظاہر یمنعقد ہوں گے۔ 2۔ 16 جنوری بروز جمعرات کو ضلعی صدر مقامات پر پرامن احتجاج کیا جائیگا۔ 3۔ 22 جنوری کو لاہور میں ناصر باغ تا پنجاب اسمبلی مرکزی احتجاجی ریلی ہوگی۔ جس میں پنجاب بھر کے ملازمین شامل ہوں گے (آغاز ریلی 11 بجے) 4۔ 10 فروری کو پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کے سامنے احتجاج/دھرنا دیا جائے گا

بقیہ بقیہ جات 60

کیا۔ اے سی شالیمار ڈاکٹر انعم فاطمہ نے ہربنس پورہ کے ڈی سی کاؤنٹرز اور ریڑھی بازار کی چیکنگ کی اور صفائی انتظامات اور سرکاری نرخ نامہ پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا نے تمام متعلقہ افسران کو صفائی اور تجاوزات کے خاتمہ کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

بقیہ بقیہ جات 61

نے ہمیں یہاں اکٹھا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر لڑکی کا حق ہے کہ وہ 12 سال کے لیے سکول جائے، اس کانفرنس کا مقصد پورا نہیں ہوگا اگر ہم افغان لڑکیوں کی تعلیم کی بات نہ کریں، طالبان نے خواتین کے حقوق چھیننے کے لیے 100 سے زائد قانون سازیاں کی ہیں، غزہ میں اسرائیل نے پورا تعلیمی نظام تباہ کر دیا ہے۔ ملالہ یوسف زئی کا کہنا تھا کہ پاکستان میں ساڑھے 12 ملین لڑکیاں سکول نہیں جاتیں، دنیا کے رنگوں میں پاکستانی لڑکیوں کا حصہ بھی درکار ہے۔

بعدالت جناب قیصر عباس صاحب
نائب تحصیلدار / ریونیو افیسر حلقہ تحصیل
افس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 9 ایم ایل متوفی: محمد صغیر ولد محمد یوسف

وارثان محمد یوسف والد سکینہ بیگم والدہ انوری زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ

زندہ نثار احمد گلزار احمد محمد مدثر محمد طارق پسران رخسانہ بی بی نصرت بی بی تسیم بی بی فرزانہ بی بی رضیہ بی بی نجمہ بی بی دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا

بااختیار عورت، ترقّی و خوشحالی کا نشان
بناؤ مضبوط پنجاب، خوشحال پاکستان

خواتین میری ریڈ لائن ہیں
ان پر تشدُّد یا ظُلم قطعاً برداشت نہیں ہے
(وزیرِاعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف)

وزیرِاعلیٰ پنجاب
مریم نواز شریف
کی خصوصی ہدایات پر

حکومتِ پنجاب خواتین کے
تحفُّظ اور حقوق کی پاسداری
کے لیے پُرعزم

- تاریخ میں پہلی بار ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن کا قیام
- کسی بھی ہنگامی صورتحال میں تحفُّظ کیلئے پنک بٹن سے فوری پولیس ہیلپ کا حصول
- وِیمن سیفٹی ایپ، پولیس پروٹیکشن ایپ کا اجراء
- ہیلپ لائن 1043، 24 گھنٹے 7 دن فعال
- جینڈر بیسڈ وائلنس کے ٹریکنگ سسٹم کا آغاز
- جائے ملازمت پر ہراسگی کیخلاف قانونی تحفظ

بدل ڈالو دنیا عورت کے مقام سے
عزت، اختیار اور احترام سے

حکومتِ پنجاب

SPL-80

رول 17-اے کا خاتمہ اور فیملی پنشن اصلاحات واپس لی جائیں، خالد جاوید سنگھیڑہ

پنجاب میں ملازمین کے معاشی حقوق پر ڈاکہ سمجھ سے بالاتر ہے لہٰذا پنجاب بھر کے 10 لاکھ سے زائد سرکاری ملازمین یہ ظلم کسی صورت برداشت نہیں کریں گے

14 تا 16 جنوری قلم چھوڑ ہڑتال، تعلیمی بائیکاٹ، 16 جنوری کو سول سیکرٹریٹ اور 22 جنوری کو ناصر باغ سے ریلی نکالی جائے گی، پروفیسر فائزہ رعنا

لاہور (خبر نگار) آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس (آگیگا) پنجاب کی مجلس عاملہ کا اجلاس چیئرمین خالد جاوید سنگھیڑہ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پروفیسر فائزہ رعنا، ضیاء اللہ نیازی، چوہدری بشیر احمد وڑائچ، رانا انوار الحق، مختار گجر، ثمینہ ناز، ڈاکٹر طارق کلیم، کاشف شہزاد چوہدری، رانا لیاقت علی، ذوالقرنین ملک، رانا احمد حسین، محمد اقبال ندیم پھل، راجہ کامران عزیز، لیاقت بیگ، محمد افضل مغل، منیر سندھو، ڈاکٹر طارق بلوچ، حسن رشید، انجم جیمز پال ودیگر نے شرکت کی۔ شرکاء نے متفقہ طور پر چارٹر آف ڈیمانڈ اور احتجاجی شیڈول کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت کی ملازمین (بقیہ نمبر 59)

آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پنجاب کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں پروفیسر فائزہ رعنا بریفنگ دے رہی ہیں

حکومت کو بجلی کی قیمتوں میں عوام کو ریلیف ہر صورت دینا پڑیگا، ضیاء الدین انصاری

جماعت اسلامی ہر شعبہ ہائے زندگی میں دین کا نظام اور عدل وانصاف چاہتی ہے، حکمرانوں کے مہنگائی کے کم ہونے کے دعوے اور بجلی کی قیمتوں کی کمی کے خالی اعلانات ناکافی ہے

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر 17 تاریخ کو لاہور میں بھرپور احتجاج کریں گے، امیر جماعت اسلامی لاہور، امیر غربی لاہور علی ارتضیٰ حسینی ودیگر ذمہ داران کا خطاب

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی غربی لاہور کے زیر اہتمام پریس کلب کے عہدیداران کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد منصورہ ڈگری کالج وحدت روڈ پر کیا گیا۔ تقریب کی صدارت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور امیر جماعت اسلامی غربی لاہور سید علی ارتضیٰ حسینی نے کی تقریب میں سیکرٹری طلحہ ادریس، سربراہ میڈیا سیل لاہور عبدالعزیز عابد، مہمانان خصوصی عبدالمجید ساجد سابق سیکرٹری پریس کلب لاہور، محبوب چوہدری، مدثر شیخ، سید بدر سعید، محمد فاروق بھٹی، شاکر اعوان حامد ریاض ڈوگر، حافظ محمد حسان، چوہدری محمد آصف ودیگر ذمہ داران نے شرکت (بقیہ نمبر 58)

استقبالیہ تقریب
جماعت اسلامی ضلع لاہور غربی
Maudoodi Institute

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ غربی لاہور کے زیر اہتمام پریس کلب کے عہدیداران کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں، جبکہ سٹیج پر امیر غربی لاہور علی ارتضیٰ حسینی، سیکرٹری طلحہ ادریس، سربراہ میڈیا سیل لاہور عبدالعزیز عابد ودیگر ذمہ داران موجود ہیں

ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کے لیے 10 لاکھ سے زائد افراد نے رحم کی پٹیشن پر آن لائن دستخط کردیئے

کراچی (این این آئی) ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے لیے امریکی صدر جو بائیڈن کو رحم کی درخواست (mercy petition) پر دس لاکھ سے زائد افراد نے آن لائن دستخط کردیئے ہیں جس میں ہر گھنٹے بعد ہزاروں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق عافیہ (بقیہ نمبر 36)

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا قذافی اسٹیڈیم کا اچانک دورہ

انشاءاللہ جدید سہولتوں سے آراستہ قذافی اسٹیڈیم رواں ماہ مکمل ہوجائے گا، چیئرمین پی سی بی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے قذافی اسٹیڈیم کا اچانک دورہ کیا اور تعمیراتی کاموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے مین بلڈنگ کے فنشنگ کاموں کا معائنہ کیا اور اس موقع پر انہوں نے فنشنگ ورک کو ہر صورت جلد (بقیہ نمبر 34)

گورنرز سمٹ اتحاد، یکجہتی اور مشترکہ ترقی کے عزم کی علامت ہے، کامران ٹیسوری

گورنر سندھ کا گورنر ہاؤس میں پہلی تاریخ ساز گورنرز سمٹ کے اختتام پر پروقار عشائیے سے خطاب

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ پہلی گورنرز سمٹ قومی ہم آہنگی کو مزید فروغ دینے میں کلیدی کردار ادا کرے گی، گورنرز سمٹ اتحاد، یکجہتی اور مشترکہ ترقی کے عزم کی علامت ہے۔ ان خیالات کا اظہار گورنر سندھ نے گورنر ہاؤس میں پہلی تاریخ ساز گورنرز سمٹ (بقیہ نمبر 35)

خیبرپختونخوا حکومت نے خاندان کے سربراہ کے انتقال پر ورثاء کی مالی مدد کا اعلان کردیا

پشاور (این این آئی) خیبرپختونخوا حکومت نے عوام دوست اقدامات کرتے ہوئے خاندان کے سربراہ کے انتقال پر ورثاء کی مالی مدد کا اعلان کر دیا۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کے مطابق خاندان کے سربراہ کے انتقال کی صورت میں ورثاء کی مالی معاونت کی جائے گی۔ علی امین گنڈاپور کے مطابق 60 سال سے کم عمر خاندان کا سربراہ انتقال کر جائے تو اہل خانہ کو 10 لاکھ روپے ملیں گے جبکہ 60 سال سے زائد عمر کے سربراہ کے انتقال پر اہلخانہ کو 5 لاکھ روپے دیے جائیں گے۔

اورنگی پولیس نے اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا

کراچی (این این آئی) اورنگی پولیس نے اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایس ایس پی ویسٹ کے مطابق پولیس نے بلوچ گوٹھ میں کارروائی کرکے ملزم شیر علی ولد غلام رسول بخش کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم سے غیر قانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن، موبائل فون اور نقدی رقم برآمد ہوئی۔ ترجمان کے مطابق ملزم کے خلاف سندھ اسلحہ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کردیا گیاہے۔

ڈی سی لاہور کا تحصیل کینٹ کا دورہ، صفائی انتظامات کا جائزہ لیا

گرین بیلٹس سے تجاوزات کے فی الفور خاتمے کے لئے واضح ہدایات جاری کیں

لاہور: (کرائم رپورٹر) ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے تحصیل کینٹ کے مختلف مقامات کے دورے کیے اور صفائی انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کلین مشن کو عملی جامہ پہنانے کے لئے متحرک ہیں۔ ڈی سی لاہور نے سی او ایم سی ایل شاہد عباس کاٹھیا، اسسٹنٹ کمشنر کینٹ فاطمہ ارشد، ڈپٹی سی او ایل ڈبلیو ایم سی ودیگر کے ہمراہ تحصیل کینٹ کے مختلف مقامات کے دورے کئے، اس دوران کے بی کالونی بھٹہ چوک کے اطراف میں نالہ، گرین سٹی، برکی روڈ اور پیراگون سوسائٹی کے اطراف صفائی اقدامات کا جائزہ لیا۔ کے بی کالونی بھٹہ چوک نالہ میں واسا حکام کو نالہ کی صفائی کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ سید موسیٰ رضا گرین سٹی کے قریب ناقص صفائی انتظامات پر برہم، فی الفور بہتری کی ہدایت کی، انہوں نے کہا ایل ڈبلیو ایم سی اور واسا مل کر نالہ میں صفائی معاملات کو دیکھیں اور (بقیہ نمبر 38)

آئندہ انتخابات میں پی ٹی آئی واضح اکثریت حاصل کریگی، مسرت چیمہ

اصلاحات، ترقی کا سفر وہیں سے شروع کریں گے جہاں سازش کے ذریعے ختم کیا گیا تھا، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت آگے دوڑ پیچھے چھوڑ کی پالیسی پر گامزن ہے، ذاتی خودنمائی میں چچا کو بھی پیچھے چھوڑ دیا گیا ہے، جب بھی انتخابات ہوں گے پی ٹی آئی وفاق سمیت چاروں صوبوں میں اکثریت حاصل کرے گی۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ بتایا جائے پنجاب کی نام نہاد وزیر اعلیٰ کی (بقیہ نمبر 56)

کراچی کا ناقص انفراسٹرکچر، فوری حکومتی توجہ کا منتظر ہے، الطاف شکور

ہائی وے کی گرین بیلٹس پر غیر قانونی قبضوں کا نوٹس لیا جائے، چیئرمین پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے ذوالفقار علی بھٹو ایکسپریس وے کے پہلے مرحلے کے افتتاح پر مبارکباد دیتے ہوئے وفاقی، صوبائی اور شہری حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ وہ کراچی کے ناقص انفراسٹرکچر پر خصوصی توجہ دیں اور اس کی تعمیر وترقی کے لئے مناسب فنڈز فراہم کریں۔ ریڈ لائن بی آر ٹی پر کام تیز کیا جائے کیونکہ یہ کراچی کا اہم منصوبہ (بقیہ نمبر 55)

محمد ارشد بٹ نے سروسز ہسپتال میں کئی ماہ کے بعد دوبارہ ڈیوٹی جوائن کرلی

لاہور (سٹاف رپورٹر سے) صوبائی صدر پنجاب پیرامیڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن محمد ارشد بٹ نے گزشتہ روز سروسز ہسپتال میں کئی ماہ کے بعد دوبارہ ڈیوٹی جوائن کرلی، ارشد بٹ کی سروسز ہسپتال آمد پر پیرامیڈیکل سٹاف نے ان کا بھرپور استقبال کیا، ڈیوٹی پر بحال ہوتے ہی پیرامیڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر ارشد بٹ نے کہا کہ مجھ پر جو سنگین الزامات لگائے گئے تھے۔

سائلین کو بلاوجہ دفاتر کے چکر نہ لگوائے جائیں: ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ

قانون کے مطابق فوری مسائل کو حل، شکایات کا ازالہ کیا جائے، نوید احمد

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا ہے کہ سائلین کو بلاوجہ دفاتر کے چکر نہ لگوائے جائیں۔ قانون کے مطابق فوری مسائل کو حل، شکایات کا ازالہ کیا جائے۔ تمام سرکاری دفاتر میں پبلک ڈیلنگ کے اوقات صبح 10 بجے سے ساڑھے 12 پر بھی عملدرآمد جاری، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس انیشی ایٹیوز کے تحت روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں سائلین کے مسائل کی سماعت اور موقع پر متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے سائلین کی فوری داد رسی کے احکامات دیئے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی احکامات جاری کئے۔

طالبان خواتین کو انسان نہیں سمجھتے، ایک دہائی سے تعلیم کا حق چھین رکھا ہے، ملالہ یوسفزئی

اس کانفرنس کا مقصد پورا نہیں ہوگا اگر ہم افغان لڑکیوں کی تعلیم کی بات نہ کریں، غزہ میں اسرائیل نے پورا تعلیمی نظام تباہ کردیا

سکول جانا ہر لڑکی کا حق، دنیا کے رنگوں میں پاکستانی لڑکیوں کا حصہ بھی درکار، نوبیل امن انعام یافتہ کا عالمی کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نوبیل امن انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی نے کہا ہے کہ طالبان خواتین کو انسان نہیں سمجھتے، ایک دہائی سے طالبان نے خواتین سے تعلیم کا حق چھین رکھا ہے۔ اسلام آباد میں منعقدہ مسلم معاشروں میں لڑکیوں کی تعلیم، مواقع اور چیلنجز کے عنوان پر عالمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ملالہ یوسفزئی کا کہنا تھا کہ پاکستان سے میں نے اپنا سفر شروع کیا اور میرا دل ہمیشہ پاکستان میں رہتا ہے، مسلم ورلڈ لیگ کا شکریہ جنہوں (بقیہ نمبر 61)

اسلام آباد، آئی جی سید علی ناصر رضوی شہید کانسٹیبل زبیر حسین بخاری کا آخری دیدار کررہے ہیں

لاہور، شہری مال روڈ پر لگے سٹالز سے ڈرائی فروٹ خرید رہے ہیں

جیولرز ایسوسی ایشن 2025 کے سالانہ انتخابات 2025 مکمل

عبدالمجید مغل (صدر) سینئر نائب صدر غلام اصغر پیرزادہ، نائب صدر محمد یونس راجپوت منتخب

محراب پور (مانیٹرنگ ڈیسک) جیولرز ایسوسی ایشن 2025 کے سالانہ ہونے والے انتخابات میں عبدالمجید مغل (صدر) سینئر نائب صدر غلام اصغر پیرزادہ، نائب صدر محمد یونس راجپوت، جنرل سیکرٹری حاجی محمد اسلم راجپوت، آفس سیکرٹری جاوید راجپر عرف جانی، خزانچی۔ عرفان علی پیرزادہ۔، پریس سیکریٹری رانا ندیم احمد عہدیداران بھاری اکثریت سے کامیاب۔ انتخابات کی نگرانی سرپرست اعلیٰ صرافہ محراب پور عبدالفتاح پیرزادہ، سرپرست اعلیٰ جیولرز نوشہرو فیروز معروف پیرزادہ نے کی اور منتخب کابینہ کو مبارکباد اور پھولوں کے ہار پہنائے گئے نومنتخب کابینہ کو شیلڈ سے بھی نوازا گیا۔

یا اقصیٰ
جماعت اسلامی
Where is Humanitarian Intervention?
KARACHI

کراچی، جماعت اسلامی کے زیر اہتمام ریلی نکالی گئی ہے

خواتین کو بااختیار بنانے میں تعلیم کا سب سے اہم کردار ہے، خالد مقبول صدیقی

مسلم ورلڈ لیگ نے بہت اہم موضوع پر تعلیمی کانفرنس کا انعقاد کیا، پاکستان میں کانفرنس کا انعقاد ہمارے لیے خوش آئند ہے

تعلیمی کانفرنس کے اختتام پر ایک نئے سفر کا آغاز ہو رہا ہے، پاکستان میں ہر لڑکی کیلئے معیاری تعلیم کی رسائی ممکن بنائیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ مسلم ورلڈ لیگ نے بہت اہم موضوع پر تعلیمی کانفرنس کا انعقاد کیا، پاکستان میں کانفرنس کا انعقاد ہمارے لیے خوش آئند ہے۔ مسلم معاشروں میں لڑکیوں کی تعلیم کے مواقع اور چیلنجز عنوان سے عالمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی کا کہنا تھا کہ خواتین کو بااختیار بنانے میں تعلیم کا سب سے اہم کردار ہے۔ وفاقی وزیر تعلیم نے کہا (بقیہ نمبر 39)

لاہور، طالبات نیلا گنبد چوک میں لگے سٹالز پر پرانی کتابیں دیکھ رہی ہیں

درہ آدم خیل، والی بال میچ کے دوران معمولی تکرار، نوجوان کھلاڑی کو قتل

افغان مہاجرین کیمپ کھمکول میں فائرنگ سے ایک افغان مہاجر جاں بحق ہوگیا

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ کے قبائلی سب ڈویژن درہ آدم خیل میں والی بال میچ کے دوران معمولی تکرار پر نوجوان کھلاڑی کو فائرنگ کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا جبکہ کوہاٹ کے نواح میں واقع افغان مہاجرین کیمپ کھمکول میں فائرنگ سے ایک افغان مہاجر جاں بحق ہوگیا۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز درہ آدم خیل کے نواحی علاقہ قاسم خیل میں والی بال میچ کے دوران معمولی تکرار پر بات فائرنگ تک جا پہنچی جہاں مبینہ طور پر ایک کھلاڑی نے شہریار نامی جواں سال لڑکے کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ بتایا جاتا ہے کہ ایک روز قبل بھی دونوں کے مابین والی بال میچ کے دوران تکرار ہوئی تھی (بقیہ نمبر 50)

جنرل ہسپتال میں دس سالہ منال کی کامیاب برونکوسوپی کے بعد پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر بچی کی خیریت دریافت کررہے ہیں

پروڈکشن بونس فنڈ کا منصفانہ استعمال ہر صورت یقینی بنایا جائیگا، وزیر قانون کے پی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر قانون و پارلیمانی امور آفتاب عالم آفریدی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پروڈکشن بونس فنڈ کے شفاف اور منصفانہ استعمال کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور ایک ایک پائی عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کی جائے گی، مذکورہ فنڈ کے تحت ہر علاقے کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر ہاؤس کوہاٹ میں پروڈکشن بونس فنڈ کے حوالے سے منعقدہ (بقیہ نمبر 37)

جماعت اسلامی کے تحت سکھر میں بدامنی اور ڈاکوراج کیخلاف آل پارٹیز کانفرنس

سکھر (این این آئی) سندھ کی مختلف سیاسی، سماجی، مذہبی، قوم پرست جماعتوں، وکلاء، صحافیوں، اقلیتی نمائندوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے سندھ میں بدامنی اور ڈاکوراج کو سندھ میں پیپلز پارٹی کی حکومت کی ناکامی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ آئی جی سندھ پولیس کو ہٹایا جائے۔ سندھ میں امن امان کی بحالی اور جرائم کے خاتمے کے لیے جرائم پیشہ عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بنا کسی فرق کے آپریشن کر کے اچھی شہرت کے حامل پولیس افسران کو تعینات کیا جائے اور عوام (بقیہ نمبر 51)

خیرپور پولیس کا انوکھا کارنامہ، معصوم بچوں پر جھوٹا مقدمہ درج

ڈی آئی جی سکھر کا نوٹس، ڈی ایس پی اوباڑو حافظ عبدالقادر سومرو کو انکوائری آفیسر مقرر کردیا

خیرپور (این این آئی) خیرپور پولیس کی جانب سے 5ویں جماعت کے طلبہ پر جھوٹا مقدمہ درج کیے جانے کا انوکھا واقعہ سامنے آیا ہے، جس پر ڈی آئی جی سکھر نے فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی اوباڑو حافظ عبدالقادر سومرو کو انکوائری آفیسر مقرر کر دیا ہے۔ انکوائری آفیسر کو دو دن میں اپنی رپورٹ ڈی آئی جی سکھر کو پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق نئے سال کی رات، خیرپور کی مل کالونی چوکی کے انچارج عبدالجبار پھلپوٹو نے 10 سالہ عدنان شاہ اور 11 سالہ کاشف شاہ کے خلاف فائرنگ کا جھوٹا مقدمہ درج کیا تھا۔ یہ اقدام پولیس کی مبینہ زیادتی اور رشوت خوری کے ایک اور (بقیہ نمبر 47)

نوجوان سیلف ڈیفنس کی مہارت حاصل کریں، سنی پرویز

ونٹر کیمپ گالا کا انعقاد خوش آئند، آئندہ بھی منعقد کئے جائیں، کامران قریشی

کراچی (این این آئی) اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ حکومت سندھ کے تعاون سے 23 دسمبر سے 30 دسمبر تک ونٹر کیمپ گالا 2024 کا انعقاد پی ٹی تائیکوانڈو اکیڈمی ملیر میں کیا گیا، جس میں 40 طلبہ و طالبات نے شرکت کی کیمپ کی قیادت کامران قریشی نے کی، جبکہ منیزہ اکرم اور طلحہ نے معاونت فراہم کی۔ مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر ملیر سنی پرویز نے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان سیلف ڈیفنس کی مہارت حاصل کریں۔ نوجوانوں کیلئے (بقیہ نمبر 46)

کوئٹہ، شہری سڑک کنارے لگے سٹال سے اشیاء خرید رہے ہیں

حکمران مل کر کھاتے اور مل کر موجیں کرتے ہیں، حافظ نعیم

ملک میں صحت وتعلیم کی سہولیات ہیں نہ روزگار کے مواقع، ہمیں موقع ملا تو ملک میں عدل کا نظام نافذ کریں گے، امیر جماعت اسلامی

ملک میں وہ جمہوریت نہیں جو ہونی چاہیے، ملک میں 10 کروڑ انسان غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں، تقریب سے خطاب

مردان (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکمران مل کر کھاتے ہیں اور مل کر موجیں کرتے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے مردان میں دارالعلوم تفہیم القرآن کا دورہ کیا جہاں انہوں نے فارغ التحصیل علماء اور مفتیوں میں اسناد تقسیم کیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں صحت وتعلیم کی سہولیات ہیں نہ روزگار کے مواقع، ہمیں موقع ملا تو ملک میں عدل کا نظام نافذ کریں گے۔ انہوں (بقیہ نمبر 53)

اعلان تقرری
ABC CERTIFIED
قوت
امیر احمد خان
کرائم رپورٹر عارفوالا
0300-7581481
مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔
ادارہ

احمد یار، تیز رفتار کار ٹائر برسٹ ہونے سے درخت سے ٹکرا گئی، 40 سالہ ڈرائیور جاں بحق

احمدیار (این این آئی) تیز رفتار کار ٹائر برسٹ ہونے سے درخت سے ٹکرا گئی، 40 سالہ ڈرائیور جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق ساہیوال روڈ پر E B / 6 / 26 اسٹاپ کے نزدیک تیز رفتار کار نمبر 503/AJK کا ٹائر برسٹ ہونے سے بے قابو ہوکر درخت سے ٹکرا گئی جس کے نتیجہ میں 40 سالہ ڈرائیور زخموں کی تاب نہ لاتے (بقیہ نمبر 49)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

دوران ڈیوٹی زخمی اہلکاروں کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری

کمپنسیشن ایوارڈ کمیٹی کی جانب سے اہلکاروں کے طبی اخراجات کیلئے مزید 36 لاکھ روپے کی منظوری

لاہور (نیوز رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے 2025 میں بھی دوران ڈیوٹی زخمی اہلکاروں کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں جس کے تسلسل میں کمپنسیشن ایوارڈ کمیٹی کی جانب سے اہلکاروں کے طبی اخراجات کیلئے مزید 36 لاکھ روپے کی منظوری دے دی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ پی ایچ پی گوجرانوالہ کے زخمی ایس پی فاروق احمد بھٹہ (بقیہ نمبر 54)

لاہور میں گزشتہ سال 468 کاریں چوری، 13 اسلحہ کے زور پر چھینی گئیں

کینٹ ڈویژن 96 مقدمات کیساتھ سرفہرست، صدر ڈویژن کا 94 وارداتوں کے ساتھ دوسرا نمبر

لاہور (این این آئی) لاہور میں سال 2024 کے دوران 468 کاریں چوری جبکہ 13 اسلحہ کی نوک پر چھینی گئیں۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق کار چوری کی وارداتوں میں کینٹ ڈویژن 96 مقدمات کے ساتھ سرفہرست رہا، صدر ڈویژن کار چوری کی 94 وارداتوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا، ماڈل ٹاؤن ڈویژن کار چوری کے 90 مقدمات کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ اس کے علاوہ اقبال ٹاؤن ڈویژن سے 76، سٹی ڈویژن سے 60 کاریں چور لے اڑے، جبکہ سول لائنز ڈویژن میں گزشتہ سال کار چوری کے 52 مقدمات درج کئے گئے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق گن پوائنٹ پر کار چھیننے (بقیہ نمبر 52)

چوہدری شافع حسین نے ڈنگہ میں سپورٹس اسٹیڈیم کا سنگ بنیاد رکھ دیا

سپورٹس اسٹیڈیم 6 ماہ میں مکمل ہوگا اور 100 ملین روپے لاگت آئے گی

سابق حکمرانوں نے ترقیاتی منصوبوں کے نام پر قومی وسائل کی لوٹ مار کے سوا کچھ نہیں کیا، وزیر صنعت وتجارت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے گجرات کے علاقے ڈنگہ میں میجر اکرم شہید سپورٹس اسٹیڈیم کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ سپورٹس اسٹیڈیم کی تعمیر کا کام 6 ماہ میں مکمل ہوگا اور اس پر 100 ملین روپے لاگت آئے گی۔ سپورٹس اسٹیڈیم میں کرکٹ، فٹ بال، کبڈی اور دیگر کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوں گے۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اہل علاقہ کو 4 ایکڑ رقبے پر بننے والے اسپورٹس اسپورٹس اسٹیڈیم کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس اسٹیڈیم کی تکمیل سے نوجوانوں کو سپورٹس سرگرمیوں کیلئے زبردست سہولت ملے گی۔

اسلام آباد، سنگین جرائم میں ملوث 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرکے قبضہ سے شراب، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ (بقیہ نمبر 45)

12 سال بعد ایف پی سی سی آئی کا وفد بنگلا دیش پہنچ گیا

کراچی (این این آئی) وفاق ایوانہائے صنعت وتجارت (ایف پی سی سی آئی) کا وفد بنگلا دیش پہنچ گیا۔ سینئر نائب صدر ایف پی سی سی آئی ثاقب فیاض مگوں نے ڈھاکا سے ویڈیو بیان جاری کردیا۔ ثاقب فیاض مگوں نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ 12 سال بعد فیڈریشن چیمبر کا وفد بنگلا دیش آیا ہے، فیڈریشن چیمبر کے وفد کی بنگلا دیشی چیف ایڈوائزر اور منسٹری آف کامرس سے ملاقاتیں ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ بنگلا دیش فیڈریشن چیمبر اور (بقیہ نمبر 41)

سانگھڑ میں خاتون کی تشدد زدہ لاش برآمد ہونے کا ڈراپ سین، قتل میں مقتولہ کا سگا بھائی اور کزن ملوث نکلے

سانگھڑ (این این آئی) سندھ کے ضلع سانگھڑ کے علاقے سنجھورو میں خاتون کی تشدد زدہ لاش برآمد ہونے کا ڈراپ سین ہوگیا، قتل میں مقتولہ کا سگا بھائی اور کزن ملوث نکلے۔ گزشتہ ماہ 5 دسمبر کو سانگھڑ کے علاقے سنجھورو تھانے کی حدود میں ڈپٹی گوٹھ سے خاتون کی تشدد زدہ لاش برآمد ہونے پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں مقتولہ کا سگا بھائی سلمان آرائیں، بہنوئی عرفان آرائیں (بقیہ نمبر 42)

پولیس اور انٹرپول کی مشترکہ کارروائی، بیرون ملک مفرور اشتہاری گرفتار

پنجاب پولیس نے بیرون ملک مفرور اشتہاری ارسلان اشرف کو جنوبی افریقہ سے گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس اور انٹرپول کی مشترکہ کارروائیاں جاری ہیں جس کے تسلسل میں بیرون ملک مفرور اقدام قتل میں ملوث اشتہاری کو گرفتار کر کے پاکستان منتقل کر دیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ پنجاب پولیس نے بیرون ملک مفرور اشتہاری ارسلان اشرف کو جنوبی افریقہ سے گرفتار کرلیا ہے۔ اشتہاری مجرم ارسلان (بقیہ نمبر 40)

باجوڑ، رات کو دکانوں سے چوری کرنیوالا گروہ کا ایک کارندہ گرفتار

گزشتہ 30 دسمبر کو ایک شہری مسمی محمد طارق ولد محمد شفیق سکنہ بھائی چینہ کی رپورٹ کا سختی سے نوٹس

باجوڑ (این این آئی) باجوڑ میں تھانہ خار پولیس ٹیم نے رات کو دکانوں سے چوری کرنے والا گروہ کا ایک کارندہ گرفتار کرکے مال مسروقہ بیٹری اور دیگر سامان برآمد کرلیا۔ گزشتہ 30 دسمبر کو ایک شہری مسمی محمد طارق ولد محمد شفیق سکنہ بھائی چینہ کی رپورٹ کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر باجوڑ وقاص رفیق کی ہدایت پر سرکل ڈی ایس پی خار عبدالعزیز کی نگرانی میں ایس ایچ او خار سعید (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی، 3 ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، ایک ملزم ہلاک، دو فرار

گزشتہ شام تفتیش کے دوران شواہد کی برآمدگی ونشاندہی کے دوران فرار ہوگیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ پیرودھائی کے علاقہ میں رات گئے 3 ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، فائرنگ کے دوران ایک ملزم ہلاک ہوگیا جبکہ دو فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوئے، ہلاک ملزم مہر علی تھانہ سٹی اغواء وقتل کے مقدمہ میں گرفتار تھا جو گزشتہ شام تفتیش کے دوران شواہد کی برآمدگی ونشاندہی کے دوران فرار ہوگیا تھا، ملزم مہر علی اپنے خالہ زاد بھائی کے سفاکانہ قتل اور نعش کو تلف کرنے (بقیہ نمبر 44)

لاہور، شاہدرہ میں نامعلوم وجوہات پر خودکشی کرنیوالے بلال کی لاش ہسپتال میں پڑی ہے